میرے بھائی عبدالرحمٰن جو بغرض بزرگوں کی زیارت اور روزی کماتے بمع اہل وعیال عراق تشریف لے گئے۔ انہوں نے بتایا کہ اجنبی ہونے کی صورت میں وہ بغداد شریف میں حضرت سید عبدالقادر جیلانی محبوب سبحانی قطب ربانی کے مزار پر حاضری دینے کے لیے روزانہ جاتے تھے۔ وہاں اُن کی کوئی جان پہچان نہیں تھی۔ لہٰذا اُن کی مُلاقات بزرگ صوفی بابا غلام حسین سے ہوئی۔ جو اُس وقت سید عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے مزار کے ساتھ حُجرہ میں رہتے تھے۔ انہوں نے وہاں کے گدی نشین سے عبدالرحمٰن کی ملاقات کروائی۔ پھر عبدالرحمٰن وہیں کا ہو رہا۔ تمام مزار کا کام اور سید محمد یوسف گیلانی جو گدی نشین تھے اُن کے گھر کا کام بابا غلام حسین رحمۃ اللہ علیہ کی وساطت سے شروع کیا۔ ۱۴ سال عبدالرحمٰن نے وہاں گزارے۔

بھائی ہونے کے ناطے سے انہوں نے بتایا کہ تمام پاکستانی بابا غلام حسین کے پاس حاضری دیتے اور جو اُن کے خطوط گھروں سے آتے وہ معرفت بابا غلام حسین کے آتے۔ یوں سمجھیں کہ بابا غلام حسین پاکستان کی جانب سے ایک روحانی سفیر تھے۔ ہر آنے والے کو کھانا کھلاتے اور غوث اعظم کے لیے جو لنگر پکتا تھا۔ یا تقسیم ہوتا تھا۔ ان کا مکمل ذمہ بابا غلام حسین کے ذمے تھا۔

ذری مبارک (خزانہ) سے جو رقم نکالی ہوتی تھی۔ ان کا ذمہ صرف بابا غلام حسین کا تھا۔ وہی ذری مبارک کا تالا کھولتے اور ہر ہفتے رقم نکال کر گنتے پھر حضرت سید محمد یوسف گیلانی کے سپرد کر دیتے۔ کسی کی مجال نہیں کہ بابا غلام حسین پر کوئی اُنگلی اٹھائے کہ انہوں نے حساب میں کوئی گڑبڑ کی ہو۔ عبدالرحمٰن نے وہاں رہ کر حج کی سعادت بھی حاصل کی۔ انہوں نے بتایا کہ بابا غلام حسین کے پاس

Marfat.com

پاکستانیوں کا ہر وقت میلہ لگا رہتا تھا - ایک سچے دیندار اور روحانی بزرگ تھے
ہر آنے والے کو اپنے حجرہ مبارک سے کھانا کھلاتے - ایک چھوٹی سی دیگچی جس میں کھانا
پکا کر رکھ دیتے کئی دنوں تک وہی کھانا سب کو دیتے نہ وہ ختم ہوتا اور نہ ہی خراب
ہوتا تھا - لوگ حیران تھے کہ اُن کے ہاتھ میں اتنی لذت تھی کہ طعام کھانے والے
یہی چاہتے تھے کہ کھاتے چلے جائیں - ادھر لنگر کا یہ حال تھا کہ دیگچی کا کھانا ختم
ہونے کا نام ہی نہیں لیتا تھا - پھر نہ کوئی بُو آتی نہ کھانا خراب ہوتا - حالانکہ
کئی دنوں تک ایک ہی دیگچی میں کھانا پڑا رہتا - لنگر کے چاول وہ اپنے ہاتھوں سے
دیگ میں پکاتے - ایک دفعہ مزار شریف کے اندر جو مینار تھا - اُس کی گھڑی خراب
ہو گئی - میرا بھائی عبدالرحمٰن اُس کو ٹھیک کرنے کے لئے کئی بار مینار پر چڑھ گیا
مگر اوپر جا کر بیمار ہو جاتا - نیچے اترتا تو ٹھیک ہو جاتا - بابا غلام حسین سے
عرض کی کیا بات ہے تو انہوں نے فرمایا کہ باوضو ہو کر اوپر جائیں - اگر بغیر وضو
کے اوپر جائیں گے تو بیمار ہو جائیں گے -

میں اُن دنوں پرنسپل گورنمنٹ کالج آف فزیکل ایجوکیشن کے فرائض انجام
دے رہا تھا - کہ بھائی عبدالرحمٰن کا خط ملا - بندہ کو شروع ہی سے صوفیائے کرام
اور فقیروں سے اللہ تعالیٰ کے کرم سے لگن تھی - جہاں کوئی فقیر یا ولی کا پتہ چلتا
وہاں پہنچ جاتا - اُس خط میں لکھا تھا کہ ایک بڑے بزرگ بزرگ ہر سال حضرت غوث اعظم
کے مزار پر چلہ کاٹ کر واپس لاہور (نیاز سگیاں کلاں) آ رہے ہیں - اُن سے فیض
حاصل کریں اور حاضری کا سلسلہ شروع کر دیں - بندہ نے اُسی وقت اپنا سکوٹر نکالا
اور بڑی کوششوں اور دشوار راستوں سے گزر کر بابا غلام حسین کی زیارت کے لئے
نیاز سگیاں پہنچا - پتہ چلا کہ آپ مسجد میں قرآن مجید کی تلاوت کر رہے ہیں - میں بھی
اُن کے پاس جا کر بیٹھا رہا وجیہہ قد، نورانی چہرہ، رخسار مبارک پر آنسو گر رہے

Marfat.com

کو راستہ بنا چکے تھے۔ آنکھوں سے دو ہلکی نالیوں کا راستہ بنایا ہوا تھا۔ پتہ چلتا تھا کہ گریہ وزاری میں سارا وقت گزارا ہے۔ پیٹ پیچھے پشت سے لگا ہوا تھا۔ دُبلے پتلے لمبے انسان میرے سامنے بیٹھے قرآن مجید کی تلاوت میں محو تھے۔ دنیا و مافیہا سے بے خبر اللہ سبحانہٗ سے لو لگائے۔ ایسا لگتا تھا کہ رب کریم سے ہم کلام ہیں۔ قرآن مجید کی تلاوت سے فارغ ہوئے تو میں نے السلام علیکم کہا۔ آپ نے بہت پیارے اور نرم لہجے میں جواب دیا۔

یُوں لگتا تھا کہ میں نے اُن کا رابطہ اللہ سے منقطع کر کے کہا۔ یوں پتہ چلتا تھا کہ جلدی وہ مجھے فارغ کریں اور پھر اپنا ناطہ اللہ تعالیٰ سے قائم کریں۔ اِس وقت لکھتے ہوئے وہاں کی تصویر میرے سامنے ہے۔ اور آنکھوں سے آنسو رواں ہیں۔ کہ کاش! بابا غلام حسینؒ ہم سے جدا نہ ہوتے۔ مجھ سے لکھا نہیں جا رہا۔ بہر حال بندہ نے اپنے بھائی عبدالرحمٰن کے حوالے سے اپنا تعارف کروایا۔ آپ بہت خوش ہوئے۔ بڑی مشکل سے اجازت دی کہ میں ان سے دوبارہ مل سکوں اب ملاقات کا سلسلہ چل نکلا۔ وہ اکثر دریائے راوی کے کنارے ملتے یا مسجد میں۔ بس یوں لگتا تھا۔ کہ ان کی شادی صرف قرآن مجید سے ہو چکی ہے۔ بہت کم گو انسان تھے۔ وقت گزرتا گیا۔ میرے بچے اور خاص کر میری بیوی بھی اکثر ان کے شرفِ ملاقات کے لیے جاتے اور وظائف کے لیے عرض کرتے۔ سب سے پہلے انہوں نے بتایا۔ یَا حَيُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام کا ورد بتایا۔ پھر آہستہ آہستہ بندہ نے اُن کے حالاتِ زندگی جاننے کی کوشش کی بس تمام حالات اس وقت تحریر نہیں کر سکتا۔ چند باتیں گوش گزار کرتا ہوں۔

ایک دفعہ میں اپنی بیوی کے ہمراہ دریائے راوی بذریعہ کشتی پار کر کے آپ کے گھر پہنچا۔ پتہ چلا کہ آدھا گھنٹہ ہوا۔ آپ دریائے راوی کے

Marfat.com

کے کنارے قرآن مجید لے کر چلے گئے ہیں - ہم مایوسی کے عالم میں واپس آنے لگے کر دیکھا - بابا جی گھر کے دروازے سے واپس آ رہے ہیں - فرمایا کہ راستے میں جاتے ہوئے میرے دل نے کہا کہ گھر واپس چلو - آپ نے مکمل توجہ سے ہم سے گفتگو فرمائی - مگر مختصر

پھر دوسرا وظیفہ یا رب السمٰوات یا رب الارض یا رب العالمین کا ورد دینا یا - پھر گاہے بگاہے وظائف میں اضافہ ہوتا رہا - ایک دفعہ آپ سے امرودوں کے باغ میں ملاقات ہوئی - جہاں آپ تلاوت قرآن مجید کر رہے تھے میں نے اُلٹے ہاتھ سے امرود کھانا چاہا - آپ نے سختی سے منع فرمایا کہ آئندہ پوری زندگی میں سیدھے ہاتھ سے ہر چیز کھاؤں - اگر مجبوری ہو تو اُلٹے ہاتھ کو سیدھے ہاتھ کا سہارا ضرور دے دیں

ایک دفعہ چوہدری محمد صدیق چیف سیکرٹری کا تبادلہ ہو گیا - وہ بڑا پریشان اپنے اہلیہ کے ہمراہ میرے گھر آیا - بابا جی میرے گھر میں قیام فرمایا کرتے تھے - میں نے چوہدری صاحب کو کہا کہ آپ بازار سے گرما لے آئیں اور بابا جی کو دیں - کیونکہ مجھے وہ لڑکے کی مٹھائی والی بات یاد تھی - لہٰذا وہ گرما لے کر آیا - اور اپنی ٹرانسفر رد کرنے کے لئے عرض کی - آپ نے فرمایا کہ بندہ اللہ سے بات کرے گا اگر منظوری ہوئی تو بتا دیا جائے گا -

علی الصبح بابا جی نے مجھے آواز دی - "مغل صاحب!" میں اُن کے کمرہ میں گیا - آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سے بات ہو گئی ہے - آپ چوہدری صاحب سے کہہ دیں کہ اُن کا تبادلہ نہیں ہو گا - لہٰذا میں صبح صبح چوہدری صاحب کے پاس گیا - انہوں نے کہا - کہ میرے آرڈر ہو چکے ہیں - یہ کیسے ہو سکتا ہے - میں نے کہا کہ بابا جی نے کبھی فون نہیں کیا - نہ ہی گھر سے باہر گئے ہیں - وہ کامل ولی ہیں

Marfat.com

اور یقین رکھیں - لہٰذا چوہدری صاحب کا تبادلہ منسوخ ہو گیا اور آپ ریٹائرڈ ہونے تک چیف سیکرٹری پنجاب کے عہدہ پر فائز رہے -

کبھی کبھی میں پنڈ سگیاں کلاں جاتا اور چوہدری محمد صدیق کے لئے دعا کے لئے کہتا - بابا جی کہتے کہ وہ خود یہاں آئے اور دعا کے لئے کہے - اکثر چوہدری محمد صدیق میرے ساتھ ہی گاؤں تشریف لاتے -

اور بہت سی باتیں اور کرامات بابا جی کی ہیں - پھر کبھی موقعہ ملا تو تحریر کروں گا -
آپ کی بیماری بڑھتی گئی - ڈاکٹر نے ٹیسٹ کے لئے آپ کا خون لینا چاہا - مگر بدن میں خون تھا ہی نہیں - یعنی کسی رگ سے خون سوائے چند قطروں کے نکلتا ہی نہیں تھا - ڈاکٹر حیران تھے - آخر کار اس بیماری نے آپ کو اللہ تعالےٰ سے ملا دیا - وہ پردہ کر گئے - چوہدری صاحب اور بندہ بھی آپ کی نماز جنازہ میں شامل ہوئے - ایسا پتہ چلتا تھا کہ آسمان سے فرشتے اور رُوئے زمین کے اولیاء آپ کے جنازہ میں شامل ہیں - ایک رُوح پرور نظارہ تھا - رحمتیں نازل ہو رہی تھیں - درود و سلام کا ورد ہر بندہ کی زبان پر تھا - یہاں کہ در و دیوار، درخت، پرندے چرند گریہ زاری کر رہے تھے - آسمان پر آپ کی آمد کے لئے راستے سجائے ہوئے نظر آتے تھے
آپ نے اس فانی دنیا کی کسی چیز سے محبت نہ کی - بغداد شریف سے جب واپس آئے - ایک رومال کندھے پر تھا - ایک ہوائی چپل پاؤں میں تھی اور ہاتھ میں قرآن پاک کا نسخہ لے کر بابا صوفی محمد شفیق جو جوانی میں بغداد شریف سدھارے تھے - واپس ہوئے مگر اس وقت ایک مکمل یعنی اکمل انسان سینے میں طریقت شریعت حقیقت اور معرفت اور روحانی عمل کے پیکر وہ خزانہ اپنے ساتھ لائے جو انسان کی بقا کے لئے لازمی ہے - وہ گتھیاں سلجھا چکے تھے - ماتھے پر نورانی لکیریں عبادت اور ریاضت کی کھلی کتاب تھی - جو نظر نگاہ رکھنے والے کے لئے راہنمائی اور گنہ گار کے لئے عبرت

Marfat.com

کی نشانی تھی۔ اے انسان! اِس فانی دنیا میں بقا کو ڈھونڈ

ایک بار آپ نے فرمایا کہ عبدالعزیز! آج تک کوئی ایسی دعا نہیں۔ جو اللہ نے منظور نہ کی ہو۔

آپ ہمیشہ ہر کام کے لئے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھا کرتے۔ پھر بندہ نے عرض کی کہ مجھے بھی وہ دعا سکھائیں۔ جو اللہ تعالیٰ منظور کرتا ہے۔ پھر آپ نے دعا کا طریقہ فرمایا۔ میں نے لکھ کر دعا کا طریقہ دکھایا۔ آپ نے فرمایا۔ ٹھیک ہے مگر دعا کی منظوری کے لئے جھوٹ کا نہ بولنا۔ پانچ وقت صحیح ٹائم پہ نماز ادا کرنا لوگوں کا گلہ نہ کرنا۔ کسی کا حق نہ مارنا۔

میری بیٹی کی شادی کی تاریخ اور دن مقرر کئے گئے۔ کارڈ چھپ گئے۔ مگر آپ نے اچانک حکم فرمایا۔ کہ شادی تین دن پہلے کر لیں۔ یہ پتہ نہیں تھا کہ پہلے جو دن شادی کا مقرر کیا تھا۔ آپ نے اُسی دن دُنیا سے پردہ کرنا تھا۔ ادھر بچی کی ڈولی اُٹھی۔ دوسرے دن آپ اللہ کو پیارے ہو گئے۔

ایک دفعہ فرمایا کہ مچھر کے پَر جتنا آپ نے کبھی جھوٹ یا زیادہ بات نہیں کی۔ عرصہ گزرتا گیا۔ آپ کے چہرہ مبارک ناک کے قریب کچھ درد اٹھا۔ اب اس سلسلے میں وہ میرے گھر واقع گورنمنٹ کالج فزیکل ایجوکیشن لاہور کوٹھی نمبر ا میں تشریف لے آئے۔ اب میری ڈیوٹی تھی کہ روزانہ یا تیسرے دن میو ہسپتال لے جاتا۔ اس اثناء میں چوہدری محمد صدیق جو اُس وقت پنجاب کے چیف سیکرٹری تھے۔ ملاقات ہوئی۔ انہوں نے اکثر اپنی گاڑی اور ڈرائیور کی سہولت میسر کی۔

Marfat.com

ہسپتال اور آپ کے گھر نینڈ سگیاں اکثر میری گاڑی استعمال کرتے تھے - آپ کا قیام اکثر میرے گھر ہوتا - اور میری بیٹی سائرہ سے خاص پیار تھا - آپ چاول اور چنے کی دال بڑے شوق سے کھاتے - حکم فرماتے کہ نمک بہت زیادہ ڈالنا - باتوں باتوں میں فرمایا کہ ایک دفعہ فرشتے ایک لڑکا میرے پاس لے آئے - اور کہا - یہ لڑکا کہتا ہے - کہ میں نے بابا غلام حسین کو مٹھائی کھلائی تھی - اس کے صدقے میں مجھے معاف کیا جائے اور گناہوں کی سزا نہ دی جائے - بابا جی نے فرمایا کہ میں نے لڑکے سے پوچھا کہ ہاں بھائی ! کب مٹھائی کھلائی تھی تو اُس نے بتایا کہ آپ سڑک سے گزر رہے تھے اور میں مٹھائی بیچتا ہوں - کاغذ میں تھوڑی سی مٹھائی ڈال کر میں نے آپ کو دی تھی آپ نے تصدیق کی کہ ہاں لڑکا سچ بولتا ہے - لہٰذا فرشتوں نے لڑکے کو معاف کر دیا -

ایک عورت بمعہ بچوں کے بابا جی کے پاس آئی اور کہا کہ میرے خاوند کا وقت پورا ہو گیا ہے - میرے چھوٹے چھوٹے بچے ہیں - خدا کے واسطے دعا کریں کہ اس کی زندگی لمبی ہو جائے - بابا جی نے دعا کی - آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ۲ سال مزید آپ کے خاوند کو زندگی عطا کر دی -

آپ قبرستان سے گزر رہے تھے فرمایا کہ ایک مردہ کو عذاب مل رہا ہے وہاں کھڑے ہو کر دعا فرمائی اور اللہ تعالیٰ نے اس کا عذاب ہٹا لیا - ایک شام آپ بڑی تیز ہوا کے ساتھ کسی دریا کے کنارے پہنچ گئے - آپ کو علم نہیں تھا کہ یہ کون سی جگہ ہے - آپ نے اُسی دریا کے کنارے نماز مغرب ادا کی اور دعا فرمائی کہ یا اللہ ! میری راہنمائی کی جائے - میں کہاں ہوں ؟

سلام پھیرتے وقت دیکھا تو ایک فرشتہ سبز حلہ میں کھڑا تھا - اس نے آپ کا ہاتھ پکڑا اور چند قدم چلے کہ آپ اپنے گھر کے سامنے تھے -

Marfat.com

مجھے فرمایا کرتے تھے کہ آپ کی اللہ تعالیٰ کے کرم و فضل سے یہاں بھی مدد کرتا رہوں گا۔ اور قیامت کے دن بھی اُسی کے فضل سے مدد کروں گا آپ کو اس موذی بیماری سے بہت تکلیف تھی مگر ہمیشہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے۔ اکثر فرماتے۔ شکر ہے الحمدللہ! کبھی تکلیف کا اظہار نہیں کیا اور نہ ہی کبھی آہ کی۔

Marfat.com

## حاجی منظور احمد نین سکھ لاہور

تمام حمد و ثناء اللہ تعالیٰ کو ہی سزاوار ہے۔ جس نے کُل کائنات بنائی اور ہر شئے کا مالک ٹھہرا۔ اور درود و صلوٰۃ اور سلام بے حد بے حساب اُس پاک ہستی پر۔ جس کے لئے اللہ تعالیٰ نے یہ کائنات بنائی۔ اِس جہان میں رحمۃ اللعالمین کے خطاب سے نوازا اور اگلے جہان میں ہماری تمہاری بلکہ کُل امت اور پھر تمام پیغمبران علیہم السلام کی اُمتوں کی شفاعت کے شفیع المذنبین کا خطاب عطا فرمایا۔ لاکھوں درود اُن پر ان گنت سلام اُن پر اور اُن کی آل پر اور صحابہ کرام پر۔

آج بیسویں صدی کی آخری دہائی میں جہاں ہر طرف خرافات ہی خرافات ہے۔ لوٹ کھسوٹ بامِ عروج پر ہے۔ نہ حاکم وقت میں نہ منتظم اعلیٰ میں اللہ کا خوف رہا ہے۔ نہ رعایا میں خدا کی یاد رہی ہے۔ ہر طرف حرص و ہوا ہی کو معبود بنا لیا گیا ہے۔ ہر کام امر بالمعروف کے خلاف اور نہی المنکر کے اُلٹ چلنا۔ اب ہر کسی کی شرع شریف بن گئی ہے!!

اس فتنہ پرور دور میں جس بزرگ ہستی کا ذکر آپ سے کرنے چلا ہوں۔ وہ آپنی مثال آپ تھے۔ ۱۹۷۰ء میں بندہ جناب حاجی حق نواز صاحب حال سکیشن آفیسر سیکرٹریٹ پنجاب برائے زیارات مقاماتِ مقدسہ براستہ افغانستان، ایران، عراق، کویت، سعودی عرب گیا

فدوی نے ۱۶ اگست ۱۹۷۰ء سے ۵ مئی ۱۹۷۱ء تک تمام وقت ان ممالک کی سیر میں گزارا اور اللہ تعالیٰ کی توفیق سے ہر شہر کے ہر مقدس مقام کی زیارت نصیب کی۔ تین ماہ صرف ملک عراق میں

گزارے۔ جہاں سب سے زیادہ زیارات مقدسہ ہیں۔ آپ کو تمام سفر کی رُوداد اس لئے نہیں سنانا چاہتا کہ مضمون طویل نہ ہو جائے اور قاری کی طبع پر گراں بار نہ ہو۔ جب ہم عراق کی سرزمین میں داخل ہوئے تو سب سے زیادہ چاہت روضہ جناب غوث الاعظم رضی اللہ عنہ پر حاضری کی تھی۔ عراق کا صدر مقام بغداد شریف شہر ہے۔ اور غوث پاک کا مزار اقدس منبعٔ رشد و ہدایت بھی بغداد شریف ہی ہے۔

ہم نے رات ایک ہوٹل میں گزاری۔ صبح ناشتہ و دیگر مصروفیات سے فارغ ہو کر سیدھے برائے قدم بوسی جناب حضرت عبدالقادر جیلانیؒ کے مزار اقدس پر جا پہنچے۔ بڑے دروازہ کے اندر داخل ہوتے ہی ہم سیاہ کاروں کی آنکھوں سے آنسوؤں کا سیلاب بہہ نکلا اور لبوں سے قصیدۂ غوثیہ کے اشعار جاری تھے۔ جن کے قدم سب ولیوں کی گردن پر تھے۔ ہمارے سر بھی ان کے قدموں میں تھے دعائے فاتحہ کے بعد اپنے لئے اپنے گھر والوں کے لئے اور اپنے ملک اور اس کے باسیوں کے لئے دعائیں کیں۔ آنسو تھے کہ تھمتے نہ تھے اور ہم مجرم رُو سیاہ گھٹنوں قدم ہائے مبارک جناب غوث پاک میں بیٹھے اپنے ظاہری اور باطنی گناہوں کی معافی مانگ رہے تھے۔ دیر بعد طبیعت میں کچھ سکون ہوا۔ پھر باہر آ کر روضہ مبارک کے تمام حصے دیکھے۔

حاجی حق نواز صاحب جن کا آبائی گاؤں سگیاں کلاں ہی تھا دریا برد ہونے کے بعد اب آپ کوٹ نور شاہ میں رہائش پذیر تھے۔ حضرت بابا صوفی محمد شفیقؒ نامی شخص کے متعلق جانتے تھے۔ جو بہت عرصہ پہلے

Marfat.com

گھر سے خاموشی سے نکل گیا تھا اور اب بغداد شریف میں کہیں تھا - زیادہ گمان مزار غوث پاک رح پر تھا -

ہم نے مزار کے احاطہ میں ایک خادم سے پوچھا تو اس نے کہا - کہ یہاں محمد شفیق نام کا کوئی آدمی نہیں رہتا اور نہ ہی اس نام کا کوئی آدمی ان کے علم میں ہے - ہمارے دوبارہ پوچھنے پر اس نے ایک کمرہ کی طرف اشارہ کیا کہ وہاں ایک صاحب پاکستانی ہیں - دربار پاک کا انتظام و اہتمام اُن کے ہاتھ میں ہے اور اُن کا اسم مبارک غلام حسین ہے -

اُن سے دریافت کریں - ہوسکتا ہے وہ اُن کو جانتے ہوں - ہم اس کمرہ میں پہنچے تو دیکھتے ہیں کہ بزرگ سفید ریش لمبا چوغہ پہنے - سر پر کپڑے کی ٹوپی چٹائی پر تشریف فرما ہیں -

کچھ زائرین سامنے حلقہ باندھے مؤدب بیٹھے پند و نصیحت سن رہے ہیں - ہم بھی خاموشی سے پیچھے بیٹھ گئے جب ظہر کی اذان ہوئی تو حلقہ ٹوٹا سب اُٹھ کھڑے ہوئے - ہم نے آگے بڑھ کر سلام عرض کیا - بزرگ فرشتہ صورت نے خندہ پیشانی سے سلام کا جواب دیا اور فرمایا کہو کیسے آنا ہوا - میں نے فوراً عرض کی کہ ہمارا سوال ذرا طویل ہے - ہمیں شرف ملاقات کے لئے تھوڑا وقت عنایت فرما دیں -

فرمانے لگے آؤ پہلے نماز ادا کرلیں - پھر آپ کی رُوداد سُنیں گے - ہم نے نماز ظہر ان کے ہمراہ ایک ہی صف میں ادا کی - واپس کمرہ میں آکر فرمایا - اب بتائیں بھئی اپنا سوال

تو بھائی حق نواز صاحب گویا ہوئے - جناب ہمیں محمد شفیق صاحب سے ملنا ہے - جو کہ پاکستان کے شہر لاہور کے مضافات سگیاں دیہہ سے آئے ہوئے ہیں

Marfat.com

اور اب عرصہ دراز سے یہیں کہیں رہائش پذیر ہیں۔

بزرگ زیرِ لب مسکرائے اور فرمایا۔ میں ہی وہ ہوں اور یہاں غلام حسین کے نام سے لوگ جانتے ہیں۔ اس کے بعد ہمیں کھانا کھلایا جو کہ دربار پاک سے لنگر آیا تھا۔ خود چائے تیار کی اور ہمیں ہمراہ دوسرے زائرین کے پلائی ہم دیکھ کر حیران ہوئے کہ چھوٹے سے برتن میں سے سب لوگوں کو سالن دیا گیا مگر ختم نہ ہوا۔ اور ایک کیتلی چائے سے بہت سے لوگوں نے چائے نوش کی مگر چائے ختم نہ ہوئی۔ بعد فراغت تمام گاؤں والوں کا فرداً فرداً حال پوچھا جن میں اکثر فوت ہو چکے تھے۔ اہلِ علاقہ کے جن لوگوں کو جانتے تھے ان کی خیریت دریافت کی۔ اُس دن ہم نمازِ عشاء کے بعد تک وہاں رہے۔ دعائیں منگوائیں اس کے بعد دوسرے روضہ ہائے مبارک مثلاً امام اعظم حضرت ابو حنیفہؒ کے مزارِ اقدس پر حاضری دی اور امام موسیٰ کاظمینؒ کے مزارِ مبارک کا نظارہ کیا اس کے علاوہ حضرت سلمان فارسیؓ، ابوذر غفاریؓ اور بہت سے اکابرین کرام کے مزارات پر حاضری دی۔

ایک ہفتہ بعد کربلا معلیٰ کو روانہ ہوئے۔ شہدائے کربلا و حضرت امام حسینؓ، حضرت عباسؓ، حضرت حُرؓ کے مزاراتِ مقدسہ پر حاضری دی، دو دن بعد نجف اشرف میں جناب حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کی بارگاہ میں دو زانو ہو کر پیش ہوئے۔

کوفہ میں بے شمار زیارات موجود ہیں۔ حضرت مسلم بن عقیلؓ کے مزار پر دعا کی۔ وہاں باب السلام مسجد ہے۔ جس میں حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر ہر پیغمبر علیہم والسلام کے مصلے ہیں۔ جن میں ہم نے ہر ایک مصلاً پر چار رکعت نفل ادا کئے۔

Marfat.com

حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ اُسی مسجد میں عبدالرحمٰن بن ملجم کے لگائے گئے زخموں سے شہید ہوئے - اُس مقام کی بھی زیارت کی - جہاں تنور نما جگہ سے طوفان نوحؑ اُبھرا تھا - اور وہ جگہ بھی دیکھی - جس مقام پر دریا کے کنارے حضرت یونس علیہ السلام کو مچھلی نے باہر نکالا تھا - اس کی بھی زیارت کی -

القصہ تمام مقامات سے گھوم گھام کر ہم پھر بغداد شریف میں آجاتے اور ہوٹل میں قیام کرتے - تمام بازار شاہرات کا بھی نظارہ کیا اور ہر دوسرے تیسرے دن بعد مزار جناب غوث الاعظم پر جا نکلتے - باباجی جناب غلام حسین سے ملتے اور گھنٹوں بیٹھتے - حضرت ہمیں نصیحتیں کرتے - باباجی کی طبیعت تقریباً خاموش طبع تھی - کبھی بہت کھل کر ہنستے نہ دیکھا - نماز عشاء کے بعد فوراً ہمیں فرماتے کہ بھئی اب میرا کچھ اللہ اللہ کا وقت ہے - آپ تشریف لے جائیں اور سب ملنے والوں جن میں اکثر اردو پنجابی بولنے والوں کی تعداد ہوتی - چلے جاتے اور باباجی دروازہ اندر سے بند کر لیتے -

ہم نے وہاں اُن کے کمرہ میں ۱۰۰ کے لگ بھگ کتابیں بھی دیکھیں جو اونچی جگہ پر قرینے سے رکھی تھیں -

حضرت بابا شفیق نے ہمیں مزار غوث پاک سے تعویذ بھی لے کر دیئے - ہم نے حضرت کے ساتھ تصاویر بھی بنوائیں - جن میں سے ایک تصویر ہی میرے پاس محفوظ ہے اس کو متاع بے بہا سمجھتا ہوں - مختلف وقت میں ہم نے حضرت باباجی کو مختلف طبیعت کا پایا - کبھی کم بولتے اور جلالی طبیعت ہوتی اور کبھی خوش مزاج جمالی طبیعت -

میں سمجھتا ہوں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا اِس بندہ ناچیز پر بہت احسان ہے کہ ہر اعلیٰ ترین اور اپنے مقبول بندے کے مزار مبارک کی زیارت نصیب فرمائی اور زندہ درویش صفت حضرت محمد شفیق (غلام حسینؒ) کی زیارت روضہ غوث پاک پر

Marfat.com

نصیب فرمائی - بعدازاں ہم پھر کربلا - نجف، کوفہ، بصرہ کے راستے کویت میں داخل ہوئے - ایک ماہ وہاں گزارنے کے بعد سعودی عرب میں داخل ہوئے - اللہ تعالیٰ کے کرم سے حج کے ایام آ گئے - حج مبارک اور وہ بھی حج اکبر کی دولت سے مالامال ہوئے - اس سال بہت عرصہ کے بعد خانہ کعبہ شریف پر مینہہ برسا اور ہم خانۂ کعبہ مبارک کے پرنالہ کے نیچے بھی بہت نہائے -

بعداز فراغت ارکان حج مدینہ منورہ روضہ مبارک جناب نبی کریم حضرت محمد صلعم پر دس دن حاضری دیتے رہے اور خوش بختی بھی ساتھ دے رہی تھی کہ اُن دنوں روضہ مبارک کی جالی چومنے سے ہمیں منع نہ کیا گیا - سبحان اللہ - سب تعریفیں اللہ عزوجل کی ہیں - محمد عالم لوہار گلوکار مرحوم ومغفور کی ایک محفل میں نعتیں بھی سُنیں - مسجد نبوی پاک میں بارہ دن نمازیں اور نوافل ادا کئے - اپنی اس خوش نصیبی اور حضور صلعم کی نظرِ کرم کا وہ خزانہ عطا ہوا - جو کہ بہت کم لوگوں کو ملتا ہے -

بعدازاں اشک بار آنکھوں سے مدینہ منورہ کو الوداع کہا اور واپسی الریاض، دمام کویت سے پھر سرزمین عراق میں آ گئے اور بغداد شریف میں جناب غوث پاک کے روضہ مبارک پر حاضری دی - حضرت بابا غلام حسین صاحب کے نیاز حاصل ہوئے - کچھ دن گزارنے کے بعد الوداعی ملاقات کر کے واپس ایران، افغانستان کے راستے پاکستان میں داخل ہوئے تو سرحد پر سجدۂ شکر ادا کیا کہ دل کے فقیر سیر کو گئے اور زیارات مقاماتِ مقدسہ کا نظر بھر بھر کے نظارہ کیا - وہ دن مجھے آج بھی ایسے لگتے ہیں - جیسے کل کی بات ہے -

اور پھر پتہ چلا کہ باباجی بامراد واپس تشریف لے آئے ہیں - موضع سگیاں میں جا کر سلام کیا - گاہے بگاہے ملاقات کا شرف حاصل ہوتا رہا اور ۱۹۸۲ء آ گیا اور میں پھر ایک دفعہ حضرت باباجی کی دعاؤں کا محتاج ہوا -

قصہ یوں ہے کہ میری بچی (جس کی عمر تقریباً سات سال کی تھی) کو مرگی کی موذی

Marfat.com

مرض نے آ گھیرا۔ تین سال تک بہت مانے ہوئے ڈاکٹروں سے علاج کروایا۔ دم تعویذ کرائے۔ دیسی علاج کرایا۔ مگر دو تین ماہ بعد پھر دورہ پڑ جاتا اور بچی کا چہرہ دیکھا نہ جاتا۔ ہاتھ مڑ جاتے اور منہ سے جھاگ بہہ نکلتی۔ میں میرے والدین اور میری بیوی پریشان تھے۔ حتیٰ کہ ہر ملنے والا مجھ پر اور میری بیٹی کی قسمت پر افسوس کرتا میں غم کے بوجھ کے تلے دبتا چلا گیا۔ کبھی پتہ چلتا کہ بچی پانی میں گری ہوئی ہے کبھی بازار میں پڑی ہوئی ملی۔ اللہ تعالیٰ نے میری فریاد جو کہ ہر وقت میرے منہ سے نکلتی تھی۔ سن لی اور مشکل آسان ہونے کو چند گھنٹے رہ گئے۔

ایک دن میں بوقت ظہر گھر پہنچا تو معلوم ہوا کہ پہلے تو ماہ دو ماہ کے بعد بچی کو دورہ پڑتا تھا۔ آج صبح سے سات آٹھ دفعہ دورہ پڑ چکا ہے۔ اور بچی کی حالت ناگفتہ بہ ہو چکی ہے۔ بے ہوش زرد رنگ بس صرف سانس کی رمق باقی تھی۔ میں دیوانہ وار سگیاں گیا اور سگیاں دیہہ کے ساتھ میرے عزیز دوست چوہدری محمد احمد دین گھیجہ کا ڈیرہ تھا۔ ٹیوب ویل کاشت والی زمین اور مرغی خانہ بنایا ہوا تھا۔ ڈیرہ پر چوہدری صاحب کا بھتیجا چوہدری نذیر احمد جسے میں پیار سے دادو کہتا تھا۔ موجود تھا۔ حضرت بابا جی اس کے پاس اکثر آتے تھے اور وہ ان کی بہت خدمت کرتا تھا۔ پاؤں دباتا تھا۔ ان کے سامنے زمین پر بیٹھتا تھا میں روہانسا سا اس کے پاس گیا۔ اور کہا کہ حضرت بابا صاحب کی خدمت میں جاؤ اور بچی کو دم کرانے کی اجازت مانگو۔ وہ فوراً گیا اور دس پندرہ منٹ کے بعد خوشخبری دی کہ بابا جی فرماتے ہیں کہ بچی کو لے آؤ۔ میں فوراً واپس آیا اور ہدایت علی چوکیدار کا تانگہ تیار کروایا۔ بے ہوش بچی کو گود میں لے کر اللہ کا نام لے کر سگیاں کو روانہ ہوا۔ جو منہ میں کلمہ کلام آیا پڑھتا گیا۔ راستہ میں نذیر احمد عرف دادو کو ساتھ لیا۔ اور بابا جی کے گھر جو آج چوہدری غلام حسین صاحب

Marfat.com

کی رہائش گاہ پہ جا پہنچے۔

نماز عصر کے بعد کا وقت تھا۔ باباجی صحن میں کرسی پر بیٹھے سامنے چھوٹے سے میز پر قرآن پاک رکھے اور جانب شمال منہ کئے ہوئے تلاوت فرما رہے تھے ہم نے ساتھ ہی چارپائی ڈال کر بچی کو لٹا دیا۔ دادو (نذیر) گویا ہوا۔ بابا جی! جس بچی کا میں نے ذکر کیا تھا۔ لے آئے ہیں۔ دم فرما دیں۔

میں وہ چار پانچ منٹ کا عرصہ آج تک نہیں بھولا کہ باباجی نے بے پناہ تقدس سے قرآن پاک بند کیا اور فرمایا۔ کہاں ہے بچی! ان دنوں باباجی کی نظر کافی کمزور تھی۔ دادو نے باباجی کا ہاتھ پکڑ کر بچی کے سر پر رکھ دیا اور پھر باباجی نے آیات پڑھ کر تین پھونکیں ماریں۔ اور بغیر ہم سے کلام کئے پھر قرآن پاک کو اسی تقدس سے کھولا اور تلاوت شروع کر دی۔ ہم میں ہمت نہ تھی کہ باباجی کو دوبارہ بلائیں۔ دادو ہمت کر کے بولا۔ باباجی! کچھ پانی بھی دم کر دیں۔ باباجی نے پھر پہلے کی طرح بہت تقدس سے قرآن پاک بند کیا۔ اور فرمایا۔ کہاں ہے پانی۔ دادو نے بوتل پکڑا دی۔ باباجی نے تین پھونکیں ماریں اور پانی واپس پکڑا دیا۔ اور پھر قرآن پاک کھول کر تلاوت فرمانی شروع کر دی۔ ہم پھر بے بس ہوئے۔ اور دادو کو اشارہ سے کہا۔ پوچھو کہ پھر کب بچی کو دم کروانے کے لئے لائیں۔

باباجی نے اُسی تقدس سے قرآن پاک بند کر کے فرمایا۔ اب لانے کی ضرورت نہیں۔ بچی انشاءاللہ ٹھیک ہو جائے گی۔

اور یہی ایک جملہ ان کی زبان مبارک سے نکلا ہوا میرے تمام دُکھوں کا مداوا بن گیا۔ کہ اس کے بعد بچی بالکل تندرست ہو گئی اور آج ۱۹۹۸ء تک اللہ تعالےٰ کے فضل و کرم اور باباجی کی دعا سے اس موذی مرض مرگی سے نجات

Marfat.com

حاصل ہو گئی ہے اور کسی مرض میں مُبتلا نہیں ہوئی - اب ہر سال عرس مبارک پر وہ اپنی والدہ کے ہمراہ اور بہنوں کے ساتھ مزار مبارک پر دعا کے لئے حاضری دیتی ہے -

اللہ تبارک وتعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ بابا جی کے مزار کو لوگوں کے دُکھوں کا مداوا بنائے - اور اہلِ علاقہ اِس نیک ہستی کے مزار مبارک پر جا کر فائدہ اٹھائیں -

دعا ہے کہ خادم مزار چوہدری غلام حسین کو اللہ میاں دینی و دنیاوی اور ظاہری و باطنی علم عطا فرمائے - اور اِس جگہ سے لوگوں کو دنیاوی اور روحانی سکون ملتا رہے - آمین

Marfat.com

## صوفی محمد شریف ملنگ قادری نوشاہی سگیاں کلاں راوی لاہور

حضرت بابا صوفی محمد شفیق المعروف بابا غلام حسین بغدادیؒ سگیاں کلاں سے سرزمین عراق میں بغداد شریف میں زیارت کے لئے گئے۔ اپنی جوانی کا زمانہ وہاں گزارا۔ چالیس سال بعد واپس آئے۔ اور نماز کو اپنا شعار بنایا اور قرآن پاک کو اپنے سینے سے لگا لیا۔ آپ دریائے راوی کے کنارے چلتے پھرتے تھے۔ جہاں مناسب جگہ دیکھتے وہاں بیٹھ کر قرآن پاک کی تلاوت فرماتے کم بولتے تھے اور سال بھر کے روزے رکھتے تھے۔

ایک دن ایسا ہوا کہ راقم (سائیں محمد شریف) سے ملاقات ہوئی اور آپ راقم (صاحبؒ شریف) سے بہت پیار کرنے لگے۔ آپ اپنا کچھ وقت میرے باغیچے میں بیٹھ کر گزارتے۔ ایک دن میں نے اُن سے پوچھا کہ بغداد میں کوئی اس طرح کی نشانی ہے؟ حاجی بابا محمد شفیقؒ نے فرمایا کہ سائیں محمد شریف آپ کو اس نشانی کے متعلق کس نے بتایا ہے۔ میں نے جواب دیا۔ آپ کی دعا سے کچھ معلومات ہے۔ اس کے بعد میں نے باباجی سے کہا۔ کہ آپ نسخۂ کیمیا کے متعلق جانتے ہیں۔ حاجی صاحب نے فرمایا کہ ہم بغداد شریف میں رہتے تھے۔ ایک آدمی ہمارے پاس آیا۔ اس نے بتایا۔ یہ نسخہ ہمارے پاس ہے۔ آپ لے لو۔ کیونکہ میں دنیا سے رخصت ہونے والا ہوں۔ حاجی صاحب نے اُسے جواب دیا کہ مجھے اس نسخہ کی ضرورت نہیں۔ میں جس مقام پر بیٹھا ہوں وہاں سب کچھ ہے۔

حاجی بابا محمد شفیق صاحب سائیں شریف کے گھر سے دو میل کے فاصلے پر رہتے تھے۔ ایک رات خواب میں ملے۔ ایک آدمی کو پکڑ کر میرے سامنے

Marfat.com

کھڑا کر دیا۔ اس شخص کا نام اسماعیل تھا۔ حاجی شفیق صاحب پوچھنے لگے کہ دیکھو اس کو کیا ہے۔ میرے منہ سے نکلا کہ اس کو میاں صاحب کی بد دعا ہے اتنی بات کہہ کر آپ جنگل کی طرف چل دیئے۔ پیچھے پیچھے میں بھی چل دیا۔ دو میل کے فاصلے پر پہنچ کر حاجی صاحب نے مجھے بتایا۔ محمد شریف جس بوٹی کی تلاش میں تو ہے۔ وہ کھڑی ہے۔ میں صبح بیدار ہو کر اُس مقام کی طرف روانہ ہو گیا۔ وہ بوٹی کھڑی تھی۔ بس وہ بوٹی لے کر گھر آ گیا۔ مگر میں اُس بوٹی کا استعمال نہ جانتا تھا۔ اور اس وقت حاجی محمد شفیق کا انتقال ہو چکا تھا۔ میں نے آپ کے مزار پر حاضری دی اور آپ سے بوٹی کے استعمال کا پوچھا۔ آپ نے استعمال کا طریقہ بتا دیا۔ جب میں نے اس بوٹی کی دوا بنانا چاہی تو قدرت کی طرف سے اس دوا کو استعمال میں لانے کی اجازت نہ ملی۔

غلام رسول (جو آپ کا بھتیجا ہے۔) کی بیوی میاں صاحب کی گستاخی کی وجہ سے بیمار تھی۔ اور کئی ڈاکٹر اور حکیموں سے دوا معالجہ کرنے کے باوجود ابھی بیماری سے ٹھیک نہ ہوئی۔ اور آخر میں غلام رسول دم کروانے کے لئے کسی بزرگ کو لائے۔ اس دوران میاں صاحب نے اپنے بھائی احمد علی کو بلا کر کہا کہ سائیں شریف صاحب کو بلاؤ۔ اور جب میں ان کے گھر گیا تو حاجی میاں بابا محمد شفیق صاحب صحن میں ٹہل رہے تھے اور اندر کوئی دم کرنے والا دم کر رہا تھا۔ حاجی شفیق صاحب نے مجھے فرمایا کہ آپ بچی کو دیکھو کہ اسے کیا ہوا ہے۔ لیکن دم کرنے والا آدمی بولا کہ حاجی احمد علی صاحب! میرا دم تین دن کروا لیں۔ اس کے بعد کسی اور سے دم کروا لینا۔

اسی اثناء میں میں جب اندر داخل ہوا تو دم کرنے والا شخص جلدی سے بولا کہ دیکھو اسے کیا مرض ہے؟

Marfat.com

میں نے کہا کہ تم دم کر رہے ہو۔ تمہیں کچھ پتہ نہیں چلا۔ کہ مرض کیا ہے؟ مریضہ کے بھائی (جن کا نام اللہ دین اور عارف ہے۔) نے اپنی بہن کو چارپائی پر پکڑ رکھا تھا۔ دم کرنے والے نے کہا کہ علامات بہت بھاری ہیں اور جلد شفاء نہیں ہوگی۔ میں نے کہا۔ کون کہتا ہے کہ اس کو علامت ہے۔ اس کا تو دماغی توازن ٹھیک نہیں ہے۔ اور یہ کہہ کر میں کمرے سے باہر آگیا تو حاجی شفیق صاحب نے مجھ سے پھر پوچھا کہ دیکھو بچی کو کیا ہوا ہے؟ میں نے عرض کیا۔ باباجی! اس کا دماغی توازن ٹھیک نہیں ہے۔ حاجی صاحب مسکرائے اور تسلیم کیا کہ اس کا دماغی توازن ٹھیک نہیں۔

میں ایک دفعہ گیارھویں شریف کا لنگر لانے کے لئے بھگیاڑ والے جا رہا تھا دل چاہا کہ حاجی محمد شفیقؒ سے ملاقات کرتا جاؤں۔ میں جس وقت آپ کے صحن میں داخل ہوا تو آپ کا بھتیجا عبد الغنی اور غلام حسین آپ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے اور میاں صاحب بستر میں داخل تھے اور لحاف چہرے پر لیا ہوا تھا۔ مجھے دیکھ کر چوہدری غلام حسین نے بتایا کہ حاجی محمد شفیق صاحب آج تین دن سے کچھ نہیں کھا پی رہے اور ابھی سوئے ہوئے ہیں۔ انہیں بلانا نہیں۔

حاجی شفیق صاحب نے جب یہ بات سنی تو بستر سے اپنا بایاں ہاتھ نکال کر بتایا کہ محمد شریف! ہم جانتے ہیں کہ تم ہمارے پاس کھڑے ہو۔ یہ سارا کچھ علم روحانی کی طاقت سے معلوم ہوا ہے۔ اس کے بعد میں حال احوال پوچھ کر واپس آگیا۔ اور گیارھویں شریف سے فارغ ہو کر گاؤں داہگر سے (جو میرے مقام سے چند میل کے فاصلے پر ہے۔) صبح کے وقت ایک گھر میں داخل ہوا۔ ابھی بیٹھا نہیں تھا۔ کہ مسجد کے سپیکر میں اعلان ہوا۔ کہ حاجی محمد شفیق بغدادیؒ صاحب کا وصال ہو گیا ہے۔ میں اسی وقت یہ اعلان

Marfat.com

سن کر گاؤں واہگرے سے سیدھا سگیاں کلاں میں آ گیا۔ اور اپنے ہاتھوں سے حاجی محمد شفیقؒ کو غسل دیا۔ اور سب بھائیوں نے مل کر سپرد خدا کیا۔ اور حاجی صاحب کے بھائی احمد علی نے عُرس کا دن مقرر کر دیا۔ احمد علی صاحب نے مجھ سے پوچھا۔ سائیں محمد شریف! میاں صاحب کی پگڑی کسے دینی چاہیئے میں نے کہا۔ کہ یہ حق بھائی کا بنتا ہے۔ آگے آپ اپنی مرضی سے جسے چاہیں دے دیں۔

میاں محمد شفیقؒ کا زیادہ پیار چوہدری غلام حسین اور ان کی بیٹی فخریہ شفیق کے ساتھ تھا۔ کیونکہ فخریہ بیٹی میاں صاحب کے ساتھ عبادت کے لئے بھی بیٹھتی تھی۔ حاجی احمد علی نے میاں صاحب کی پگڑی چوہدری غلام حسین کو دے دی۔ حاجی صاحب کی رحلت کے بعد آپ کا مزار شریف اور گنبد بنانے کا کام شروع کر دیا گیا۔ جب گنبد بن گیا تو کچھ دیر اُسے رنگ نہ کیا گیا۔ میاں صاحب رح مجھے خواب میں ملے اور بولے۔ کہ سائیں شریف! آپ ہمارے بھائی کے پاس جاؤ۔ اور اُسے کہو کہ وہ گنبد کو جلد رنگ کرائے اور جو گنبد کے اُوپر والی کنگری ہوتی ہے۔ وہ ایسے ہوتی ہے۔ جیسے آدمی کے سر کی دستار۔

میرے پاس اُس وقت صرف ایک سو روپے تھے۔ جو کہ خواب میں آپ کے حکم کے مطابق میں احمد علی کو دے آیا۔ میں نے جب احمد علی کو پیسے دیئے تو انہیں کہا کہ جلد رنگ کراؤ۔ نہیں تو مجھے اجازت دیں۔ کہ میں خود رنگ کرواؤں۔ سو روپے حاجی شفیقؒ کی طرف سے اور ایک روپیہ میری طرف سے شامل کر لیں۔ حاجی احمد علی نے کہا۔ ہم جلد سے جلد رنگ کروائیں گے۔ کوئی ایسی بات نہیں۔ میاں صاحب کا پہلا عرس ہوا۔ تو

Marfat.com

تو لنگر میں کچھ غلطی ہو گئی - میاں صاحب نے مجھے خواب میں فرمایا - کہ دوبارہ
لنگر تقسیم کریں - کچھ عرصہ میں آستانہ عالیہ پر حاضری نہیں دے سکا -
ایک رات حاجی محمد شفیق صاحب مجھے خواب میں ملے اور بولے سائیں شریف!
تم ہمارے ساتھ ناراض تو نہیں - میں نے اتنی بات سن کر عرض کی کہ اتنا
وقت نہیں ملا - اس لئے گستاخی معاف فرمادیں -

ایک خواب میں میں نے دیکھا کہ میاں صاحب حج کے لئے جا رہے ہیں - اور
مجھے بھی اپنے ساتھ لے جا رہے ہیں - کچھ ساتھی بھی ساتھ ہیں - میں نے پوچھا تو
بتایا "فقیر لوگوں کا حج دنیا والوں کے بعد میں ہوتا ہے" - میاں صاحب سے دریافت
کیا - کہ کون کون آدمی حج پر گیا تھا - تو میں نے چار آدمیوں کا نام لیا کہ میاں
صاحب اتنے آدمی تھے - میاں صاحب نے فرمایا - محمد شریف! اور آدمی بھی
ہوں گے - لیکن میں نے عرض کیا جتنے آدمیوں کی مجھے خبر ہے - وہ آدمی آپ
کو بتا دیئے ہیں - میاں صاحب اتنی بات سن کر مسکرا دیئے اور بہت خوش
ہوئے -

Marfat.com

## حاجی حق نواز سیکشن آفیسر کیبنٹ I پنجاب سول سیکرٹریٹ لاہور

سنہ ۱۹۷۰ء کے سخت گرمی کے مہینہ جولائی میں جب میں فنانس ڈیپارٹمنٹ میں بحیثیت کلرک کام کرتا تھا۔ چھ ماہ کی چھٹی لی اور ملک سے باہر جانے کا پروگرام بنایا۔ پروگرام یہ تھا کہ میں انگلینڈ جاؤں گا۔ میرے ساتھ چوہدری محمد منظور تین سکھ والے اور تین دوسرے آدمی جو کہ لاہور کے تھے۔ مورخہ یکم اگست سنہ ۱۹۷۰ء کو لاہور سے روانہ ہوئے۔ ایک رات راولپنڈی میں بسر کی وہاں سے افغانستان کا ویزا لگوایا اور پشاور چلے گئے۔ پشاور میں رات گزارنے کے بعد صبح تقریباً دس بجے افغانستان کی طرف روانہ ہوئے۔ دو تین دن کابل میں خوب سیر کی۔ اور پھر ہرات اور قندھار سے ہوتے ہوئے ایران کے بارڈر تائی باد پہنچے۔ رات تائی باد میں گزاری یہاں ایک واقعہ پیش آیا۔ جب یاد آتا ہے تو بہت ہنسی آتی ہے۔ وہ یہ کہ صبح تائی آباد میں ناشتے کے لئے ایک ہوٹل میں گئے۔ ناشتہ کرنے کے بعد منظور صاحب نے پیسے ہوٹل کے مینجر کو دے دیئے اور گپ شپ کرنے کے لئے ہوٹل ہی میں بیٹھے رہے۔ اتنے میں وہ مینجر جس کو ہم نے پیسے دیئے وہ چلا گیا اور اس کا بھائی بطور مینجر وہاں آ کر بیٹھ گیا۔ جب ہم ہوٹل سے باہر نکلنے لگے تو اُس ہوٹل کے مینجر نے جو بعد میں آیا تھا۔ اُس نے ہم سے پیسوں کا مطالبہ کر دیا۔ ہمیں تو فارسی نہیں آتی تھی۔ کہ ہم اس کو کیسے سمجھائیں کہ ہم تو ادائیگی کر چکے ہیں۔ اسی اثناء میں اُس آدمی نے پولیس کو ٹیلیفون کر دیا کہ چند پاکستانیوں نے ہمیں ادائیگی نہیں کی اور جھگڑا بھی کرتے ہیں۔ اتنے میں پولیس والے بھی آ گئے اور وہ آدمی بھی آ گیا۔ جس کو ہم نے ادائیگی کر دی ہوئی تھی۔ ہم نے اس

Marfat.com

کو پہچان لیا اور اشارہ کیا کہ پیسے ہم اس کو دے چکے ہیں۔ جب یہ بات اس مینیجر کو معلوم ہوئی تو پتہ چلا کہ اس نے پیسے لے لئے ہیں تب پولیس بھی چلی گئی اور ہوٹل کے مینیجر نے ہم سے معافی مانگی۔

مجھے بچپن ہی سے مقدس مقامات کی زیارت کا بہت شوق تھا ایران کا پہلا شہر مشہد مقدس ہے۔ جہاں پر حضرت امام علی رضاؒ کا مزار ہے۔ جس کے گنبد اور مینار اور دروازے پر سونے کا پترا چڑھا ہوا ہے۔ روضہ حضرت امام علی رضاؒ کی خوب زیارت کی اور فاتحہ پڑھی اور سفر کرتے ہوئے ایران کے دارالخلافہ تہران میں پہنچ گئے اس وقت ایران کے شہنشاہ رضا شاہ پہلوی کا بہت عروج تھا۔

تقریباً دو ماہ تہران میں قیام کیا پھر عراق کی طرف روانہ ہوگئے۔ ایران کے مشہور شہر قصرِ شیریں سے ہوتے ہوئے ایران کے باڈر خسروی سے ہوتے ہوئے ملک عراق میں داخل ہوگئے عراق کے باڈر سے ہی ایک ویگن میں سوار ہو کر عراق کے دارالخلافہ مقدس شہر بغداد شریف میں تقریباً رات ۹ بجے پہنچ گئے اور وہاں پر محلہ کاظمین میں ایک ہوٹل میں قیام پذیر ہوگئے۔ سامان ہوٹل میں رکھا۔ غسل کیا اور کپڑے بدل کر حضرت امام موسیٰ کاظم (جن کے نام سے ہی یہ شہر کاظمین مشہور ہے۔ جو کہ حضرت امام علی رضا مشہد مقدس والے کے والد ہیں۔) کے روضہ پر حاضری دی۔ یہ روضہ بھی بہت خوبصورت ہے اس کے مینار، گنبد اور دروازوں پر بھی سونے کے پترے چڑھے ہوئے ہیں جو کہ سورج کی روشنی میں جگ مگ کرتے ہیں۔ رات کاظمین میں قیام کیا اور صبح ناشتہ وغیرہ کر کے روضہ مبارک حضرت پیران پیر غوث دستگیر حضرت عبدالقادر جیلانیؒ کے دیدار کے لئے روانہ ہوئے۔

Marfat.com

ہاں مجھے یاد آیا ہے جب میں لاہور سے روانہ ہوا - تو میرا پروگرام تھا کہ میں غوث پاک کے روضے پر جو کہ بغداد شریف میں ہے حاضری دوں گا - تو میرے ماموں اکبر علی مرحوم نے کہا کہ بغداد شریف میں روضہ مبارک پر میرا ایک جگری یار ہے - جس کا نام محمد شفیق ہے - اس کو ہر صورت میں ملنا اور میرا اسلام کہنا - دوسرا یہ کہ میں جاتے وقت محمد شفیق صاحب کے بھائی احمد علی صاحب سے ملا - اُسے بھی کہا کہ تم ضرور میرے بھائی سے ملنا اور خیریت معلوم کرنا تو میں نے جاتے وقت وعدہ کیا تھا کہ میں شفیق صاحب کو ضرور ملوں گا اور دونوں کا سلام دوں گا -

چنانچہ میں اور منظور صاحب بنی سُکھ لاہور والا نے غوث پاک کے روضہ پر حاضری دی اور ان کے ایصالِ ثواب کے لئے دعا کی - جمعہ کا دن تھا - نماز جمعہ بھی روضہ اقدس کی مسجد میں ادا کی - نماز ادا کرنے کے بعد وہاں سے ایک آدمی سے دریافت کیا کہ یہاں پر شفیق نامی کوئی پاکستانی ہے - ہم اس سے ملنا چاہتے ہیں تو اس آدمی نے بتایا کہ یہاں پر شفیق نامی کوئی پاکستانی نہیں ہے - البتہ بابا غلام حسین ایک پاکستانی ہے تو ہم نے اس سے کہا - اچھا بھائی! ہمیں غلام حسین ہی کا پتہ بتا دو - اس آدمی نے کہا کہ اُدھر دوسری جگہ پر جاؤ اور درمیان والے کمرے میں معلوم کر لینا -

جب میں اور منظور صاحب اس آدمی کی بتائی ہوئی جگہ پر پہنچے - تو ایک بزرگ سفید داڑھی والے ڈیسک پر بیٹھ کر قرآن پاک کی تلاوت کر رہے تھے تو میں نے پہلی ہی نظر میں پہچان لیا کہ یہ بزرگ ہی بابا شفیق عرف بابا غلام حسین ہیں - کیونکہ بابا صاحب کی شکل و صورت بالکل اس

Marfat.com

کے بھائی اور قریبی رشتہ داروں سے ملتی جلتی تھی۔ سب سے پہلے میں نے السلام علیکم کہا تو جواب ملا۔ وعلیکم السلام۔ اس کے بعد بابا جی پھر پڑھنے میں مشغول ہو گئے۔ میں نے کہا کہ میں پاکستان سے آیا ہوں اور میرا گاؤں سگیاں کے حکیم محمد عبداللہ صاحب کا بیٹا اور اکبر علی کا بھانجا ہوں۔ تب بھی اُس بابا نے کوئی پرواہ نہ کی اور صرف یہ کہا کہ اچھا۔ پھر قرآن پڑھنے میں مشغول ہو گئے ہم تقریباً پون گھنٹہ وہاں بیٹھے رہے۔ اتنے میں عصر کی اذان ہو گئی تو ہم کہنے لگے کہ نماز کے بعد دوبارہ حاضر ہوتے ہیں۔ دوبارہ نماز کے بعد حاضر ہوئے تو بابا صاحب نے ہمیں کوئی لفٹ نہ کرائی۔ آخر ہم واپس کاظمین (جہاں ہم ٹھہرے ہوئے تھے) آ گئے۔

دو تین دن کے بعد ہم دوبارہ گئے۔ پھر بابا صاحب کو ملے۔ کوئی بات نہ ہوئی۔ کیونکہ وہ بہت کم بولتے تھے اور ہر وقت نماز اور قرآن پڑھنا ہی ان کا شغل تھا۔

دو تین ملاقاتوں کے بعد انہوں نے ہم کو پہچانا اور پھر گھر والوں کا حال پوچھنے لگے۔ ایک دن ملاقات کے بعد ہم جانے لگے تو بابا جی نے فرمایا کہ کھانا کھا کر جانا۔ ہم نے مغرب کی نماز روضہ اقدس میں ادا کی اور بابا جی کے کمرے میں آ گئے۔ تھوڑے ہی عرصہ میں یعنی پندرہ بیس منٹ میں تو یہ کمرہ لوگوں سے بھر گیا۔ اور تمام لوگ کمرے میں بیٹھ گئے تو بابا صاحب نے لنگر تقسیم کرنا شروع کر دیا۔ بابا جی ایک کونے میں بیٹھے تھے اور ایک چھوٹی سی کیتلی تھی۔ جس میں سالن تھا۔ اپنے ہاتھ سے ہر ایک کو ایک ایک پیالی میں ڈال کر دے رہے تھے۔ سب نے سیر ہو کر کھانا کھایا تو اُس کیتلی میں سے سالن ختم ہونے کا نام ہی نہیں لیتا تھا۔

Marfat.com

کھانا کھانے کے بعد چائے کا دَور ہوتا تھا - وہ بھی ایک چھوٹی سی کیتلی میں قہوہ پکاتے تھے - ہر ایک نے ایک ایک گرم گرم پیالی قہوہ کی پی یہ بھی وَیسا ہی حال تھا کہ قہوہ ختم ہونے کا نام ہی نہیں لیتا تھا - یہ سب حضور اکرم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اور حضرت غوث الاعظم حضرت عبدالقادر جیلانی کی کرم نوازی تھی -

جب بھی ہم عراق جاتے تو ہم بغداد میں روضہ اقدس حضرت عبدالقادر جیلانی غوث اعظمؒ پر ضرور بر ضرور حاضری دیتے اور جب ہم حاضری دیتے تو باباجی سے بھی ملاقات ہوتی اور اب کیا تھا کہ تمام باتیں گھر کی اور باہر کی کہہ لیتے تھے اور ہم آپس میں گھل مل گئے تھے - یہ کھانا کھانے والی اور قہوہ (چائے) پینے والی کرامت میں نے بابا صاحب کی دیکھی - یہ بات اکتوبر نومبر ۱۹۷۰ء کی ہے جو کہ اب تک مجھے یاد ہے -

Marfat.com

## الحاج محمد افضل سگیاں کلاں (سابقہ محکمہ خوراک)
## موتی قوجی

حضرت بابا محمد شفیق رحمۃ اللہ علیہ ایک متقی اور پرہیزگار شخصیت کے کے مالک تھے۔ جنہوں نے اپنی ساری زندگی جناب سیدنا حضرت پیران پیر غوث پاک بغداد شریف (عراق) کی خدمت میں وقف کر دی تھی۔

جن کے متعلق اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

"اے ایمان والو! ڈرو اللہ سے اور ساتھ ہو جاؤ۔ سچوں کے۔"
تو ہم آج دیکھیں کہ سچے کون ہیں؟

سچے یہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنی ساری کی زندگی اللہ تعالیٰ کے گھر میں قیام اور سجود میں ہی گزار دی تو معلوم ہوا کہ حضرت باباجی صاحب نے اللہ تعالیٰ کے احکام، حضور پاک کی شریعت کے عین مطابق اپنی زندگی بسر کی ہے۔ تو عرض ہے کہ ہم لوگ بھی ان ہی نقشِ قدم پر چل کر راہ نجات حاصل کر سکتے ہیں۔

ہم میں سے کئی لوگوں کو باباجی کے ساتھ مل بیٹھنے، ان کی باتیں سُننے اور ان کی زیارت کرنے کا شرف حاصل ہوا۔ آپ بڑے سادہ کم گو اور دن رات زہد و عبادت میں مصروف رہنے والے انسان تھے۔ انہوں نے اپنے تزکیۂ نفس کے لئے اپنے وطن، زمینوں، عزیز و اقرباء اور دوست و احباب کو چھوڑا۔ سفر کی صعوبتیں برداشت کیں تنہا رہ کر، بھوک اور پیاس جھیلی۔ آخر اللہ پاک نے ان کو ولایت کے عہدے پر فائز فرمایا۔ ان کی زندگی ہمارے لئے مشعل راہ ہے۔

Marfat.com

## محمد صدیق ولد محمد شفیع مزاری سگیاں کلاں

علامہ اقبالؒ کا جنم دن تھا۔ عام تعطیل تھی۔ میں صبح سویرے بابا جی حاجی محمد شفیق صاحبؒ کی ملاقات کے لئے گیا۔ بابا جی چولہے کے پاس بیٹھے اپنے سر پہ سکاٹی کر رہے تھے۔ کیونکہ ان کے سر میں درد تھا۔ بابا جی کو سلام عرض کرنے کے بعد چند قدم پر چارپائی پہ اخبار پڑا تھا۔ میں نے اخبار اٹھایا تو اس کے پہلے صفحہ پہ اقبال ایڈیشن شائع تھا۔ جس پہ علامہ اقبالؒ کی خوبصورت فوٹو اور شہ سرخی کے ساتھ حضرت علامہ محمد اقبالؒ لکھا ہوا تھا۔ میں نے اخبار اٹھاتے ہی حضرت علامہ کی شان میں سنی سنائی بات کہہ دی کہ علامہ صاحب شراب پیتے تھے اور اب رحمت اللہ علیہ بن بیٹھے۔ بابا جی بہت اونچا سنتے تھے اور میں نے آہستہ آواز میں یہ بات کہی اور بار یابی سے چند قدم دور بھی تھا۔ مگر ولی اللہ ہونے کی وجہ سے بابا جی کو میری بات کا علم ہو گیا تھا۔ اور انہوں نے اشارتاً مجھے اپنے پاس بلایا اور کہا کہ میں تجھے ایک بات بتاتا ہوں۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کا اس میں بھلا ہو۔ انہوں نے مجھے بتایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے ایک شخص کی معمولی زندگی کے متعلق دکھایا کہ وہ شخص صبح اٹھتا ہے۔ داڑھی مونڈھتا ہے اور انگریزی لباس بھی پہنتا ہے۔ ناشتہ کرتا ہے اور اپنے کاموں میں مشغول ہو جاتا ہے اور شام کو کھانا کھا کر سو جاتا ہے۔ یہی اُس کی زندگی کا معمول ہے۔ کچھ عرصہ بعد اللہ تعالیٰ نے مجھے دکھایا کہ وہ شخص اس دُنیا سے رخصت ہو گیا ہے اور جب اُسے قبر میں دفن کیا گیا تو اللہ تعالیٰ نے اس کے استقبال کے لئے فرشتے بھیجے جن کے ہاتھوں میں خوب صورت

Marfat.com

پھولوں کے گلدستے تھے۔ اور مرحبا پڑھ رہے تھے اور اس شخص کے گلے میں ڈال کر اس کو ہاتھوں میں اٹھا کر جنت الفردوس میں لے گئے۔ یہ واقعہ بیان کرنے کے بعد مجھ سے مخاطب ہو کر کہا کہ رحمت اللہ علیہ کہنے سے کوئی گناہ نہیں اس کا مطلب ہے کہ اللہ اس پر رحمت نازل کرے۔ میں تجھے کہہ دوں اور آپ مجھے کہہ دیں۔ اس میں کیا حرج ہے۔ یہ سن کر میں بہت پریشان ہوا اور اللہ سے معافی مانگی۔

میں حیران تھا کہ بابا جی نے تو سن سکتے تھے کیونکہ میں چند قدم دُور تھا اور بابا جی کی قوت سامع بھی کمزور تھی یہ صرف اور صرف ان کی بزرگی کا کمال تھا جو اُن کو ہر بات کا علم ہو جاتا تھا۔

ایک واقعہ جو بابا جی نے مجھے بتایا وہ یہ تھا کہ ایک صبح جب میں باریابی کے لئے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ تو مجھے بتایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے بشارت دی ہے کہ جس شخص نے مجھے نماز کا درس دیا تھا۔ اُسے اللہ تعالیٰ نے بخش دیا ہے اور کہا کہ ویسے تو وہ شخص نیک تھا۔ میں نے عرض کیا کہ بابا جی اگر وہ شخص نیک تھا۔ تو اللہ تعالیٰ نے اسے اس وقت کیوں نہ بخش دیا آج اُسے فوت ہوئے کئی سال گزر چکے۔ اب اللہ تعالیٰ نے اس کے بخشے جانے کی بشارت آپ کو دی ہے اور وہ بھی آپ کی بدولت۔ اس پر بابا جی بولے کہ کچھ گناہ اور کچھ نیکیاں ایسی بھی ہوتی ہیں جو بے علمی میں ہو جاتی ہیں۔ میں نے کہا۔ کہ وہ کیسے تو بابا جی فرمانے لگے کہ ایک شخص راستے میں جا رہا ہے اور راستہ ایک باغ میں سے گزرتا ہے۔ باغ میں پکے ہوئے خوبصورت میوے لگے ہوئے ہیں۔ اس شخص کا پکے ہوئے پھل دیکھ کر دل چاہتا ہے کہ وہ اس کو میسر آئیں اور وہ کھائے۔ مگر وہ باغ سے پھل نہیں توڑتا۔ کیونکہ

باغ کسی اور کی ملکیت ہے۔ یہ بھی ایک نیکی ہے۔ کیونکہ اُس نے اپنے نفس پر قابو رکھا اور اللہ کے خوف سے چوری نہ کی۔

بابا جی کو میرے ساتھ بڑا پیار تھا۔ یہ اللہ تعالیٰ کی مہربانی تھی ورنہ مجھ میں تو کوئی خوبی نہ تھی۔ میری ٹانگ سکوٹر کے حادثہ میں ٹوٹ گئی۔ ایک جراح نے اسے سیدھی کر کے پٹی باندھ دی۔ جب بابا جی کو علم ہوا تو وہ میری خیریت پُوچھنے کے لئے آئے۔ میں نے بابا جی سے عرض کیا کہ اللہ سے دعا کریں کہ میری ٹانگ درست ہو جائے۔ بابا جی نے ٹوٹی ہوئی ٹانگ جہاں پٹی باندھی تھی اُسے ہاتھ کے نیچے رکھ کر دعا مانگی۔ اس بات پر مجھے کوئی درد نہ ہوا۔ میں یہ بھی نہیں جانتا کہ ہڈی ٹوٹنے کے بعد لوگوں کو بھی درد ہوتا ہے یا نہیں۔ بہر حال مجھے جب تک میری ٹانگ ٹھیک نہیں ہوئی۔ کسی قسم کا کوئی درد نہ ہوا

بابا جی رحمتہ اللہ علیہ اللہ کے بہت قریب تھے۔ ہر وقت نصیحت کرتے کہ خدا کی عبادت کیا کرو۔ وہ ہر جمعہ کو دو آدمیوں کے کندھوں پہ ہاتھ رکھ کر میری عبادت کے لئے آتے رہے کیونکہ آپ کافی ضعیف تھے اور سہارے کے ساتھ چلتے تھے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بابا جی رحمتہ اللہ علیہ کی طفیل ہمیں بھی اللہ اور اس کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی فرمانبرداری کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

Marfat.com

محمد ابراہیم نمبردار سگیاں کلاں ولد محمد اسمٰعیل نمبردار

حاجی صوفی محمد شفیقؒ کا ابتدائی زندگی کا زمانہ انگریزی حکومت کا دور تھا - اور زمیندار لوگ تعلیم کو بہت بُرا سمجھتے تھے اور کہتے تھے کہ ہم نے پڑھا کر کوئی نوکری کروانی ہے - اور کہتے تھے - ہم خود گھر میں بادشاہ ہیں - ہم غلامی (ملازمت) نہیں کرنا چاہتے - لیکن تعلیم سے کوسوں دُور بھاگتے تھے - انگریزی زمانہ میں چھ سال سے دس سال تک کی عمر تک تعلیم لازمی قرار دے دی گئی تھی جو والدین بچے کو سکول میں داخل نہ کرواتے تھے ان کے برخلاف عدالتی کاروائی کی جاتی تھی - جس میں قید اور جرمانہ بھی ہو سکتا تھا - لیکن حاجی صوفی محمد شفیقؒ کا دستور یہ تھا کہ ان کو تعلیم کا بہت شوق تھا - لیکن آپ کسی مدرسے میں داخل نہیں تھے اور آپ مویشی وغیرہ چراتے تھے لیکن شوق کی وجہ سے عربی کا قاعدہ (اُس وقت عربی کے قاعدے کو بغدادی قاعدہ کہتے تھے -) وہ بہت مشکل تھا - صوفی صاحب اپنے ساتھ بغل میں (غلاف میں لپیٹ کر اپنے پاس ہر وقت) قاعدہ رکھتے تھے - جہاں کوئی پڑھا ہوا آدمی نظر آتا اُسی سے سبق لے لیتے اور سارا دن یاد کرتے رہتے - عموماً مجھ سے یعنی (محمد ابراہیم ولد محمد اسمٰعیل نمبردار سگیاں کلاں) سے صبح و شام سبق یاد کرتے اور سناتے رہتے تھے - یہ تقریباً ۱۹۳۴ء کی بات ہے - عربی کے علاوہ فارسی کا بھی بہت شوق رکھتے تھے - لیکن اُس زمانے میں فارسی بہت بولی جاتی تھی - صوفی صاحب نے مجھ سے پہلے فارسی کا مصادر نامہ پڑھا - یعنی اس کا پہلا مصدر آمدن آنا آید مضارع تھا - اس کے بعد عربی کا قاعدہ بغدادی قاعدہ پڑھا اور اس کے بعد فارسی کی پہلی

Marfat.com

کتاب کا سبق لینا شروع کیا - اس کا پہلا مصرعہ یہ تھا -

کریما بہ بخشائے بر حال ما

کہ ہستم اسیر کمند ہوا

تقریباً ترسیٹھ چوسٹھ سال کا عرصہ گزر چکا ہے لیکن حاجی محمد شفیق رح کے سبق ابھی تک مجھے یاد ہیں - اور وہی نقشہ آنکھوں کے سامنے نظر آرہا ہے - صوفی صاحب نماز اور روزہ کے پابند تھے - اور دنیا کے کھیل وغیرہ سے بالکل مخالف تھے - بس اللہ تعالیٰ کا علم اور اللہ تعالیٰ کی یاد کی طرف دل لگا ہوا تھا - وہ عموماً اکیلے رہنا پسند کرتے تھے -

دوسرے ہم عمر لوگوں سے بھی بہت ہی کم دلی لگاؤ تھا - آپ تنہائی پسند تھے کیونکہ اُن کی صحبت کا آدمی اُن کو نہیں ملتا تھا - چنانچہ کسی سے نہ تو آپ جھگڑتے اور نہ ہی زبان دراز تھے - بس اپنے شوق کی طرف لگے ہوئے تھے چنانچہ گرمیوں کے دن تھے - لوگ اپنی اپنی گندم کے کھلیان (کھلواڑے) گاہ رہے تھے - آپ اپنے گھر سے صرف دس روپے لے کر قرآن مجید خریدنے کے لئے لاہور گئے - پھر واپس گھر نہیں لوٹے -

کافی عرصہ کے بعد عراق سے ایک خط آیا - جس کو میں نے پڑھا اور اس کا جواب فارسی اور اردو میں لکھا - وہ آپ تک پہنچ گیا - پھر کافی عرصہ کے بعد آپ سگیاں کلاں سابقہ سگیاں جو دریائے راوی کے کنارے پر تھی تشریف لائے - اور آپ نے تشریف لاتے ہی اپنے بھائی احمد علی صاحب سے پوچھا کہ محمد اسمٰعیل نمبردار کا بیٹا محمد ابراہیم زندہ ہے - اور کہاں ہے جواب ملا وہ زندہ ہے اور مجھے اپنے پاس بلایا گیا اور دیکھ کر بہت خوش ہوئے اور آپ عموماً زیادہ اردو بولنے کے عادی ہو گئے تھے اور میرے

Marfat.com

ساتھ بھی اُردو میں گفت وشنید ہوتی رہی اور بہت خوش ہوتے تھے۔ کیونکہ میں اچھی طرح آپ کو اُردو میں جواب دے دیتا تھا۔ کئی دفعہ عام لوگ پنجابی میں بات کرتے تو مجھے کہتے کہ ابرا ہیم! یہ لوگ کیا کہتے ہیں۔ میں پھر پنجابی کا اُردو میں جواب آپ کو سمجھا دیتا۔ اور آپ بہت خوش ہوتے اور کہتے کہ کئی آدمیوں کی بات تو میری سمجھ میں ہی نہیں آتی۔ پھر آپ آہستہ آہستہ پنجابی بھی سمجھنے لگے لیکن جواب اردو ہی میں دیتے۔ پھر پنجابی زبان میں بھی بولنے لگے اور جواب اردو اور پنجابی میں دینے شروع کر دیئے تھے۔ آپ سادہ طبیعت کے تھے۔ قمیص اور تہمند پہنتے تھے اور سر پر ایک کھدر کا کپڑا لپیٹے رکھتے تھے۔ یعنی سُنّتِ محمدیؐ قائم رکھتے ہوئے سر کبھی ننگا نہیں ہونے دیا تھا۔ صاف گو تھے۔ آپ عموماً تارک الدنیا تھے اور ہر وقت قرآن پاک کی تلاوت میں لگے رہتے تھے۔ عموماً لوگوں سے بہت کم گفتگو کرتے اور دل قرآن پاک کی تلاوت ہی میں مشغول رہتا تھا۔ اور گفتگو کرتے تو بالکل آہستہ اور بہت نرمی سے جواب دیتے اور اگر کوئی آپ سے دنیاوی تذکرہ کرتا تو وہ نفی میں جواب دیتے اور فرماتے کہ بھائی صاحب! آپ دنیاوی باتوں کا ذکر میرے بھائی احمد علی یا غلام حسین سے کیجئے۔ ہمیں دُنیا کے کاموں کی بالکل خبر نہیں ہے۔ شنیدم کہ ماہ رمضان کے روزہ کے وقت صرف ایک وقت کھانا کھاتے آپ کا یہ عموماً معمول تھا اور دن رات قرآن پاک کی تلاوت کرتے اور سُنا ہے آپ ہر روز قرآن پاک ختم کر لیتے تھے۔ یعنی ماہ رمضان میں تیس دفعہ قرآن پاک پڑھتے تھے۔ سبحان اللہ آپ کی یہ شان اور دلی لگاؤ تھا۔ یہ تمام واقعات چشم دیدہ ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ آپ کے نقشِ قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

Marfat.com

## حاجی محمد بشیر سانده کلاں لاہور

بندہ ناچیز ۱۹۶۴ء میں زیارتوں کے لئے بغداد شریف (عراق) میں گیا اُس وقت میری پہلی ملاقات حاجی محمد شفیق صاحب سے ہوئی۔ جناب حاجی محمد شفیق صاحب ولی کامل تھے۔ سلام دعا کے بعد آپ نے فرمایا کہ بھائی بشیر کیا کھاؤ گے۔ میں نے عرض کیا کہ حاجی صاحب لال مرچ کا کھانا کھاؤں گا۔ کیونکہ ایران اور بغداد شریف میں سُرخ مرچ کا کھانا نہیں ملا۔ تو آپ نے فرمایا جب تک بغداد شریف رہو گے۔ کھانا سرخ مرچ کا ملے گا۔ پھر حاجی صاحب نے خود کھانا تیار کیا اور ہم نے اکٹھے کھانا کھایا۔ بغداد شریف کے لنگر خانے کا انتظام ان کے ذمے تھے۔ ہندوستان اور پاکستان کے جو زائرین بغداد شریف شیخ عبدالقادر جیلانی کے دربار حاضر ہوتے سب کو کھانا ملتا تھا۔ اور سب کو حاجی صاحب ہی کھانا کھلاتے تھے۔ جب آپ بغداد شریف گئے تھے۔ اس وقت ہندوستان میں انگریز کی حکومت تھی۔ جب آپ تشریف لائے تو پاکستان بن چکا تھا۔ آپ آزاد وطن پاکستان میں آئے۔ مجھے پتہ چلا کہ حاجی صاحب سگیاں کلاں میں تشریف لا چکے ہیں۔ تو میں اور میری بیگم حاجی صاحب کی خدمت میں پیش ہوئے۔ کیونکہ وہ ولی کامل بن کر آئے تھے جس وقت میں ملا۔ اُس وقت میں تین لڑکیوں کا باپ تھا۔ میں نے عرض کی۔ کہ حاجی صاحب دعا فرمائیں کہ اللہ کریم لڑکا عطا فرمائے۔ تو آپ نے فرمایا کہ بھائی بشیر ابھی کیا بگڑا۔ بعد میں اپنے گھر والوں کو کہا۔ کہ بشیر صاحب کے گھر لڑکے کے بجائے اب دو اکٹھی بیٹیاں پیدا ہوں گی۔ اور ایسا ہی ہوا دو اکٹھی بیٹیاں پیدا ہوئیں۔ ایک مر گئی۔ ایک زندہ ہے۔ اس کے بعد

Marfat.com

ہم پھر حاضر خدمت پیش ہوئے۔ تو آپ نے فرمایا کہ ابھی کیا بگڑا ہے۔ ہم واپس اپنے گھر واپس چلے گئے۔ پھر لڑکی پیدا ہوئی۔ پانچ لڑکیاں پیدا ہو گئیں۔ ہم پھر حاضر خدمت پیش ہوئے تو فرمایا کہ بھائی بشیر ابھی کیا بگڑا ہے۔ ہم پھر واپس اپنے گھر آ گئے۔ پھر لڑکی پیدا ہوئی۔ میں چھ لڑکیوں کا باپ بن گیا۔ لیکن میں نے بھی ہمت نہ ہاری۔ میں پھر اکیلا حاجی صاحب کی خدمت میں پیش ہوا تو پھر حاجی صاحب نے فرمایا۔ بھائی بشیر! ابھی کیا بگڑا ہے۔ تو میں نے عرض کیا۔ حاجی صاحب! ابھی بگڑا ابھی کچھ نہیں۔ چھ بیٹیاں ہو چکی ہیں۔ میں نے عرض کیا کہ حاجی صاحب! آج میں بے مراد واپس نہیں جاؤں گا۔ آج مراد حاصل کر کے جاؤں گا۔ اگر حاجی صاحب مراد پوری نہیں ہوتی تو مجھے گولی مار دو۔ میں خالی واپس نہیں جاؤں گا تو حاجی صاحب کھلکھلا کر ہنس پڑے اور خوب ہنسے تو میں سمجھ گیا اب کام ہو گیا۔ حاجی صاحب نے فرمایا۔ بھائی بشیر اب اپنے گھر چلے جاؤ۔ اللہ کریم بھلا کرے گا۔ پورے پانچ ماہ بعد امین نامی آدمی کو میرے گھر پیغام دے کر بھیجا کہ بھائی بشیر کو بولو کہ اب لڑکا پیدا ہوگا۔ پھر پورے وقت پر لڑکا پیدا ہوا۔ میں خوشی خوشی اطلاع دینے آیا تو سگیاں کی گلی میں عورتوں نے کہا۔ کہ بشیر! آپ کے گھر لڑکا پیدا ہوا ہے میں نے کہا۔ ہاں! اللہ کریم نے لڑکا دیا ہے۔ حاجی صاحب کی دعا قبول ہو گئی ہے۔ جب میں حاجی صاحب کی خدمت میں پیش ہوا۔ تو بتایا۔ حاجی صاحب بہت خوش ہوئے اور اُسی وقت پھر فرمایا کہ ایک اور لڑکا آئے گا۔

بھائی صاحب! دو لڑکوں کی منظوری ہوئی ہے۔ پھر دوسرا لڑکا۔ آپ کے وصال کے دو سال بعد پیدا ہوا۔ ایک بچے کا نام محمد عثمان عزیز ہے

جواب دسویں جماعت میں زیرِ تعلیم ہے - دوسرا لڑکا اویس احمد بشیر چھٹی کلاس میں زیرِ تعلیم ہے -

کرامت ولی کی یہ ہے کہ دونوں لڑکوں کی پیدائش پیر کا دن اور گیارھویں شریف کا دن مع صادق ہے - ان کے بعد پھر لڑکی پیدا ہوئی اور مر گئی اُسی وقت پھر ہم نے توبہ کر لی -

حاجی صاحب کے وصال کے بعد کا ایک اور واقعہ رقم ہے -

میں سگیاں کلاں کے ایک آدمی کا پچاس ہزار روپے کا مقروض تھا - سُودی پیسہ دینا تھا - اُس شخص نے بہت پریشان کیا ہوا تھا - ہم میاں بیوی حاجی صاحب کی خدمت میں (دربار) پیش ہوئے - اپنی پریشانی بیان کی - کہ آپ کے گاؤں کا آدمی ہے اُس کا پیسہ دینا ہے اس نے بہت پریشان کیا ہوا ہے - حاجی صاحب اُس سے ہماری جان چھڑائیں - دعا مانگ کر ہم گھر چلے گئے - میں پریشان ایک سڑک پر کھڑا تھا - میرا ایک دوست وہاں سے گزرا - اس نے مجھے پوچھا - کہ یہاں کیوں کھڑے ہو - میں نے کہا کہ گاڑی سے باہر آکر پوچھو - وہ گاڑی سے باہر آیا اور پوچھا کیا وجہ ہے - میں نے کہا کہ میں پریشان ہوں - اُس نے کہا -

"کیا پریشانی ہے"

میں نے کہا -

"کہ ایک لاکھ روپے چاہیئے" اس نے کہا - کیا کرنا ہے - میں نے کہا کہ زمین خریدنی ہے - بیعانہ دینا ہے - اُس نے کہا - زمین دکھاؤ - میں اُس کی گاڑی میں بیٹھ گیا - جا کر اُسے زمین دکھائی - زمین میں آٹھ آٹھ فٹ پانی کھڑا تھا - کہنے لگا - یہ زمین بک جائے گی - میں نے کہا - ہاں بک جائیگی

Marfat.com

اُس نے ایک لاکھ روپیہ مجھے دے دیا۔ میں نے زمین خرید لی۔ روزانہ
زمین پر کھڑا ہو کر لوگوں کو کہتا۔ زمین لے لو۔ زمین لے لو۔ پندرہ یوم کے بعد
ایک خریدار بن گیا۔ اس کے ہاتھ زمین فروخت کر کے ایک لاکھ روپیہ کمایا
پچاس ہزار روپے اپنے دوست کو پرافٹ دے دیا اور ساتھ ایک لاکھ روپے
بھی ادا کر دیئے۔ باقی پچاس ہزار روپے سگیاں والے آدمی کو بذریعہ
چوہدری غلام حسین دے دیا۔ ہم حاجی محمد شفیق صاحبؒ اور ان کے بھتیجے
چوہدری غلام حسین صاحب کے ہمیشہ گن گانے اور دعائیں دیتے رہیں گے۔
یہ سب فیض حاجی محمد شفیقؒ ولی اللہ سے ملا۔

Marfat.com

## محمد ادریس ولد میاں محمد شفیع چوہان پارک اسلام پورہ لاہور

تقریباً ستر سال پہلے حضرت بابا صوفی محمد شفیقؒ مویشی چراتے پر مامور تھے۔ اُن کو جس کام پہ لگایا جاتا وہ بڑے شوق اور بڑے احسن طریقے سے انجام فرماتے۔ بچپن میں قرآنی اور دوسری تعلیم حاصل نہ کر سکنے کی وجہ سے جوانی میں علم حاصل کرنے کے خواہاں رہتے تھے۔ اکثر قرآن پاک پاس رکھتے اور فارغ اوقات میں اس کی تعلیم حاصل کرتے رہتے۔ اسی جدوجہد میں ایک دن گھر سے نکل کھڑے ہوئے۔ بیس سال بعد معلوم ہوا۔ کہ آپ حضرت سیدنا غوث اعظم کے آستانہ عالیہ پر بطور لانگری کام کر رہے ہیں۔

مجھے یقین ہے کہ یہ سب حضرت غوث پاک کی کرامت ہے۔ کہ ان پڑھ اور کچھ نہ جاننے والے آدمی پر کرم کی نظر کی اور عربی اُردو اور قرآن سکھا دیئے۔ اس دوران باباصاحب نے ایک حج اور بہت سے عمرے کرنے کی سعادت حاصل کی۔ اس طرح آپ ۱۹۷۳ء میں لاہور پاکستان میں تشریف لائے۔

حضرت باباجی کبھی کسی پر تنقید نہیں کرتے تھے۔ آپ بہت سارا وقت تلاوت قرآن مجید میں صرف فرماتے۔ مسجد میں باتیں کرنا تو درکنار وہ فضول بات کا جواب بھی نہ دیتے۔ قرآن پاک کی تلاوت بڑی روانی سے فرماتے کہ جیسے زبانی یاد ہو۔ عربی کا تلفظ بڑی مہارت اور خوبصورتی سے ادا فرماتے اور عرصہ چار یوم میں پورا قرآن پاک ختم فرما لیتے کیونکہ آپ کی عربی زبان پہ بڑی دسترس تھی۔ یہ عمل آپ لگاتار جاری رکھتے۔ آپ ہر بات شائستہ اُردو میں اور بڑی آہستہ کرتے۔ آپ ہمیشہ مثبت بات کرتے۔ میں نے انہیں کبھی کسی کا دل دکھاتے نہیں دیکھا اور نہ سُنا۔ اکثر وقت زوال تک

Marfat.com

مسجد ہی میں گزارتے اور ظہر سے پہلے پھر مسجد میں حاضر ہو جاتے۔ آپ دن کا کچھ حصّہ دریائے راوی کے کنارے تفسیر قرآن پڑھنے اور وقت گزارنے
بابا جی سارا وقت یادِ الٰہی میں صرف کرتے۔

میں نے بابا جی کو اکثر روزے کی حالت میں پایا۔ جس کا وہ کسی سے چرچا نہ کرتے۔ چمکیلے لباس زیبِ تن استعمال نہ فرماتے۔ ہمیشہ نہایت صاف سادہ اور سفید رنگ کا لباس پسند فرماتے۔ میں نے اکثر انہیں بہت آہستہ آہستہ باتیں کرتے سُنا۔ جیسے اُن کے سامنے کوئی موجود ہو۔ لیکن ظاہری طور پر کوئی پاس نہ ہوتا۔ میرے خیال میں وہ اللہ سے ہم کلام ہوتے اور یہ راز پوشیدہ رکھتے۔ آپ رزقِ حلال کی تلقین فرماتے۔ فضول بحث میں کبھی حصّہ نہ لیتے اور فضول نہ بولنے کی تلقین فرماتے۔ میں نے بغداد پاک سے آنے کے بعد عرصہ دراز کے دوران ان کی نماز قضا ہوتے نہیں دیکھی اکثر نماز مسجد میں باجماعت ادا فرماتے۔ جو کہ پکّے اور سچّے مسلمان ہونے کی نشانی ہے۔ اللہ والوں کی باتیں سننے اور سنانے میں مسرّت محسوس کرتے غالباً ۱۹۷۰ء کے دوران ہمارے گاؤں کی زمین پر دریائے راوی نے کٹاؤ شروع کر دیا اور ساتھ ہی ساتھ سیلاب کے بڑے ریلے نے بھی آ لیا۔ دیکھتے ہی دیکھتے باغات اور مکانات دریا کے کٹاؤ کی زد میں آ گئے کچھ گاؤں کے لوگ اکٹھے ہو کر بابا جی کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کرنے لگے کہ دریا کو روکیں۔

بابا جی نے فرمایا۔

کہ "خدا کے حکم کے آگے سرِ تسلیم خم ہوں۔ جو رَب کی رضا وہ میری رضا ہے"
اس پر لوگ خاموشی سے چلے گئے۔

دورانِ سیلاب چند دن میرے مہمان رہے۔ آپ کو نزدیک سے دیکھتے

Marfat.com

کا شرف حاصل ہوا۔ آپ کم بولتے اور کم کھاتے۔ کوشش کرتے کہ کسی کو کسی قسم کی تکلیف نہ ہی دی جائے۔ خود ہی پوچھنا پڑتا۔ جبکہ پوچھنے پر بھی ٹال جاتے آپ کی وجہ سے کھانے میں برکت پڑ جاتی۔ ان ایّام کے درمیان میں یہ محسوس نہ ہو سکا۔ کہ بابا جی کس وقت سوتے اور جاگتے ہیں۔ میں نے جب دیکھا۔ آپ جاگتے ہی نظر آئے۔

بابا جیؒ فرشتہ سیرت انسان تھے۔ اصل میں میں بدقسمت آدمی ہوں۔ کہ اس اللہ والے سے کچھ استفادہ حاصل نہ کر سکا۔ یا پھر میں کچھ لینے کے قابل ہی نہ تھا۔

Marfat.com

## بابو عبد الحمید سگیاں کلاں

حضرت بابا صوفی محمد شفیق بغدادیؒ ایک ولی اللہ تھے ۔ میں ان کے ہاں اکثر جایا کرتا تھا کہ وہ مجھے اپنا مُرید بنا لیں ۔ جب بھی میں نے ان سے کہا کہ آپ مجھے اپنا مرید بنا لیں تو وہ فرما دیتے کہ جاؤ بھائی کہیں اور سے کوئی پیر پکڑو ۔ ہم تو بہت گنہ گار بندے ہیں ۔ میں تم کو کیسے مرید بنا لوں ۔ اسی طرح تقریباً دو سال تک میں اُن کے پیچھے پڑا رہا ۔ پھر ایک دن انہوں نے مجھے اتنا کہا کہ میں مرید تو نہیں کرتا ۔ لیکن میں تم پر نظر رکھوں گا ۔ یعنی خیال کیا کریں گے ۔ میں بہت خوش ہو گیا ۔ ان کا ہمیشہ کام مسجد میں جا کر قرآن پاک تلاوت کرنا اور عبادت کرنا رہا ۔ قرآن پاک اتنا صاف پڑھتے کہ آدمی کا دل کرتا کہ میں بیٹھ کر سُنتا رہوں ۔ وہ کہہ دیتے بھائی ! جاؤ آپ کو کوئی کام تو نہیں ؟ میں کہہ دیتا دنیا کے کام صرف ہمارے لئے رہ گئے ہیں ۔ پھر وہ کہہ دیتے ۔ اچھا بھائی تم بیٹھ جاؤ اور قرآن پاک سنو ۔ دنیاوی بات نہیں کرتی ۔ میاں صاحب روزے کثرت سے رکھتے تھے ۔ ہر وقت اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے تھے ۔ وہ جب بیمار ہوئے ان کی ایک آنکھ ضائع ہو گئی ۔ میں عیادت کے لئے گیا اور میاں صاحب سے پوچھا کہ آپ کا کیا حال ہے ۔ بولے اللہ تعالیٰ کا بہت شُکر ہے ۔ کہ اس نے مجھے بیماری دی ۔ بیمار رہنے سے آدمی کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں ۔

وہ جب بھی اکیلے ہوتے ۔ اللہ تعالیٰ سے براہِ راست گفتگو کرتے تھے ۔ ہم نے کئی دفعہ ان کو اللہ تعالیٰ سے باتیں کرتے دیکھا ۔ وہ بڑے بزرگ ہستی تھے ولی اللہ تھے ۔ ان کو اللہ تعالیٰ کا بہت قُرب حاصل تھا ۔ بچوں سے بہت محبت کرتے تھے ۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ جگہ عطا فرمائے ۔ آمین

Marfat.com

منظور احمد ولد غلام نبی سگیاں کلاں
ڈپٹی ڈائریکٹر شعبہ شماریات پنجاب لاہور

توحید و رسالت کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ توحید کا اعلان ہے۔ کہ رسولؐ کی اتباع کرو۔ تاکہ میں تم سے محبت کروں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ کہ وحدہٗ لاشریک کے آگے ایسے جھک جاؤ کہ اپنی پیشانی کو ڈر سے نہ اٹھاؤ تو تب ہی میں خوش ہوں گا۔ اور ولایت کی تار رسالت سے ملی ہوئی ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث قرآن المبارک کی تشریح کرتی ہیں اور ولی اللہ کے ارشادات و ملفوظات احادیث و قرآن کو تازہ بہ تازہ ضرورت وقت کے مطابق سادہ سادہ الفاظ میں عام ذہنوں اور خواص کے ذہنوں کے مطابق دین اسلام کو نئی تازگی بخشتے رہتے ہیں۔ جس سے عوام الناس اور خواص کے قلب کو حیات نو ملتی ہے۔ ان کا تزکیۂ نفس ہوتا ہے اور شریعت مطہرہ کے احکام پر لوگ آسانی سے عمل پیرا ہوتے ہیں۔

تزکیۂ نفس کہیں یا قلوب کی حیات نو یا روح کی بیداری یہ سب فیض اولیاء کرام کی صحبت سے ملتا ہے۔ اور اگر وہ اس جہان فانی سے پردہ کر جائیں تو اس کا بدل ان کے ارشادات و ملفوظات ہیں۔

ترجمان حقیقت حضرت محمد شفیق عرف بابا غلام حسین چند سال قبل اس جہان سے پردہ فرما گئے ہیں۔ انہوں نے اپنی زندگی کے قیمتی چالیس سال بغداد شریف میں گزارے۔ ان میں وہی خوبیاں نظر آتی تھیں جو کہ پیر پیراں سید عبدالقادر جیلانی نے فرمایا۔

"نہ اس کے سوا کوئی دینے والا ہے۔ نہ روکنے والا۔ وہی قضا و قدر

Marfat.com

کا مالک ہے۔ وہ اپنے خاص بندوں کو غیب کے بعض امور دکھاتا ہے۔ لوگو تقویٰ اختیار کرو۔ تقویٰ پرہیز ہے۔ اسے چھوڑ دینے والا بیماری میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ توبہ دوا ہے۔ گناہ بیماریاں ہیں۔ گناہ سے ایمان میں کمزوری آتی ہے اللہ تعالیٰ کے ذکر اور ان کی اطاعت سے ایمان مضبوط ہوتا ہے۔ مصائب کے وقت ایمان میں کمزوری آتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ذکر اور ان کی اطاعت سے ایمان مضبوط ہوتا ہے۔ مصائب کے وقت ایمان کو ہتھیار نہ بناؤ نہ زبان پر شکوہ شکایت نہ لاؤ۔

میری ملاقات ۱۹۸۰ء کے شروع میں حضرت بابا صوفی محمد شفیق عرف صوفی بابا غلام حسین سے گاؤں سگیاں کلاں کی مسجد میں ہوئی تو انہوں نے بندے کو سب سے پہلے نماز قائم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس دن سے آج تک بندۂ ناچیز نے پانچ وقت کی نماز بروقت پڑھنے کی کوشش کی ہے۔

جب میں ان کی زیارت کے لئے جاتا تھا تو وہ مجھے کہتے کہ تم اپنا وظیفہ پڑھو اور آپ قرآن شریف پڑھنا شروع کر دیتے۔ آپ فرماتے تھے کہ اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتے ہوئے یہ الفاظ ضرور کہا کرو کہ یا رب العالمین! میرے وہ گناہ معاف کر دیں۔ جن کے متعلق میں نہ جانتا ہوں اور جن کے متعلق میں جانتا ہوں۔ وہ گناہ بھی معاف کر دے۔ جو میں نے قصداً کئے ہیں اور وہ بھی جو میں نے قصداً نہیں کئے ہیں۔ وہ گناہ بھی معاف کر دے جو مجھ سے ہو چکے ہیں۔ اور جو آئندہ ہونے والے ہیں۔

میں نے مشاہدہ کیا تھا۔ کہ آپ بہت کم بولتے، کم کھاتے اور بہت کم سوتے تھے۔ جب بھی میں ان کی زیارت کے لئے گیا۔ ان کو ہمیشہ ہی قرآن پاک کی تلاوت کرتے ہوئے پایا۔ آپ روزے بہت رکھتے تھے

Marfat.com

آپ روزانہ ایک قرآن پاک کی تلاوت کرتے تھے اور کہتے تھے کہ بندے کو
اللہ تعالیٰ سے دعا مانگنی چاہیئے کہ یا رب العالمین مجھے قرآن شریف پڑھنے
اس کو سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق دے۔ اور فرماتے جب قرآن پڑھنا
شروع کرو تو ہر ورق الٹنے کے بعد بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ضرور پڑھا کرو
اور رات کو سونے سے پہلے سورۃ سجدہ اور سورۃ ملک ضرور پڑھا کرو
تین سو دفعہ درود ابراہیمی پڑھنے کے بعد سورہ فاتحہ سورہ بقر کی پہلی پانچ
آیات پھر آیت الکرسی اس کے بعد تین دفعہ سورہ اخلاص پڑھ کر سو جایا
کرو۔ عشاء کی نماز کے بعد بہت کم باتیں کیا کرو بلکہ جلدی سو جایا کرو۔
قرآن پاک کی تلاوت روزانہ کرو۔ زیادہ پڑھنے کی بجائے تھوڑا پڑھ
لو۔ لیکن اس کو ترتیل کے ساتھ پڑھو اور جو پڑھو اس کا اردو ترجمہ ساتھ
پڑھو اور اس پر عمل بھی کرو۔ انہوں نے ایک دن فرمایا کہ ایمانی جذبہ ہونے
کے بعد قرآن پاک کی ترتیل ہی سے تمام مطالب قرآنیہ خود بخود کھلتے جاتے ہیں
ترتیل قرآن سے ایک ایسی کیفیت پیدا ہوتی ہے۔ جس کے لئے الفاظی ادائیگی
نہیں اور نہ اس سے یہ مقصود ہے کہ تمام مطالب و معانی قرآن پر حاوی
ہونا۔ اس سے مطلوب ہے بلکہ اس سے مقصود صرف ضمیر ایمانی کا مضبوط
ہونا ہے۔ جو اس سے ترتیل قرآن کے اندر فطرتاً موجود ہے۔ انہوں نے
فرمایا کہ رات کے ساتھ ترتیل کو زیادہ مناسبت ہے۔ اسی وجہ
سے قیام لیل اور ترتیل قرآن کا اکٹھا حکم فرمایا گیا۔ رات کی نماز میں
قرأت اسی مناسبت فطرتی سے مقرر فرمائی گئی۔ رات کی سیاہ چادر
جب دنیائے عالم کو اپنے اندر چھپا لیتی ہے اور حواس ظاہرہ گو نہ
بیکار ہو کر اپنا آرام لینا شروع کرتے ہیں۔ اور فطرت اپنے پورے

Marfat.com

اعتدال پر نہایت پُر سکون ہوتی ہے - ایسے وقت میں قرآن پاک کے الفاظ روشن معتدلہ اور فطرتیہ کی آواز لے کر پہنچے - ہیں تو پژمردہ فطرت جاگ اُٹھتی ہے - اور آواز کو اپنے دل میں جگہ ہی نہیں دیتی بلکہ بے اختیار اس پہ رقص کرنے لگتی ہے اور اس کے سامنے سربسجود ہوتی ہے - ایک بار بس سنیکڑوں بار اپنی فطرت کی داد پاتی ہے اور داد دیتی ہے -

انہوں نے کہا علماء اور صوفی بزرگوں کے علاوہ ان کے پیروکاروں کے لئے تو ضرور ان کا مطالعہ مفید ہے - اگرچہ اعمال وایمان کی اصلاح مقصود نہ ہو تاہم انکار کے اندر اسلامی روح کو جاری کرنے کا خیال تو ضرور ہے - لیکن ہمارے بزرگوار تو اس خیال سے بھی محروم ہیں - تلاوت قرآن، اوراد و اذکار صرف شیخ کے فرمان کو پورا کرنے کے لئے کرتے ہیں ورنہ اس کے سوا مقصود نہیں - اگر ہے بھی تو باطنی نیرض - کاش! یہ بزرگوار ایک درجن اذکار اور پارہ دو پارہ منزل قرآن کی بجائے صرف ایک پاؤ یا ایک رکوع ترتیل اور سمجھ کر اپنی روح کے لئے ذوق وکیف مہیا فرماتے تو رات بھر کیف سے مدہوش رہتے -

حضرت قبلہ بیربلوی نوراللہ مرقدہٗ اکثر قرآن پاک کی منزل کے ساتھ تفسیر کا مطالعہ فرماتے تھے

لیکن جب منزل سے فارغ ہوتے تو ہمیشہ آنکھیں کیف قرآنی سے مخمور ہوتیں اور اکثر موقعہ بموقعہ فرماتے ایک دو آیت کی تفسیر دیکھنے سے آٹھ پہر ہی مستی سے گزرتے ہیں -

غور فرمایا جائے تو قرآن پاک نے کوئی ایسی بات پیش نہیں کی جو عام عقل انسانی سے بلند ہو اور عقل عام اس کے سمجھنے سے قاصر ہو -

Marfat.com

آپ اکثر حضرت حکیم لقمان اور اس کے بیٹے کے متعلق باتیں کرتے رہتے تھے اور کہتے تھے انسان کو نیک کام کرنے چاہیئے۔ حلال کی کمائی کھانی چاہیئے تاکہ نیک اعمال کی وجہ سے انسان بیماری، تنگدستی اور مصائب سے بچ جائے۔ ورنہ جس گھر میں قرآن پاک کی تلاوت نہیں ہوتی اور نماز نہیں پڑھی جاتی اور برائیوں سے نہیں بچا جاتا وہ گھر شیطان کی آماجگاہ بن جاتا ہے۔ گھر میں شیطانی کام عام ہو جاتا ہے۔

ایک دفعہ آپ کہنے لگے کہ میں نے آج ایک دوکاندار سے پکوڑے خریدے ہیں۔ اس نے ایسا تولا ہے جیسے کہ سونا۔ رات کو خواب میں کہا گیا۔ کہ اس دوکاندار نے بالکل ٹھیک کیا۔ نہ تو اس نے آپ کا حق لیا ہے اور نہ دیا ہے۔

آپ کی زبان میں ایسی تاثیر تھی کہ دل چاہتا تھا کہ ہمیشہ ان سے باتیں سنتے جائیں اور آپ کے ہاں سے نہ اٹھا جائے۔

Marfat.com

## عقیلہ حنیف فیض پور خورد

یُوں تو دُنیا میں ہزاروں اور لاکھوں کی تعداد میں ولی اور پیغمبر آئے اور اپنے زمانے میں اسلام کی تبلیغ دے کر اس دُنیا فانی سے کُوچ کر گئے اور اپنی کرامات اور نام تاریخ میں مرتب کر گئے ۔ خاص کر پنجاب میں حضرت داتا گنج بخش صاحب رحمۃ اللہ علیہ، مادھو لال حسین رحمۃ اللہ علیہ پیر مکی رحمۃ اللہ علیہ وہ قابلِ دید اور قابلِ فخر ہستیاں ہیں جن کا ذکر تا زندگی بیان کرنا ناممکن ہے ۔ اسی طرح گاؤں سگیاں کلاں جو لاہور سے مغرب کی طرف دریائے راوی کے کنارے واقع ہے ۔ یہاں ایک بزرگ ہستی بابا صوفی محمد شفیق ہوتے ہیں جن کو ہم نے اپنی زندگی میں دیکھا ہے ۔ بلکہ ان کو نہایت خوش اخلاق ہمہ تن محوِ عبادت، تلاوت قرآن مجید میں مشغول رہتے تھے اور جو بات منہ سے نکلتی وہ پُوری ہو جاتی تھی ۔ جن کا عُرس اسی گاؤں میں ہر سال ربیع الاول کی نو دس تاریخ کو منایا جاتا ہے اور دُور دُور سے لوگ اس میں شرکت کرتے ہیں ۔ ویسے بزرگانِ دین کی زندگی کا مطالعہ کیا جائے اور اس پر عمل پیرا ہوا جائے تو دنیا میں مسلمان کسی مصیبت میں مُبتلا نہیں ہو سکتا ۔ ہمیں اللہ تعالیٰ ان بزرگوں کی پیروی کرنے کی توفیق عطا فرمائے ۔

Marfat.com

ڈاکٹر محمد صادق بھٹی، شمس آباد باغ دری روڈ لاہور

ایک دفعہ میں شکار کی غرض سے باہر نکلا تو میاں محمد شفیق صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے ملاقات ہوئی۔ تو میاں صاحب نے فوراً حکم کیا کہ جھوٹ مت بولا کرو۔ لیکن میرے دل میں حیرانگی کا عالم تھا۔ اس لئے کہ میں نے اگلے دن ایک جھوٹی گواہی دینی تھی۔ میاں صاحب کی بات سن کر میں نے توبہ کی اور آج تک قائم ہوں۔ اور ایسے لوگ جو منافق معلوم ہوتے تھے۔ ایسے لوگوں سے جناب میاں صاحب ملاقات نہیں رکھتے تھے۔

میری دوسری ملاقات ایک ڈیرہ پر ہوئی۔ جہاں دس یا بارہ آدمی تھے۔ حقوق اللہ پر گفتگو ہو رہی تھی۔ ان لوگوں میں میاں صاحب بھی تھے انہوں نے فرمایا کہ دین اسلام عمل کرنے کا دین ہے۔ یہ عمل کرنے کے بعد نافذ کیا گیا ہے۔

یہ دردمند، صاحب دل اور اہل حسن و محبت انسان تقریباً نصف صدی تک اس فکر و عمل میں مشغول رہے کہ ملت اسلامیہ کی تعمیر کا سلسلہ محکم بنیادوں پر استوار کیا جا سکے۔ ان کا عقیدہ تھا کہ یہ دشوار کام توحید اور محبت ہی کے ذریعے پایۂ تکمیل کو پہنچ سکتا ہے۔ ان کا نام گرامی میاں محمد شفیق صاحب ہے۔ مگر موجودہ دور میں جناب میاں محمد شفیق صاحب رحمۃ اللہ علیہ انتقال فرما چکے ہیں۔ میرے ساتھ زندگی میں ان کی کئی ملاقاتیں رہی ہیں۔ لیکن میاں صاحب کے کم سخن ہونے کی وجہ سے زیادہ گفتگو نہ ہو سکی۔ لیکن پھر بھی مجھے شرف حاصل ہے کہ کئی مرتبہ دین اسلام اور حقوق العباد پر نصیحت کے طور پر باتیں ہوئیں۔

Marfat.com

آپ فرمانے تھے۔ زیادہ باتیں کرنے سے بات نہیں بنتی۔ جب تک نماز کی پابندی نہ کریں۔ فرمایا۔ لوگو! جتنا حرص وہوس اور لالچ سے دور رہو گے اُتنا ہی اللہ کا قرب حاصل کرو گے۔ اس لئے میں چاہتا ہوں۔ نیک کاموں کے لئے عمل کریں۔ باتیں کم بنائیں۔

ایک ملاقات ایسی ہوئی کہ میاں صاحب فرمانے لگے۔ ہر وہ انسان جو کسی دوسرے انسان کا دشمن ہو یا نقصان پہنچانے کی کوشش کرے وہ مومن نہیں ہے۔ اگر وہ چاہے کہ مسلمان اور مومن بن جاؤں وہ تمام تر محبت کو قربان کر کے پوری محبت حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کرے اور اولیائے کرام سے پوری عقیدت رکھے۔

Marfat.com

## ناظم حسین گھچہ فیض پور خورد

میں فیض پور خورد کی ارائیں برادری کی گھچہ فیملی کے چوہدری حاجی حسن دین گھچہ کا بیٹا ہوں - میں بڑے نازونعم میں پلا - ہوش سنبھلی تو والدین نے تعلیم دلانا چاہی مگر آوارہ گرد لڑکوں میں رہ کر علم حاصل نہ کر سکا - والدین نے مجبوراً مجھے کھیتی باڑی میں لگا دیا - اور میری شادی کر دی - بچے ہوئے کہ نشہ کرنے والوں کی ٹولی میں جا بیٹھا - اور نشہ کا عادی بن گیا - ستم یہ کہ بہت زیادہ نشہ آور ہو گیا اور آخر نوبت زندہ درگور ہونے تک جا پہنچی - گھر اور کھیتی باڑی کا کوئی کام نہ کرتا - نشہ مل جاتا تو دُھت رہتا - نشہ ٹوٹتا تو بدن بھی ٹوٹنے لگتا - نہ دین کا رہا اور نہ دنیا کا - بیوی اور بچوں کا خرچ بھی والدین پر ڈال دیا - عزیز واقربا نے لاکھ سمجھایا - علاج معالجہ کروایا مگر سب بے سود

آخر میری ہمشیرہ کو میری حالت زار پر ترس آیا - اور اس نے مجھے بلا کر حضرت بابا صوفی محمد شفیق المعروف بابا غلام حسین بغدادی کے حضور فیض گنجور میں پیش کیا - ان کی نگاہ فیض نے میری کایا ہی پلٹ دی اور خواب میں ان کی زیارت کر کے مجھے ایک گونا گوں سکون ملا -

بابا جی نے خواب میں میرا بازو اپنے سجادہ بھتیجے چوہدری غلام حسین کے ہاتھ میں تھما دیا - میں نے صبح اٹھ کر چوہدری غلام حسین کے ہاتھ پر بیعت کی - اور نشہ سے باز رہنے کے لئے دعا کا طالب گار ہوا - چوہدری صاحب نے مجھے ایک نورانی سبق یاد کروایا اور تلقین کی کہ جب بھی نشے کا تھبس پڑے اپنے آپ کو قابو میں رکھنا - اگر پھر بھی بے کل ہو جاؤ تو پھر اس ورد کو پڑھنا میں سارا دن نشہ نہ ملنے کی وجہ سے نڈھال رہا - میرا انگ انگ درد سے

Marfat.com

ٹوٹ رہا تھا - نہ بھوک لگتی اور نہ پیاس - جاں کنی کی سی کیفیت تھی - رنگ سرسوں کے پھولوں جیسا ہو چکا تھا - میں گاؤں فیض پور خورد کی گلیوں میں لیٹا رہا - آخر نہ رہا گیا - میں نے ہمت ہار دی اور نشہ بازوں کی ٹولی کی طرف چل پڑا - قدم ڈگمگا رہے تھے - نشہ بازوں نے مجھے دیکھ کر ہمدردی کی اور نشہ کرنے کے لئے سامان دیا - ابھی میں نے نشہ کو چھوا ہی تھا - کہ پیر و مرشد چوہدری غلام حسین کے کلمات میرے کانوں میں گونجنے لگے - کہ نشہ نہ کرنا جب نشہ کی لعنت حد سے زیادہ عود کر جائے تو یہ ورد پڑھ لینا - میں ایک جھٹکا کے ساتھ وہاں سے اٹھا - اور اپنے مرشد صاحبزادہ غلام حسین کا بتایا ہوا ورد پڑھتا ہوا نشہ بازوں کی ٹولی سے دور ہوتا چلا گیا - کئی بار پھر ایسا مشکل وقت آیا - کہ نشہ کی شدت نے مجھے پھر بہکایا - مگر ہر بار میرے مرشد کا نورانی وظیفہ مجھے نشہ سے بچا لیتا - سبق پڑھتے ہی میرا ہیجان سرد پڑ جاتا اور میں دنیا سے بے نیاز ایک نورانی مستی میں ڈوب جاتا پھر کیا تھا - میرا پیلا رنگ سرخ ہونے لگا - میرے ہاتھ پیر اور رگوں میں نئی زندگی دوڑنے لگی - اس دن کے بعد آج تک مجھے نشہ نے تنگ نہیں کیا - اس طرح میں نے دوبارہ زندگی پالی ہے - مجھے صراط مستقیم مل گیا - اب میں بابا محمد شفیق کے آستانہ عالیہ پہ زیادہ وقت گزارتا ہوں اور آستانہ عالیہ پر آنے والے زائرین اور مہمانوں کو لنگر بانٹتا ہوں - مجھے اب سگریٹ تک کی طلب نہیں رہی اور میں رزق حلال کما کر اپنے اہل خانہ کی خود کفالت کرنے لگا ہوں - یہ بابا محمد شفیق رح کا فیض روحانی ہے کہ میں آج ہوش میں آ چکا ہوں اور نشہ جیسی لعنت سے چھٹکارا پا چکا ہوں - ؎

ولی کی نگاہ میں وہ تاثیر دیکھی ‏ ‏ ‏ ‏ بدلتی ہزاروں کی تقدیر دیکھی

عطاء اللہ شفیق ولد چوہدری غلام حسین سگیاں کلاں (بابا جی کا پوتا)

# ہمارے گھر کا وقار

حضرت بابا صوفی محمد شفیق رحمۃ اللہ علیہ حق کہ ایک بہت نیک بزرگوں میں سے ہیں۔ انہوں نے اپنی ساری زندگی اللہ تعالیٰ کی راہ میں وقف کر دی آپ شروع ہی سے یعنی جب بچے تھے۔ لڑکوں میں کم کھیلتے تھے اور نہ ہی آپ عام بچوں جیسے تھے۔ اور نہ ہی دوسروں سے لڑتے تھے۔ آپ نماز کے تو شروع ہی سے پابند تھے اور لوگ آپ کی بہت تعریفیں کرتے تھے اور انہوں نے بہت جلد ہی قرآن پاک کی تعلیم حاصل کر لی۔ تقریباً ۱۳ سال کی عمر کے تھے۔ کہ آپ کو بغداد شریف جانے کا شوق ہوا۔

آپ اپنی بھینسیں چرایا کرتے تھے۔ گرمی کے دنوں میں تیز دھوپ ہی میں بیٹھے رہتے۔ سردیوں کے موسم میں کہر اور شدید جاڑے میں بیٹھے رہتے کئی دفعہ آپ سات سات دن کھانا نہ کھاتے تھے اور بولتے بھی بہت کم تھے آپ صبح صبح اٹھتے اور اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے تھے اگر آپ کو کوئی فضول بات کہتا تو آپ اُسے کچھ نہ کہتے۔ اگر آپ کو کوئی بُرا بھلا کہتا تو آپ اُسے بُرا بھلا نہ کہتے۔ آپ اکثر چپ ہی رہتے اور کہتے۔

"کہ جاؤ بھائی اللہ آپ کا بھلا کرے"۔

کئی دفعہ ڈانٹنے والے کو کوئی جواب نہ دیتے بلکہ چپ ہی رہتے۔ دوسرا آدمی خود ہی بولتا رہ جاتا اور تھک کر چلا جاتا۔ جب آپ چھوٹے تھے تو سارا دن اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے رہتے تھے۔

Marfat.com

اکثر آپ جو باتیں کہتے وہ پوری ہو جاتیں - آپ کے دل میں اللہ تعالیٰ کا خوف حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اور والدین کا احترام تھا - اور آپ کے طور طریقے بچپن ہی سے بزرگوں جیسے تھے - اکثر آپ کھانا کھانے لگتے تو کوئی آدمی آجاتا تو آپ اپنا کھانا اُسے کھلا دیتے تھے - بلند آواز میں کسی کو نہ پکارتے - والدین کے ساتھ بڑے اعتدال سے بات کرتے تھے اسی طرح ہر کام میں درمیانہ راستہ اختیار کرتے تھے - کسی کام میں نہ تو جلدی کرتے اور نہ ہی دیر کرتے تھے - اُن کی ان باتوں کی وجہ سے ہم تمام اور ہمارے عزیز و اقارب بہت خوش ہیں - کہ ہمارے خاندان میں ایسا اچھا آدمی ہوا ہے - ان کی خصوصی توجہ ہمارے اوپر اور ہمارے گاؤں کے رہنے والوں پر ہے -

حضرت بابا محمد شفیق جیسی ہستیاں شاذونادر ہی ہوتی ہیں - آپ ایک عظیم ہستی تھے - پہلے گاؤں کے لوگ آپ کے مرتبے کو نہ پہچان سکے - جب آپ کا بہت فیض ہوا تو دُور دُور کے شہروں سے بھی لوگ آنے لگے - آہستہ آہستہ گاؤں والے سمجھ گئے کہ آپ صاحب کرامت ہیں اور آپ کو ماننے لگے اور اب بھی بہت لوگ آتے ہیں - آپ کا عرس مبارک ہوتا ہے تو یہاں تِل دھرنے کو جگہ نہیں ہوتی - جو لوگ بھی آپ کے پاس آتے ہیں وہ سب اللہ تعالیٰ کے فضل سے بہت فیض یاب ہوتے ہیں - جب آپ بغداد شریف سے واپس آئے تو آپ سارا سارا وقت قرآن پاک کی تلاوت کرتے رہتے تھے - اکثر روزے رکھتے - آپ کا مزار سگیاں کلاں میں ہے - جو لاہور کے قریب دریائے راوی کے کنارے ایک چھوٹا سا گاؤں ہے -

Marfat.com

محمد لطیف مہتا سگیاں کلاں نزد نین سکھ ضلع شیخوپورہ

# ذکرِ شفیق رح

میں اس قابل تو نہیں کہ کسی اللہ والے کے متعلق کچھ لکھ سکوں اور نہ ہی میں کوئی عالم ہوں کہ کسی ولی، قطب یا غوث کے متعلق کچھ لکھنے کی جسارت کروں لیکن میرے ضمیر نے ملامت کی اور خوابِ غفلت سے جگا کر مجھے جھنجھوڑا کہ کسی اللہ والے کے متعلق جو واقعہ یا کرامت جو بذاتِ خود میں نے دیکھی یا میرے ساتھ بیتی ہے۔ اسے بیان نہ کرنا اس کو عوام الناس یا اہلِ دیہہ کو آگاہ نہ کرنا زیادتی ہی نہیں ہوگی بلکہ گناہ کبیرہ ہوگا۔ لہٰذا میں نے فیصلہ کیا ہے کہ جو چیز میں اپنے سینے میں چھپائے پھرتا ہوں اسے بیان کر کے اور عام لوگوں کو اس واقعہ سے آگاہ کر کے خداوند کریم کے حضور سرفراز ہونا میرے اولین فرض میں شامل ہے تو سنیئے۔ کچھ عرصہ پہلے کی بات ہے کہ بقول ہمارے آباء و اجداد کے ہمارے گاؤں میں ایک معزز خاندان رہائش پذیر تھا جو اب بھی ہے اس خاندان کا ایک فرد عالم جوانی میں اپنے گھر سے قرآن مجید خریدنے کے لئے نکلا۔ جسے جوانی کے دور میں ہی کلام الٰہی سے عشق تھا۔ لیکن خدا کا کرنا کہ وہ مردِ مجاہد کسی نہ کسی طرح زمانے کی مصیبتیں اور کٹھن راستے طے کرتا ہوا جناب پیرانِ پیر حضرت غوث اعظمؒ کے روضہ اقدس پر حاضر ہوا۔ قصہ مختصر کہ وہ نوجوان وہاں پر اس قدر کھو گیا کہ اسے کچھ بھی یاد نہ رہا اگر یاد رہا تو صرف خوفِ خدا، عبادت الٰہی، ذکرِ محمدؐ اور پیرانِ پیرؒ، حضرت صالحؒ کے لال کا عشق، وہ اس قدر محوِ عبادت ہوا کہ دن رات تلاوت قرآن مجید اور عبادت الٰہی میں گزارتے گزارتے چالیس سال گزر گئے، سبحان اللہ! عشق ہو تو ایسا ہو نہ دنیا کا پتہ نہ دنیا والوں کا پتہ، مردِ قلندر اپنے حال میں مست ہے کسی کو کیا پتہ

Marfat.com

اللہ والے تو اللہ کے نزدیک اس قدر ہوتے ہیں کہ خداوند کریم خود ان کا دیدار کرنے کے لیئے ہر وقت ان کے سامنے ہوتا ہے اور مجال ہے کہ ان کی کسی بات کو ٹالا جائے منہ سے جو نکل گیا وہ ہو گا۔ جیسا کہ کسی نے کہا ہے۔

چاہے تو اشاروں سے اپنے کایا ہی پلٹ دے دنیا کی
یہ شان ہے خدمت گاروں کی سرکار کا عالم کیا ہو گا

وہ ہے رب قادر سبحانی — یہ ہے عبدالقادر جیلانی
وہ بھی ہے لاثانی — اور یہ بھی ہے لاثانی
ایتھے دخل کیہڑا کوئی ہور دیوے

سُنا ہے کہ وہ اللہ کا بندہ جس کے گاؤں کا نام سگیاں تھا اور گاؤں سے جاتے ہوئے اس کا اپنا نام محمد شفیق تھا۔ جب چالیس سال بعد اپنے گاؤں میں واپس آیا تو وہ بابا محمد شفیق کی بجائے بابا غلام حسین (غلامان حسین) بن کر آیا۔ یعنی حضرت غوث اعظم کے جدِ امجد کے غلام کے حوالے سے لوگ اسے جاننے لگے۔ وہ محمد شفیق نہیں تھا۔ بلکہ کربلا والوں کا غلام تھا جو برس ہا برس بغداد شریف میں روضہ اقدس پیرانِ پیر کا لنگر حاجتمندوں میں تقسیم کرتا رہا۔ اللہ اللہ کیا کہنا ایسے غلاموں کا جو خود تو غلام ہیں لیکن زمانے کے بادشاہ ہیں۔ خود تو بھوکے ہیں۔ لیکن دوسروں کے لیئے اس قدر سخی ہیں کہ منہ کا نوالا بھی دینے سے گریز نہیں کرتے بلکہ دے کر اللہ کے ہاں سر بسجود ہو جاتے ہیں۔ کہ اے مالک! یہ تو نے ہی دیا تھا اور تیرے ہی نام پر دے دیا ہے۔ قبول فرما۔ یہ شان ہے اللہ والوں کی۔ جن کے متعلق کسی شاعر نے نذرانہ عقیدت ان الفاظ میں پیش کیا ہے۔ ملاحظہ فرمائیں۔

دنیا توں وکھرے رنگ اندر اساں اللہ والے ویکھے نیں
اساں ایس نرالی محفل دے دستور نرالے ویکھے نیں

ایہہ اُچے محل بواؤندے نہیں دُنیا دی حرص ودھاؤندے نئیں
قدماں وچ تخت زمانے دے ہتھاں وچ پیالے ویکھے نیں

جاں اَدھی رات وہا جاوے، دنیا نوں نیندر آ جاوے
ایہہ چوکیدار زمانے دے بن دے رکھوالے ویکھے نیں

ایہہ نظر کرم جاں کردے نیں، سائل دی جھولی بھردے نیں
خود دُنیا نوں ٹھکرا دیندے حق دے متوالے ویکھے نیں

جاں یار بھتیں نظر ملاندے نیں، چوراں نوں قطب بناندے نیں
سبھتیں اپنے دھوندے عاصیاں دے ایہہ دفتر کالے ویکھے نیں

ایہہ عین نظارہ کردے نیں، در غیر دے پیر نہ دھردے نیں
جنہاں نور خزانے مخفی دے گھر گھر وچ اُجالے ویکھے نیں

مستاں صائم ہوش بھلا بیٹھیں، گُدڑی وچوں لال ونجا بیٹھیں
کہندے نیں کہ چوغے بوریاں دے قطباں دے دوالے ویکھے نیں

توجناب! بات ہو رہی تھی اللہ کے برگزیدہ بندے مرد حق کی۔ میرے بابا جی کی۔ بلکہ زمانے کے ولی اللہ کی جو چالیس سال کے بعد اپنے گاؤں سگیاں میں واپس آیا تو ہر طرف رحمت کے بادل برسنے لگے۔ اور اندھیرے بھی اجالا بن کر نور برسانے لگے۔ انسان تو درکنار جانور بھی اس بزرگ کا دیدار کرنے کے لئے جوق در جوق اللہ ہو کا ورد کرتے ہوئے سر پر منڈلانے لگے اور سلامی دینے کے لئے سر پر غوطے لگاتے دیوانہ وار قلابازیاں کھاتے رہے۔ لوگ دُور دُور سے اس بزرگ کو دیکھنے کے لئے آتے اور ہر کوئی بابا جی کا دیدار کرنے کے لئے بے قرار تھا سبحان اللہ! نوری چہرہ، خوبصورت سفید داڑھی۔ لمبا دُبلا قد، سادہ لباس زمانے سے بے خبر اپنے حال میں مگن اور ہمہ وقت قرآن مجید اٹھائے ہوئے

Marfat.com

شیریں گفتگو، لوگوں کے دکھ درد بانٹنے میں ہمہ تن مصروف رہتے۔ مجال ہے آنکھ اٹھا کر کسی کی طرف دیکھا ہو۔ لیکن ہر کوئی بابا جی کا دیدار کرنے کے لئے بیتاب تھا۔ ان لوگوں میں مجھ جیسا عاشق مسکین غریب، ولیوں کے آداب سے عاری، پاگل، دیدار کا خواہش مند تھا۔ گو ہر روز کسی نہ کسی طرح بابا جی سے آمنا سامنا ہوتا تھا۔ لیکن میرا دل جو چاہتا تھا۔ اس سے محروم تھا۔ میری یہ خواہش تھی کہ ولیٔ کامل کے روبرو بیٹھوں اور ان سے گفتگو کروں اور اس قدر محوِ دیدار ہو جاؤں کہ خود کو اپنی خبر نہ رہے اور ہوش آئے تو بے اختیار منہ سے نکلے۔ خاک میں ملا کر میری خاک بھی اڑا دے

مٹا ہوں تیرے نام پر مجھے کیا غرض ہے نشاں سے

اسی طرح شب و روز گزرتے گئے اور پھر اچانک ایک دن ایسا آیا کہ خداوند کریم نے میری خواہش کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کا ایک بہانہ پیدا فرمایا کیونکہ باری تعالیٰ کو بھی میرے حال زار پر رحم آ گیا اور سرکار غوث پاک کے خادم بابا غلام حسین کے روبرو بیٹھنے اور گفتگو کرنے کا موقعہ ملا۔ بلکہ مجھ جیسے گنہ گار نے کھانے کے چند لقمے بابا جی کی فرمائش پر ان کے ساتھ کھانے کا شرف حاصل ہوا اور اس پر جتنا بھی ناز کیا جائے کم ہے۔ کیونکہ لوگ تو بابا جی کے دیدار کو ترس رہے تھے اور مجھے فخر تھا کہ میں نے سرکار کے ساتھ کھانا کھایا اس سے بڑھ کر میرے لئے کوئی اعزاز نہ تھا تو سنیئے میں آپ کو بتاؤں یہ سب کچھ کیسے ہوا۔ میں محکمہ آثار قدیمہ کا ریٹائرڈ ملازم ہوں اس وقت حاضر سروس تھا اور مقبرہ جہانگیر شاہدرہ میں ڈیوٹی کر رہا تھا۔ تقریباً ۱۹۸۳ء کی بات ہے کہ میں ڈیوٹی سے فارغ ہو کر اپنی سائیکل پر گھر آ رہا تھا۔ اور اس دن ذوالحجہ کی ۹ تاریخ تھی اور صبح کو بقر عید تھی۔ میرے گھر میں آٹا نہ تھا اور صرف آٹا خریدنے

Marfat.com

کے لئے میرے پاس پچاس روپے تھے اور سوچ رہا تھا کہ اگر آٹا خرید لیا جائے تو عید پر بچے عید مانگیں گے تو انہیں کیا دوں گا - اسی کشمکش کی حالت میں فیصلہ کیا کہ آٹا خریدنا ضروری ہے۔ میں نے بیگم کوٹ چوک سے آٹا کا توڑا خریدا اور سائیکل پر رکھ کر پریشان حال اور سوچوں میں گم گھر کی طرف روانہ ہوا اور یہ سوچ کر نڈھال ہو رہا تھا کہ صبح چھوٹے چھوٹے بچے مجھ سے عید کے لئے پیسے مانگیں گے تو میں انہیں کیسے سمجھاؤں گا کہ میں تمہارے لئے کچھ بھی نہیں کر سکتا - حالانکہ اولاد والدین کے لئے ایک بہت بڑی نعمت خداوندی ہے - جس کی خوشی کے لئے انسان سب کچھ کرنے کے لئے تیار ہوتا ہے اور میں اسی کشمکش میں مبتلا سوچوں کے سمندر میں غرق جا رہا تھا کہ فوراً مجھے بابا جی کا خیال آیا اور ان کے یہ لفظ میرے ذہن میں شور مچانے لگے کہ اللہ پاک انشاءاللہ بہتر کرے گا - پس یہ خیال کرتا تھا کہ ان کا چہرہ اقدس میرے سامنے آگیا - اسی دوران ایک شرقپور کی لاری میرے پاس سے شرقپور شریف کی طرف جاتی ہوئی بہت تیزی سے گزری - اس وقت میں اس جگہ (جو اس وقت علی ہسپتال ہے۔) کے پاس سے گزر رہا تھا - کیا دیکھتا ہوں - اس لاری کی اگلی کھڑکی میں سے کوئی چیز کاغذ کی مانند اڑ کر میری طرف آ رہی ہے - اس وقت لاری بہت تیز اور تقریباً چھوٹی چونگی بیگم کوٹ جڑانوالا روڈ پر تھی اور وہ چھوٹا سا کاغذ کا پرزہ لڑکھڑاتا ہوا، ہوا میں قلابازیاں لگاتا پتنگ کی طرح اڑتا ہوا میری طرف آ رہا تھا - آخر وہ ٹکرا کر میری سائیکل کے اگلے پہیئے کے نیچے گرا میں نے سائیکل کھڑی کی اور اسے اٹھایا اور میری خوشی کی انتہا نہ رہی کیونکہ وہ کاغذ کا ٹکڑا پچاس روپے کا نوٹ تھا - بے اختیار خوشی سے میری آنکھوں میں آنسو آ گئے اور میں نے محسوس کیا کہ واقعی خداوند کریم جسے دیتا ہے - چھپر پھاڑ کر دیتا ہے اور ساتھ ہی بابا سرکار کا وہی فقرہ میرے لبوں پر آگیا

Marfat.com

کہ خدا انشاء اللہ بہتر کرے گا اور میں خوشی سے جھوم اٹھا- اب میں خوشی خوشی سائیکل کو تیز تیز چلا کر جلدی سے گھر جانا چاہتا تھا اور واقعی میرا سائیکل لاری کی مانند تیز چل رہا تھا - جیسے کوئی غیبی طاقت مجھے اٹھا کر لے جا رہی ہے - میں نے دیکھا کہ جو سفر میں بیگم کوٹ سے گھر تک آدھا گھنٹے میں طے کرتا تھا وہ چند منٹوں میں طے ہو گیا - جس کا مجھے پتہ بھی نہ چلا اور خود کو اپنے گاؤں کے نزدیک سکول کے پاس پایا - اسی اثناء میں مجھے اپنا بڑا بھائی حاجی عبدالعزیز ملا - میں اس کے پاس کھڑا ہو گیا - کیونکہ میں نے دیکھا کہ وہ کافی پریشان تھا - اور نین سکھ کی طرف جا رہا تھا - میرے دریافت کرنے پر اس نے مجھے بتایا کہ منور گم ہو گئی ہے - وہ نین سکھ گئی تھی - واپس نہیں آئی - اس کے ساتھ ہی اس کی آنکھوں سے آنسو آ گئے - منور عبدالعزیز کی بیٹی اور میری بھتیجی ہے - جو اب بھی زندہ ہے - پاگل، گونگی اور بہری ہے - اسے نہ تو دنیا ہی کا پتہ ہے اور نہ کچھ دین کا - لوگ اس سے پیار کرتے ہیں اور اکثر باوا جی اس کے پاس کھڑے ہوتے تھے وہ تو ہمارا اپنا خون تھی - جس حالت میں بھی تھی - خداوند کریم کی نعمت تھی اور ہمارے خاندان کی عزت تھی - مجھے یہ سن کر بڑا دکھ ہوا اور میں نے محسوس کیا کہ منور کی گمشدگی کی خبر مجھ پر قیامت بن کر گری ہے اور وہ خوشی جو چند لمحے پہلے ملی تھی وہ جاتی رہی اور میں غموں کے سمندر میں پھر غوطے لگانے لگا -

بوجھل پاؤں سے چل کر میں گھر گیا اور اہل خاندان کو بتایا اور پوچھا - پتہ چلا کہ بڑے بھائی نے اور کسی کو بتایا ہی نہیں اور خود ہی تلاش کرنے کے لئے نکلے ہیں - اس وقت سورج غروب ہو رہا تھا - ہم پانچ بھائی ہیں - سب مل کر رشتہ داروں کے ہمراہ اسے تلاش کرنے کے لئے نکلے - ہر طرف پھیل گئے سائیکلوں پر، موٹر سائیکلوں پر حتیٰ کہ اس وقت جو سواری بھی میسر آئی -

Marfat.com

استعمال کی۔ تقریباً ہم ٹولیوں کی شکل میں شرقپور روڈ بیگم کوٹ شاہدرہ موڑ، شیخوپورہ روڈ کوٹ عبدالمالک، دریائے راوی کا کنارا، فیض پور خورد کی سمت حتیٰ کہ چاروں طرف تلاش کرنے لگے۔ منور کو نہ ملنا تھا اور نہ وہ ملی۔ جگہ جگہ مسجدوں میں اعلان کروائے۔ لیکن بے کار لوٹنا پڑا۔ پریشانی کی حالت میں سوچوں میں گم اس کالی رات کو گزارنا مشکل ہو گیا۔ کبھی خیال آتا کہ صبح بقرعید ہے اور پھر خیال آتا کہ پتہ نہیں ہماری خاندان کی چشم و چراغ کہاں اور کس حال میں ہو گی۔ یہ سوچ کر سینہ پھٹنے لگتا تھا اور خدا کے حضور بار بار التجا کر رہے تھے کہ اے خدا ہماری عزت کو محفوظ رکھنا اور اس بچی کو اپنی پناہ میں لے لینا۔ روتے دھوتے دعائیں مانگتے وہ غموں والی رات گزری اور صبح کا آغاز ہوتے ہی ہم پھر تلاش کے لئے نکلے اور اسے ہر جگہ تلاش کرنے کے باوجود اسے پانے میں ناکام رہے۔ فیصلہ ہوا کہ گاؤں واپس چلیں اور عید نماز پڑھنے کے بعد پھر تلاش کرنے کے لئے نکلیں۔ واپس آکر عید نماز ادا کی اور سارا گاؤں غمگین تھا اور اپنی اپنی جگہ دعاگو اور منور کو تلاش کرنے میں مصروف تھا۔ کوئی بھی قربانی کرنے کے لئے تیار نہ تھا۔ ہر ایک پریشان تھا کہ یا اللہ! منور کو ملا دے۔

یہاں تک کہ بچے بھی گم سم بیٹھے تھے۔ بجائے اس کے کہ وہ عید کے لئے پیسے مانگیں ہم سے رو رو کر فریاد کر رہے تھے کہ ہمیں منور کو تلاش کر کے دیں تب ہماری عید عید ہو گی۔ ہم کسی کو منہ دکھانے کے قابل نہیں تھے کیونکہ ہماری عزت گم ہو گئی تھی۔ خدا کا کرنا کہ اچانک مجھے خیال آیا کہ بابا محمد شفیق صاحب کی خدمت میں حاضر ہو کر دعا کے لئے کہوں۔ میں بابا جی کے پاس گیا۔ جو دنیاداری کے کاموں سے بے خبر قرآن شریف کی تلاوت میں ہمہ تن مصروف تھے۔ میں چند سیکنڈ وہاں بیٹھا۔ بابا جی نے بڑے پیار سے دریافت کیا۔ بھائی کیا بات ہے

Marfat.com

میں نے بوجھل دل سے روتے ہوئے بتایا کہ بابا جی منور گم ہو گئی ہے۔ انہوں نے حیران ہوتے ہوئے فرمایا وہ جو پاگل گونگی ہے۔ میں نے عرض کیا۔ جی ہاں! وہی لڑکی گم ہوئی ہے۔ آپ خاموش ہو گئے اور میں نے محسوس کیا۔ جیسے وہ اسے تلاش کر رہے ہیں۔ اچانک آپ کی نظریں اٹھیں اور یوں مخاطب ہوئے بھائی لطیف صاحب! آپ جائیں اسے وہیں پر تلاش کریں۔ جہاں تین دفعہ جا کر اسے تلاش کر چکے ہیں۔ انشاء اللہ خدا خیر کرے گا۔ اور آپ کو مل جائے گی۔ لفظ آپ کو انہوں نے دہراتے ہوئے مجھے مخاطب کیا کہ لڑکی تمہیں ملے گی میں دیوانہ وار بھاگا اور گاؤں والوں کے ساتھ مع اہل خاندان اُسے تلاش کرنے کے لئے نکلے۔ میں نے سب کو منع کیا کہ آپ لوگ اب نہ جائیں میرا ایمان ہے کہ اب وہ مجھے مل جائے گی اور میں اُسے لے کر آؤں گا۔ میں موٹر سائیکل پر اپنے ایک شوکت نامی عزیز کے ساتھ بیٹھا اور چل دیئے اور چند عزیز ہمارے ساتھ ہو لئے۔ پھر میں اور شوکت عبدالمالک سے گزرے اور تھوڑی ہی دور جا کر میں نے دائیں طرف دیکھا تو کافی فاصلے پر سڑک سے دور ایک حویلی کے پاس اپنی گمشدہ بھتیجی منور کو دیکھا۔ حالانکہ اس طرف سے میں خود اس سے پہلے چار چکر لگا چکا تھا میں اسے دیکھتے ہی اس کی طرف بھاگا اور وہ مجھے دیکھ کر میری طرف دوڑتی ہوئی بھاگی۔ وہاں پر کافی لوگ یہ منظر دیکھ رہے تھے۔ بے اختیار منور اور میں گلے ملے۔ وہ منظر قابل دید تھا۔ اور لوگ حیران تھے کہ ایک مجذوب پاگل نے اپنے خون کو کیسے پہچانا اور گلے لگا کر بلند آواز سے رونا شروع کیا ہے۔ یہ منظر دیکھ کر وہاں پر ہر آنکھ اشکبار تھی اور خوشی کا اظہار کر رہی تھی۔ اور میں خود پر قابو نہ پا سکا اور بارگاہ الٰہی میں اسی جگہ سجدہ ریز ہو گیا۔ جذبات کی رَو میں بہہ گیا اور سجدے ہی میں خدا کا شکر ادا کیا اور روتی ہوئی آنکھوں سے نذرانہ عقیدت پیش کیا۔

Marfat.com

میری حالت ناقابلِ دید تھی۔ لوگوں نے مجھے کافی عرصہ بعد مجھے سجدہ سے اٹھایا اور سنبھلنے کی تاکید کی۔ لیکن آنسو تھے کہ خوشی کے مارے تھمتے ہی نہ تھے اور مجھے ایک بہت بڑا خزانہ مِل گیا تھا۔ جسے پورا خاندان تلاش کر رہا تھا۔

مجھے اس وقت خیال آیا کہ میں تو یہاں اسے تین چار دفعہ تلاش کر چکا ہوں تو سمجھ میں بات آ گئی کہ حضرت بابا شفیق صاحب کے وہ لفظ کہ جاؤ اسے تلاش کرو وہ انشاءاللہ آپ کو مِل جائے گی۔ پھر وہ مجھے ہی ملی۔ اس واقعہ سے میں بے حد متاثر ہوا اور بابا جی کی درازیٔ عمر کے لئے دعائیں کرنے لگا۔

اس حویلی کے مکینوں نے مجھے بتایا کہ یہ بچی رات بارہ بجے آئی اور بڑے زور سے دروازہ پیٹا۔ ہم نے دروازہ کھولا اور دیکھا۔ کپڑے کیچڑ سے اَٹے پڑے تھے اور یہ گونگی بہری لڑکی کھڑی تھی۔ ہماری عورتوں نے اسے نہلایا دُھلایا اور کپڑے تبدیل کئے۔ لیکن یہ بجائے آرام کرنے کے باہر دروازہ پر آ کھڑی تھی اور ساری رات بند دروازے کو پیٹتی رہی اور کوشش کرتی رہی کہ باہر نکل جاؤں۔ جیسے وہ بھی اپنے خاندان کو تلاش کرنا چاہتی تھی۔

صبح ہم نے دروازہ کھول دیا اور وہ باہر آ کر بھوکی پیاسی کھڑی ہو گئی ہم نے کوشش کی کہ یہ کچھ کھا پی لے لیکن بے سُود۔ ان سے مجھے معلوم ہوتا تھا۔ جیسے کسی نے اسے یہاں پکڑ رکھا ہے اور یہ کسی کے انتظار میں ہے اور پھر دیکھتے ہی دیکھتے انتظار کی گھڑیاں ختم ہوئیں اور ہم نے دیکھا کہ وہ آپ کی طرف دوڑی اور گلے مِل گئی جیسا کہ اسے بھی سب کچھ مِل گیا۔ جس کی اسے تلاش تھی۔ بعد ازاں اسے موٹر سائیکل پر بیٹھایا اور ان لوگوں کا شکریہ ادا کیا اور وہاں سے ہم چل دیئے۔ راستے میں مجھے خیال آیا کہ اب سارے

Marfat.com

تلاش کرنے والوں کو کیسے اطلاع دی جائے۔ لیکن خدا کا کرنا ایسا ہوا۔ یہ مُشکل بھی آسان ہوگی کہ بیگم کوٹ چوک میں سب تلاش کرنے والے ہر طرف سے آکر اکٹھے ہو چکے تھے۔ اور سب نے مجھے بتایا کہ کوئی غیبی طاقت ہمیں بتا رہی تھی کہ چوک میں چلو۔ منوّر مل گئی ہے۔

قصّہ مختصر جب گھر آئے تو ہمارے آنے سے پہلے سارا گاؤں سکول کے پاس کھڑا انتظار کر رہا تھا اور لوگ خوشی کے مارے جھوم رہے تھے اور بتا رہے تھے کہ آپ کے آنے سے پہلے ہی یہ بات گاؤں میں پھیل گئی تھی کہ منوّر مل گئی ہے۔ خدا جانے وہ کون سی طاقت تھی۔ جس نے اعلان کر دیا کہ ہماری بچی مل گئی ہے۔ صرف میں جانتا تھا کہ یہ ہستی بابا محمد شفیق کی تھی۔

بعد ازاں جس کے متعلق میں نے گاؤں والوں کو بتایا اور بابا جی کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان کا شکریہ ادا کرنا چاہا۔ لیکن میں اُوپر بتا چکا ہوں کہ مجھے بات کرنے کا موقعہ ہی نہیں دیا۔ بلکہ اپنے ساتھ کھانے کی دعوت دی اور اس طرح مجھے یہ شرف حاصل ہوا کہ بابا جی کے عقیدت مندوں میں شامل ہو گیا۔ اس دوران کئی رشتہ دار آئے ان میں سے حاجی محمد منظور نین سکھ اور حاجی حق نواز کوٹ نورشاہ والے جو کہ بغداد شریف میں اکثر بابا جی سے ملا کرتے تھے۔ آئے اور بتایا کہ بابا جی بہت مہمان نواز تھے اور چھوٹی سی ایک دیگچی ان کے پاس تھی جس میں سالن اور چائے پکاتے تھے اور سب مہمان سیر ہو کر کھانا کھاتے اور چائے پیتے لیکن کوئی چیز ختم نہ ہوتی تھی۔

ان حضرات کی زبانی معلوم ہوا کہ ایک دفعہ ہم نے فیصلہ کیا کہ آج سالن بہت زیادہ کھائیں گے اور اسے ختم کر کے چھوڑیں گے۔ بابا جی نے حسبِ دستور ہمیں کھانا دیا اور تقریباً اس وقت بارہ آدمی ہم کھانے میں اکٹھے ہو گئے۔

Marfat.com

بابا جی نے سب کو سالن دیا اور ہم نے کھانا شروع کیا۔ زیادہ سے زیادہ سالن مانگ کر ہم نے ختم کرنے کی کوشش کی لیکن خدا گواہ ہے کہ سالن اس دیگچی میں جوں کا توں تھا۔ ہم کافی شرمندہ ہوئے۔ لیکن بابا جی زیرِ لب مسکرائے اور کہا۔ آپ نے سالن آج ختم کرنا تھا۔ ہم یہ سن کر شرمندہ ہوئے اور معافی مانگی اور توبہ کی کہ آئندہ کسی درویش کو آزمایا نہ جائے گا۔ کیونکہ خداوندکریم کے برگزیدہ بندے سب کچھ جانتے ہوئے بھی انجان ہوتے ہیں۔ یہ دُنیا ایک پیالے کی مانند ان کے سامنے ہوتی ہے۔ لیکن وہ اپنے حال میں مگن دُنیا کی رنگینیوں سے آزاد ہمہ تن خدا کی یاد میں مصروف رہتے ہیں۔ اگر دُنیا آباد ہے تو ان لوگوں کی طفیل ہے۔

بابا جی کی وفات پر مجھے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ جیسے بہت بڑا مخفی خزانہ ہم سے چھین لیا گیا ہے۔ میں نے دیکھا ہے کہ آج بھی لوگ مزار شریف پر آتے ہیں اور فیض حاصل کر رہے ہیں۔ بلکہ چوہدری غلام حسین کا گھرانہ جو بابا محمد شفیق کا سجادہ نشین ہے۔ فیوض و برکات سے مالا مال ہے اور بابا جی کی طفیل یہاں پر کسی قسم کی کوئی کمی نہیں۔ بلکہ آپ کا فیض معرفت چوہدری غلام حسین اب بھی جاری اور ساری ہے۔ جس کا ثبوت میں خود ہوں۔ سُنیئے!

میری ایک بچی نے میٹرک کا امتحان دیا اور میرا اور چوہدری غلام حسین کا ایک عزیز رشتہ دار محمد اعجاز محکمہ تعلیم میں ملازم ہے اور میر محل سینما حال سعید چوک کے پاس ان کی رہائش ہے۔ جس کے پاس رات کو سلسلہ بچی کے رزلٹ کے لیئے جانا ہوا۔ ایک گلی میں ہم نے گاڑی کھڑا کی اور چوہدری غلام حسین نے مجھے بھیجا کہ میں اعجاز کو یہیں بُلا لاؤں یا رزلٹ کے متعلق اس سے پُوچھ آؤں۔ جب میں اُن کے پاس جانے کے لیئے گاڑی سے نکل کر

Marfat.com

گلی میں گیا تو میں نے دیکھا کہ کافی کتے وہاں پر کھڑے ہیں اور مجھے دیکھتے ہی منہ نکلتے ہوئے میری طرف لپکے اور وہ عنقریب مجھے کاٹنے والے ہی تھے کہ میں سرپٹ بھاگ کر گاڑی میں گھس گیا۔ چوہدری غلام حسین گاڑی میں بیٹھا ہوا یہ سب کچھ دیکھ رہا تھا۔ انجان بن کر جیسے کچھ بھی نہیں پتہ! مسکرا کر مجھ سے سوال کیا اور کہا کیا بات ہے۔ ہانپتے کانپتے گاڑی میں گھس گئے ہو تو میں نے بڑے غصّے اور غضب ناک نظروں سے انہیں گھورتے ہوئے کہا۔

تم اندھے ہو۔ تمہیں نظر نہیں آتا۔ کیونکہ یہ ظالم کتے مجھے کاٹنے کے لئے میرے پیچھے بھاگے آ رہے ہیں اور آپ پھر بھی مجھ سے پوچھتے ہیں کہ کیا ہوا ہے۔ بڑے انجان اور بے خبر ہو۔ اس پر وہ قہقہہ لگا کر ہنسا اور جو لفظ میں نے سخت استعمال کئے تھے۔ اس نے نظر انداز کر دیئے اور برا بالکل نہیں منایا۔ میں اس کے اس طرز عمل سے بہت پریشان ہوا۔ وہ میری کیفیت بھانپتے ہوئے گاڑی سے نیچے اترا اور لاپرواہی سے مجھے کہا۔ اب جاؤ یہ تمہیں کچھ نہیں کہیں گے۔ میں نے پھر اسے غصّے میں کہا۔ اب کیا تم نے انہیں سنگل ڈال دیئے ہیں۔ اس نے بڑے غصّے اور جلال میں آ کر کہا۔ اس کے منہ سے اچانک یہ لفظ نکلے کہ ہاں! میں نے انہیں سنگل ڈال دیئے ہیں۔ میں ڈرتا کیا نہ کرتا میں حاجتمند تھا۔ مارے خوف کے ڈرتا ڈرتا پھر اسی طرف گلی میں گیا۔ اور خدا جانتا ہے کہ میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ وہی کتے جو میرے پیچھے بھاگے آ رہے تھے دُم دبا کر میرے آگے آگے جا رہے ہیں اور میری راہنمائی کر رہے ہیں۔ جب میں دروازے کے نزدیک گیا۔ سب کتے میری نظروں سے اوجھل ہو گئے۔ میں حیران تھا

Marfat.com

کہ دو منٹ پہلے یہی ظالم جانور میرے دشمن تھے اب میری راہنمائی کر رہے ہیں اور مجھے باور کرا رہے ہیں کہ ہم سے غلطی ہو گئی ہے۔ ہمیں بتایا نہیں تھا کہ آپ کو کوئی بھیجنے والا ہے اور وہ ہستی بہت بڑی ہے۔ وہ میرے پاؤں میں لوٹ پوٹ رہے تھے اور معافی کے خواستگار تھے۔

چوہدری غلام حسین وہیں کھڑے یہ سب کچھ دیکھ رہے تھے۔ میں نے واپس آ کر ان سے پوچھا یہ سب کچھ کیا ہے اور یہ ماجرا دیکھ کر میرا غصہ بالکل ختم ہو چکا تھا۔ بلکہ بہت شرمندگی محسوس کر رہا تھا۔ اس پر وہی مسکراہٹ چوہدری غلام حسین کے لبوں پر آئی اور بڑی میٹھی آواز سے بولے اور کہا میں اپنے تایا محمد شفیق عرف باوا غلام حسین کا غلام ہوں اور انہوں نے مجھے کہا تھا۔ کہ کوئی موذی جانور تمہیں نقصان نہیں دے سکتا۔ خدا جانتا ہے۔ اس دن سے میں نے بھی یہ محسوس کیا ہے۔ کہ کوئی موذی جانور نزدیک نہیں آتا تو یہ شان ہے ولی اللہ کی اور اس کے چاہنے والوں کی اور خدمت گاروں کی۔

ایک واقعہ مجھے اور یاد آ گیا ہے۔ جسے تحریر کرنا ضروری ہو گیا ہے یہ واقعہ بھی میرے ساتھ پیش آیا۔

قصہ کچھ یوں ہے کہ میں باوا سرکار کے متعلق کچھ باتیں ایک رجسٹر پر لکھ رہا تھا۔ میں چاہتا تھا جو کچھ میرے ساتھ بیتی ہے اور جو پھل اس بزرگ سے میں نے پایا ہے اُسے تحریر کروں۔ اپنی اس خواہش کے مطابق میں نے ایک رجسٹر پہ لکھنا شروع کیا اور چند دن کے بعد یہ رجسٹر اچانک گم ہو گیا۔ تلاش بسیار کے بعد یہ نہ ملا۔ میں نے گھر والوں کو تاکید کی۔ رجسٹر تلاش کرو۔ وہ بہت ضروری ہے۔

Marfat.com

میرا سب کچھ وہی ہے ۔ گھر والے بھی پریشان تھے کہ وہ رجسٹر کہاں چلا گیا یا اُسے کون لے گیا ہے ۔

ایک دن میں مزار شریف میں بیٹھا تھا کہ خیال آیا اور کہا ۔ بابا جی میرا رجسٹر گم ہو گیا ہے اور میں پریشان ہوں ۔ میری مدد فرمائیں ۔ اس دعا کے بعد جب میں مزار شریف سے باہر آیا تو چوہدری غلام حسین نے پُوچھا ۔ کیا بات ہے ۔ پریشان ہو اور بابا جی سے کچھ مانگ رہے تھے ۔ میں نے رجسٹر والا قصّہ انہیں سنایا وہ کچھ سوچتے رہے اور کچھ عرصے کے بعد جب میں اپنے گھر آنے لگا تو اس نے مجھے بتایا کہ تمہارا رجسٹر بہت جلدی تمہیں مل جائے گا ۔ شام کو جب میں لاہور سے واپس آیا تو مجھے گھر والوں نے بتایا کہ رجسٹر مل گیا ہے اور ساتھ ہی میری بیٹی نے مجھے کہا کہ ہم سب حیران ہیں ۔ جس جگہ سے رجسٹر ملا ہے ۔ ہم نے کئی دفعہ اس جگہ پر تلاش کیا ہے ۔ معلوم ہوتا ہے جو اسے لے گیا ہے ۔ وہیں اسے یہاں چھوڑ گیا ہے ۔

سبحان اللہ ! کیا کہنا اور ان کی شان کے متعلق بیان کرنے سے قاصر ہوں ۔ یہ جو چند واقعات میرے ساتھ بیتے ہیں ۔ میں نے تحریر کر دیئے ہیں اور اس میں کسی مغالطے کی گنجائش نہ ہے اور نہ ہی کسی مغالطہ آرائی سے کام لیا ہے ۔ خود بیتی تحریر کی ہے اگر کسی جگہ پر کسی کی دل آزاری ہوئی ہے تو معاف کریں ۔ ہو سکتا ہے کہ کچھ لوگ اسے غلط رنگ دینے کی کوشش کریں ۔ لیکن میں خداوند کریم کو حاضر ناظر اور گواہ بنا کر حلفاً کہتا ہوں ۔ سچائی بیان کی ہے ۔ جس کا گواہ سارا گاؤں بھی ہے ۔ کیونکہ وہ منوّر والا واقعہ کسی کو نہیں بھول سکتا ۔

Marfat.com

اسی طرح کا ایک اور واقعہ جو مجھے یاد نہیں تھا۔ جیسے میں بالکل لکھتے وقت بھول گیا تھا۔ یاد آگیا۔ کس طرح یاد آیا۔ آپ کو بتاتا ہوں۔ جب یہ چند واقعات تحریر کرنے کے بعد میں اختتامی الفاظ لکھ چکا تھا اور آپ کو خدا حافظ کہنے کے بعد خوشی محسوس کر رہا تھا کہ میں اس کام سے خدا کے فضل سے فارغ ہو گیا ہوں۔ اسی رات جب میں سویا تو تقریباً آدھی رات کے بعد میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک بزرگ باریش سفید بال دراز قد چہرہ خوبصورت جیسے نور کی لاٹ، بہشتی لباس ہاتھ میں ہے اور بغل میں کلام الٰہی (قرآن مجید) اٹھائے میرے پاس کھڑا ہے اور مجھے جھنجوڑ کر اٹھا رہا ہے اور یہ کہہ رہا ہے کہ اٹھو! چوہدری لطیف صاحب! تمہارا کام ابھی باقی ہے۔ یہ سن کر میں نے آنکھیں کھولیں اور اس بزرگ کی طرف دیکھا اتنے میں بزرگ نے مجھے کہا۔ السلام علیکم! میں نے جواب دیا۔ وعلیکم السلام یا حضرت! آپ کون ہیں۔ اور کیا بات ہے۔

آپ چھوڑیں۔ میں جو بھی ہوں۔ آپ بابا محمد شفیق کے متعلق کچھ لکھ رہے ہیں۔ تمہیں یاد نہیں وہ چار دیواری والا واقعہ۔ جو ابھی آپ نے تحریر نہیں کیا۔ اتنی بات کہہ کر وہ بزرگ چلا گیا اور میں واقعی خواب غفلت سے جاگ گیا اور پسینے میں شرابور پچھتا رہا تھا کہ اس جاگنے سے نیند بہتر تھی۔ کیونکہ چند لمحے پہلے میں جو کچھ دیکھ چکا تھا وہ نظارہ تا قیامت نہیں بھول سکتا ہوں۔

میں بار بار سونے کی کوشش کرنے لگا۔ اور دعا کی۔ یا باری تعالیٰ میں قیامت تک اسی طرح سویا رہوں اور یہ بزرگ میرے سامنے ہو۔

Marfat.com

حبس کا یہی نظارہ کرتا رہوں۔ جاگنے کے بعد مجھے سب کچھ یاد آگیا اور میں نے اسی وقت قلم پکڑا اور لکھنے بیٹھ گیا۔ وہ واقعہ کچھ یوں تھا "جہاں پر مزار سے ملحقہ باورچی خانہ ہے وہ جگہ چوہدری غلام حسین نے خرید لی تھی اور اسی جگہ کا ایک اور بھی فریق تھا۔ جو یہ کہتا تھا کہ یہ میں نے خریدی ہوئی ہے اس طرح وہ جگہ متنازعہ تھی۔ لیکن دستاویزات سے ثابت ہوا کہ اس جگہ کا مالک چوہدری غلام حسین تھا اور پھر وہ اس پر قابض بھی تھا۔ وہاں پر چار دیواری اور ایک کمرہ تعمیر کرنے کی ضرورت پڑی۔ کمرہ بنانے کے لئے وہاں پر کاریگر لگا دئیے گئے اور وہ تقریباً نصف کمرہ تیار ہو گیا۔ ایک دن چوہدری غلام حسین کی عدم موجودگی میں دوسرا فریق چند ساتھیوں کے ساتھ آیا اور مکان گرا دیا۔ اور وہاں پر فائرنگ کر کے خوف وہراس پھیلا دیا۔ جب چوہدری غلام حسین کو صورتِ حال کا پتہ چلا تو اس فریق کے خلاف قانونی چارہ جوئی کی اور پرچہ درج کرا دیا گیا۔ اسی دوران عدالت نے تعمیر کے لئے سٹے آرڈر جاری کر دیا اور مکان بنانے کی اجازت دے دی۔

دوسرے دن جب میں صبح ہی صبح نماز سے فارغ ہو کر گھر آیا۔ تو چوہدری غلام حسین کا بڑا صاحبزادہ عطاء اللہ مجھے بلانے کے لئے آیا اور کہا ہم مکان بنانے لگے ہیں۔ آپ کو ابو جی نے بلایا ہے۔ میں اسی وقت چل دیا۔ اس سے پہلے گاؤں میں مخالف فریق نے یہ افواہ پھیلا دی تھی کہ ہم مکان نہیں بننے دیں گے۔ خواہ یہاں پر قتل وغارت کیوں نہ ہو جائے۔ لیکن ایک دوست نے دوست کو بلایا تھا۔

Marfat.com

کٹھن وقت پر کام نہ آنا بھی تو انسانیت نہیں۔ پھر ملانے والے تو باباشفیق تھے۔ غلام حسین تو صرف پیام بر تھے۔

چلتے چلتے میں نے محسوس کیا کہ خوف کے مارے میرا جسم کانپ رہا ہے اور ٹانگیں لڑکھڑا رہی ہیں اور پاؤں بوجھل ہیں جو اس طرف جانے سے روک رہے ہیں۔ لیکن اس کے باوجود میں چلا گیا۔ میں نے دیکھا کہ وہاں پر ماسوائے چوہدری غلام حسین اور مستریوں کے اور کوئی موجود نہیں تھا۔ حالانکہ اس وقت کچھ لوگ جو چوہدری صاحب کے دوست بھی تھے اور رشتہ دار بھی تھے وہاں سے غائب تھے لیکن خداوند کے فضل سے یہ ناچیز وہاں پر موجود تھا۔ اور اندر داخل ہوتے ہی نہ کوئی خوف رہا اور نہ ہی کوئی لڑکھڑاہٹ رہی۔

چار دیواری اور مکان بنانا شروع کر دیا۔ جس کی میں خود نگرانی کر رہا تھا۔ میں نے خود دیکھا کہ وہاں پر بابا جی کے گنبد پر سرخ آنکھوں والے پرندوں کی ٹولیاں پھڑپھڑا رہی تھیں یہ سبز پروں والے پرندے مختلف بولیوں سے مجھے جیسے کہہ رہے ہیں۔ فکر نہ کریں ہم آپ کی حفاظت کے لئے موجود ہیں۔

میں نے محسوس کیا کہ وہاں پر جیسے فرشتوں کی فوج ہماری حفاظت کے لئے پہرہ دے رہی ہے۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ جب تک وہ مکان اور چار دیواری مکمل نہیں ہو گئی۔ وہاں پر کوئی دشمن نہیں آسکا اور یہ سب باباجی کی طفیل تھا۔ ورنہ چوہدری غلام حسین تو کچھ بھی نہیں اس سے بڑھ کر اور کیا کرامات ہو سکتی ہیں۔ پھر دوسری فریق صلح کے لئے منت سماجت کرنے لگا اور گھر آکر اپنے کیئے کی معافی مانگی اور گڑگڑا کر

Marfat.com

بابا جی کے مزار پر جا کر توبہ کی اور عقیدت مندوں میں شامل ہو گئے۔
تو جناب یہ واقعہ تھا۔ جو میں بھول گیا تھا۔ جس کے متعلق مجھے
خواب میں آگاہ کیا گیا۔ لیکن آگاہ کرنے والے کو اب بھی آنکھیں
تلاش کر رہی ہیں۔ آپ دعا کریں۔ خداوند کریم اس بزرگ کا دیدار
دوبارا کرا دے۔

نیز یہ سلسلہ جاری وساری ہے اور میں چوہدری غلام حسین کے لئے
بھی تہ دل سے دعاگو ہوں کہ جو سلسلہ بابا جی کے متعلق انہوں نے
شروع کر رکھا ہے وہ چلتا رہے اور ان کے گھر والوں کے لئے بھی دعاگو
ہوں کہ وہ آپ کا ہاتھ بٹاتے رہیں۔ خاص کر فخر یہ بیٹی کے لئے میری دعا ہے
کہ خداوند کریم اس کی عمر دراز کرے اور وہ بابا جی کے مزار پر چراغاں کر
کے اندھیروں کو روشنی میں بدلتی رہے اور سبز گنبد سے نور کی کرنیں
پھیل کر سارے گاؤں کو ہی نہیں بلکہ علاقے میں پھیل کر اجالا کرتی رہیں
اور ہر آنے جانے والے فیض سے بامراد ہو کر لوٹیں۔ خدائے واحد
سالہا سال عرس کی رونقیں دوبالا کرے اور مجھے اس میں بڑھ چڑھ کر
حسب توفیق حصہ لینے کی توفیق عطا فرمائے۔

میری جانب سے وقت کے عظیم مفکر، نامور مؤرخ اثر انصاری فیض پوری
کے لئے معذرت اور حوصلہ افزائی کا شکریہ۔ جنہوں نے مجھے حوصلہ دیا اور
لکھنے کی فرمائش کی۔ اب پتہ نہیں یہ تحریر جو میں نے بیان کی ہے ان کی نظر میں قبولیت
حاصل کرتی ہے یا نہیں اگر آپ نے اسے قبول کر لیا تو میرے لئے یہ بہت بڑا
اعزاز ہوگا۔ آج میں جناب عبدالجبار اثر کی خدمت میں سلام کرتا ہوں
اور دعاگو ہوں کہ خداوند کریم ان کو دن دوگنی رات چوگنی ترقی عطا کرے اور بزرگان
دین کے متعلق زیادہ سے زیادہ لکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

Marfat.com

چوہدری میجر عمر الدین، فیصل آباد

# حاجی صوفی محمد شفیق بغدادیؒ سے میرا رابطہ

اللہ کا فرمان ہے جو لوگ میرے راستے کے لئے کوشش کرتے ہیں۔ ہم ان کو اپنا راستہ بتا دیتے ہیں۔ پاک فوج سے ریٹائر ہونے کے بعد سنہ ۱۹۷۱ء میں کراچی میں ایکسپورٹ کا کاروبار کرنے کی میں تیاری کر رہا تھا کہ فوج نے دوبارہ ملازمت کے لئے بلا لیا۔ بنگلہ دیش کی بغاوت شروع ہو چکی تھی۔ اس سلسلہ میں مجھے صادق آباد کے بارڈر پر متعین ایک کمپنی کی ذمہ داری دی گئی دسمبر کی ۱۶ تاریخ سنہ ۱۹۷۱ء پاکستان کی تاریخ کا سیاہ دن ہے جس دن ہماری فوج نے ڈھاکہ میں ہتھیار دشمن کے حوالے کئے۔ مجھے اس واقعہ کا اتنا صدمہ ہوا کہ فروری سنہ ۱۹۷۲ء میں فوج سے دوبارہ فارغ ہونے کے بعد میں نے کاروبار کا ارادہ ترک کر دیا۔ کراچی میں صوفی عبدالرحمٰن پاپوش نگر میں رہتے تھے ان کے پاس حاضر ہوا اور ان سے تبادلہ خیال کیا کہ پاکستان کا کیا بنے گا۔ انہوں نے مجھے تسلی دی کہ فکر نہ کرو یہ بنگلہ دیش پھر پاکستان کے ساتھ شامل ہوگا۔ وہاں ہی ان کے دربار پر ایک اور صوفی غلام محمد سے ملاقات ہوئی جو روضہ سید عبدالقادر جیلانی بغداد شریف سے آئے تھے۔ کچھ دنوں کے بعد یہ حاجی غلام محمد صاحب میرے گھر میں منتقل ہو گئے۔ انہوں نے اپنے مرشد صوفی محمد شفیق کا غائبانہ تعارف کرا دیا۔ جو ابھی بغداد ہی میں تھے۔ ان کو بندہ نے خط لکھا تو آپ نے فوراً مجھے جواب تحریر فرمایا۔

Marfat.com

سنہ ۱۹۷۳ء میں آپ پاکستان میں تشریف لے آئے تو بندہ آپ کے گاؤں دریائے راوی کے کنارے سگیاں میں جاکر نیاز حاصل کرنے جاتا رہا۔ سنہ ۱۹۷۴ء کے وسط میں بندہ کو پاکستان اٹامک انرجی اسلام آباد نے سروس کے لئے بلایا حالانکہ میں نے کوئی درخواست وغیرہ نہیں دی تھی۔ وہاں پر حاجی محمد شفیق صاحب سردیوں میں تشریف لائے۔ اور اسلام آباد میں میرے ساتھ کچھ روز رہے۔ وہاں دوست احباب آپ کی محفل سے فائدہ اٹھاتے رہے پیر مہر علی شاہؒ کے مزار پر فاتحہ کے لئے بھی گئے۔ راولپنڈی اور اسلام آباد کی سیر کے بعد آپ واپس لاہور روانہ ہو گئے۔ ان دنوں میرا ایک سرکاری خط جو بیرون ملک سے آنا تھا۔ راستہ میں رک گیا۔ اس کا پتہ کرنے کے لئے لاہور جی پی او گیا تو جاتے وقت حاجی صاحب کے پاس ٹھہرا۔ ان سے ذکر کیا کہ یہ مسئلہ درپیش ہے دوسرے دن جی پی او گیا تو وہاں بیرون ملک کے شعبہ والے میرے انتظار میں تھے کہ جناب آپ کا خط مل گیا ہے

اسلام آباد کی سروس چھوڑنے کے بعد سنہ ۱۹۷۷ء میں پاکستان قومی تحریک کے ٹکٹ پر فیصل آباد سے صوبائی اسمبلی کے امیدوار کے طور پر حصہ لیا جو بعد میں تحریک کی شکل اختیار کر گئی۔ ان دنوں بھی حاجی صاحب میرے پاس فیصل آباد میں تشریف لائے اور حوصلہ دیتے رہے کہ اگر الیکشن ہو گئے تو تم کامیاب ہو۔ بفضل اللہ ہمارے گاؤں میں بھی گئے۔ وہاں پر بریلوی اور دیوبندی دونوں مساجد میرے والد صاحب نے بنوائی تھیں۔ تو کہنے لگے دونوں کو آباد رکھو۔

صوفی برکت علی سالاروالا (دارالاحسان) کے ڈیرہ پر بھی ہم لوگ گئے وہاں صوفی صاحب نے ہمیں اپنے قرآن محل میں بیٹھا کر تواضع کی اور حاجی محمد شفیق صاحب سے دعا بھی کروائی۔

Marfat.com

سنہ ۱۹۸۱ء میں دوبارہ فیصل آباد تشریف فرما ہوئے تو ہم نے اپنے مکان میں سکول شروع کیا ہوا تھا۔ اس وقت کُل بیس کے قریب بچے تھے۔ آپ نے دعا فرمائی۔ آج ماشاءاللہ یہ ہائی سکول ہے اور اس سال لڑکوں کے لئے وہاں بھی علیحدہ سکول شروع ہو گیا ہے۔

مجھے بچپن ہی سے صوفیا کرام کی محبت ملتی رہی ہے۔ فوجی ملازمت کے دوران قیام پاکستان سے پہلے ہندوستان میں دہلی، مدراس، آگرہ، جبل پور پونہ اور بمبئی میں بزرگوں کے مزاروں پر فاتحہ پڑھنے کا موقعہ ملا۔ پاکستان بننے کے بعد مشرقی پاکستان میں ڈھاکہ چھاؤنی میں ایک مسجد تعمیر کروائی۔ تبلیغی جماعت کے امیر مولانا محمد یوسف مرحوم اور موجودہ امیر بھائی عبدالوہاب کے ساتھ تبلیغی سفر کرنے کا موقعہ ملا۔

سنہ ۱۹۶۷ء میں فوجی ملازمت کے دوران حج کی سعادت نصیب ہوئی۔

سنہ ۱۹۶۵ء کی جنگ میں ظفروال چونڈہ بارڈر پر جہاد پر تقریریں کرتا رہا۔ افغان روس جنگ میں حصہ لینے والی جہاد کی تنظیم "حرکت الانصار" ہمارے گھر سے شروع ہوئی۔ میرا بھتیجا مولانا ارشاد احمد اس جماعت کا بانی تھا اور امیر تھا۔ جو سنہ ۱۹۸۵ء میں افغانستان میں شہید ہوا۔ یہ جماعت اب بھی کشمیر میں برسرِ پیکار ہے

اللہ کے برگزیدہ بندوں سے رابطہ نے مجھے یقینِ محکم عطا فرمایا ہے۔ کہ صرف بنگلہ دیش ہی نہیں۔ پورا ہندوستان دوبارہ مسلم حکمرانی میں آئے گا چوہدری رحمت علی جنہوں نے پاکستان کا نام رکھا تھا۔ وہ بھی بزرگ ہستی تھے ان کا فرمان ہے کہ ہندوستان میں مسلمان بادشاہوں نے ایک ہزار سال حکومت کی۔ لیکن اس کا نام ہند ہی رہا۔ اب قیام پاکستان کے بعد بھارت کا نام دینیہ ہوگا۔ وہاں پر تمام مذاہب عیسائی، مسلمان، ہندو اور سکھ آزاد ہوں گے

Marfat.com

مختلف مذاہب کا ملک دینیہ کہلائے گا۔ چوہدری رحمت علی نے اپنی تمام عمر
پاکستان کی جدوجہد میں صرف کی اور ان کی تنظیم کا نام پاکستان قومی تحریک تھا۔
انہی کی یاد میں مجھے بھی اللہ نے توفیق دی ہے کہ ان کی جماعت کو دوبارہ زندہ
کر رہے ہیں۔ انہوں نے اپنی سکیم میں مشرقی پاکستان کو علیحدہ آزاد ریاست
بانگستان کے نام سے تجویز کیا تھا۔ جو کہ بعد میں ایک سانحہ کے بعد عمل میں آئی
انہوں نے ۱۹۴۶ء میں تحریر کیا ہے کہ روس سے آزاد ہونے والی مسلم ریاستیں
اور جنوبی ایشیا کی مسلم ریاستیں مل کر پاکیشیا بنے گا۔ اب جب کہ لوگ
موجودہ پاکستان سے بھی مایوس ہو جاتے ہیں۔ ایسے اللہ کے بندوں کے پروگرام
ہمارے لئے امید کی کرن ہیں۔ ہمارے پیارے پیغمبر محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم
کی حدیث کچھ اس طرح ہے۔

حدیث : نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے آزاد کردہ غلام ثوبان روایت کرتے
ہیں کہ حضورؐ نے فرمایا۔ "میری اُمت کے دو لشکر ایسے ہیں جن کو اللہ نے
دوزخ کی آگ سے بچا لیا۔ ایک وہ لشکر جو ہندوستان پر حملہ کرے گا۔ دوسرا
وہ جو عیسیٰ ابن مریمؑ کے ساتھ ہوگا۔"

حاجی صوفی محمد شفیق علم والے صوفی تھے۔ ہمیشہ روزہ رکھتے تھے اور دن
رات قرآن مجید کی تلاوت میں مصروف رہتے تھے۔ صرف افطار کے وقت کھُل
کر بات کرتے تھے۔ پیروں مرشدوں کی طرح نہ مرید بناتے تھے اور نہ ہی کوئی
اور تکلف کرتے تھے۔ اپنی ڈیوٹی پر مامور رہتے تھے۔ ایسے ہی بزرگوں کی
دعاؤں سے لشکر اسلام کامیابیاں حاصل کرتے رہے ہیں۔ محمود غزنوی نے
ہندوستان پر سترہ حملے کئے۔ آخری سترھواں حملہ کرتے وقت خواجہ حسنؒ ایک
بزرگ کا خرقہ لے کر گئے تو ہندوؤں کا سب سے بڑا مندر اجمیر میں توڑا۔

Marfat.com

اور بُت شکن کا لقب پایا۔

ہم اگر قرآن مجید کا غور سے مطالعہ کریں تو اللہ تعالیٰ کے احکامات سے آگاہی ہوتی ہے۔ قرآن مجید صرف ختم درود کے لئے ہی نہیں ہے۔ بلکہ اس میں جنگ کے اصول بھی ہیں۔ مسلمان لشکروں کو نصرت الٰہی کا وعدہ بھی ہے اگر اسلامی فوج احکام الٰہی پر عمل کرتے ہوئے کفار کا مقابلہ کرے تو کامیابی یقینی ہوتی ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ "میں مومنین کا مولا ہوں۔ کفار کا کوئی مولا نہیں"۔ اللہ تعالیٰ نے اسلام کو باقی نظاموں پر غالب کرنے کے لئے طریق کار بتایا ہے۔ ہمیں اپنی نئی نسل کو عربی زبان سکھانی چاہیئے تاکہ قرآن مجید کو سمجھ کر اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔ آپ یقین کریں کہ ہمارے دینی مدرسے عربی زبان نہیں پڑھاتے ہمارے کالج اور یونیورسٹیوں میں ایم اے اور عربی میں ڈاکٹری کرنے والے عربی نہیں جانتے۔ ظلم کی انتہا ہے کہ عربی فاضل عربی نہیں جانتا اور عربی ٹیچر عربی سے نابلد ہیں۔

Marfat.com

حافظ محمد عمر حیات امام مسجد سگیاں کلاں

# حالات و واقعات حاجی صوفی محمد شفیق بغدادی رحمۃ اللہ علیہ

تمام حمد و ثناء رب کریم کی ذات کے لئے ہیں۔ اور درود شریف ہزار دفعہ اور کروڑ دفعہ سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ہوں۔ اللہ کریم نے دنیا کے اندر بہت بزرگانِ دین کو پیدا فرمایا ہے اور ہر بزرگ کی بزرگی علیحدہ علیحدہ ہے۔ شان الگ ہے۔ لیکن ان بزرگوں میں ولی کامل و اکمل حاجی صوفی محمد شفیق صاحب ہیں جنہوں نے اپنی تمام زندگی اللہ کریم کی محبت اور عشق رسولؐ میں گزاری ہے آپ بغداد شریف کی چالیس سال کی حاضری کے بعد پاکستان کے صوبہ پنجاب ضلع شیخوپورہ میں دریائے راوی کے کنارے ایک غیر معروف اور چھوٹے سے قریہ سگیاں کلاں میں تشریف لائے جو آپ کے آنے کی وجہ سے سگیاں شریف بن گیا۔ آپ کو سرکار غوث پاکؓ کا حکم ملا کہ لوگوں کو ذکر اللہ کی تلقین کرو تو آپ نے تقریباً نو سال سگیاں کلاں کی جامعہ مسجد صدیقیہ میں گزارے آپ کو کوئی نماز باجماعت چھوڑتے نہیں دیکھا گیا سب سے بڑی کرامت آپ کی یہ ہے کہ آپ دن رات قرآن پاک کی تلاوت میں مشغول رہتے۔ دن کو اکثر روزہ رکھتے کبھی چھوڑتے اکثر زیادہ روزے رکھتے تھے۔ اگر کوئی آپ کے پاس مسئلہ پوچھنے کے لئے آتا تو قرآن مجید بند کر کے اس مسئلہ کو پہلے سُنتے اور جواب سے پہلے بسم اللہ مکمل پڑھتے۔ گفتگو بہت شیریں، با اخلاق اور دھیمی سی آواز میں کرتے۔ بولتے وقت کبھی کسی کا دل نہیں دکھایا کرتے تھے ہر بات مطلب کی کرتے۔ جواب مختصر دیتے تھے۔

حاجی صاحب زیادہ تر اپنی دینی لگن میں مصروف رہتے۔ تلاوت قرآن کے دوران کسی سے بات بہت کم کرتے۔ جب بھی دیکھا۔ گرمی ہو یا سردی۔ دونوں

Marfat.com

موسموں میں دنیا و مافیہا سے بے خبر تلاوت قرآن پاک میں منہمک رہتے۔

ایک دفعہ بلکہ کئی دفعہ میں نے کئی مسائل حل طلب پوچھے تو حاجی صاحب مجھے صحیح اور تسلی بخش جواب دے کر خاموشی اختیار کر لیتے۔ میں نے ایک دفعہ اپنے بیٹے اور اپنے بھائی کے متعلق عرض کیا۔ کہ ہم گھبرائے ہوئے ہیں۔ آپ ہمارے لئے دعا کریں۔ اللہ کریم بچے کو میٹرک کے امتحان میں پاس کرے تو تلاوت بند کر کے عصر کی نماز کے بعد دونوں ہاتھ اٹھا کر دعا کی۔ اور فرمایا۔ حافظ صاحب! اللہ کریم بہتر کرے گا۔ صبح کو جب رزلٹ آیا تو دونوں ہی میرا بھائی اور بیٹا پاس ہو گئے۔ میں نے مبارک دی تو مبارک لے کر اپنا سر نیچا کر لیا۔

ایک دفعہ میں نے عرض کی کہ حاجی صاحب میری ساس فوت ہو گئی ہے۔ ان کے چہلم پر آپ بھی تلاوت کا ثواب ہمیں مرحمت کریں تو کچھ دنوں کے بعد جب میں ختم پر جانے لگا تو پوچھا۔ حاجی صاحب! قرآن پاک کی تلاوت کا کتنا ثواب آپ میری ملیّت کریں گے تو فرمایا۔ حافظ صاحب! میں ایک پارہ کا ثواب آپ کی ملیّت کرتا ہوں۔ تو میں نے پریشان ہو کر عرض کی کہ حاجی صاحب! صرف ایک پارہ کی تلاوت کا ثواب! فرمایا ہے! ہاں! اللہ کریم ایک پارہ کے صدقے مرحومہ کو بخش دے گا۔

راستے میں چلتے تو اپنی لگن میں۔ ادھر اُدھر نہیں دیکھتے تھے۔ بعض دفعہ مسجد میں صبح کی نماز ادا کر کے تلاوت میں اتنا محو رہتے کہ پانچ نمازیں ادا کر کے عشاء کے بعد گھر تشریف لے جاتے۔ اکثر گھر میں بھی عشاء کی نماز کے بعد رات گئے تک تلاوت کرتے رہتے۔

کافی لوگوں نے آپ کی کرامات دیکھی اور سُنی ہیں۔ ولی اللہ کی سب سے زیادہ کرامت تو یہ بھی ہے کہ نماز با جماعت قضا نہیں ہوتی۔

Marfat.com

میں نے کئی دفعہ آپ کو کہا کہ حاجی صاحب! میری غیر موجودگی میں آپ جماعت کرا دیا کریں تو فرمایا کرتے۔ حافظ صاحب! آپ بہتر ہیں۔ گھر سے کبھی کبھی اپنی زمین پر جانا ہوتا تو قرآن پاک کو اپنی بغل میں رکھتے۔ جہاں تھوڑی دیر کے لیے رُکتے تو قرآن مجید کھول کر پڑھنا شروع کر دیتے۔ قرآن پاک پڑھنے کے لئے اکثر آپ بے قرار رہتے جب تک آپ ہر روز کی اپنی منزل پوری نہ کر لیتے تب تک آپ کو چین نہ آتا تھا۔ کیونکہ قرآن پاک پڑھنا اپنے لئے سعادت سمجھتے تھے

رمضان المبارک کی نماز تراویح میں بعد نماز میں نے کئی دفعہ عرض کہ حاجی صاحب نماز تراویح میں قرآن پاک پڑھتے ہوئے میری غلطی نکالا کریں تو فرماتے۔ حافظ صاحب! بس ٹھیک ہے۔ ایک رمضان شریف میں جب میں نے پانچواں پارہ کی تلاوت کی تو نماز تراویح کے بعد جب میں نے آپ کا چہرہ دیکھا تو آپ بہت خوش تھے۔ کہنے لگے۔ قرآن پاک میں اللہ پاک نے بزرگوں کی شان بہت زیادہ بیان فرمائی ہیں۔ اللہ تعالےٰ ہم سب کو اولیاء کرام کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

حاجی صوفی محمد شفیق المعروف غلام حسین بغدادی نے سنگیاں کلاں میں ولادت پائی۔ عالم شباب میں آپ بغداد شریف میں چلے گئے اور وہاں نصف صدی کے لگ بھگ رہے۔ عراق سے واپس گھر آگئے تو باقی ماندہ زندگی کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سُنّت کے مطابق بسر کیا۔ آخری دم تک آپ نے اپنے رب کی اطاعت میں گزارے۔ کبھی غیر شرعی کاموں کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھا۔ رحلت کے بعد اپنے آبائی گاؤں ہی میں دفن ہوئے۔

Marfat.com

مبصر: خانزادہ سمیع الوری، نمائندہ "جنگ" کراچی — نوشہرو فیروز سندھ

# مختصر سوانح حیات حضرت صوفی بابا محمد شفیقؒ

مختصر سوانح حیات حضرت صوفی بابا محمد شفیق المعروف بابا غلام حسین بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کو بھی فاضل نوجوان عبدالجبار اثر نے مرتب کیا ہے سرورق پر صوفی صاحبؒ کے مزار مبارک کی رنگین تصویر ہے۔ آخری صفحہ پر مسجد قادریہ سگیاں کلاں کی تصویر ہے۔ کتاب ۳۲ صفحات پر مشتمل ہے اور سائز $\frac{23 \times 36}{16}$ ہے۔ کتاب کا ہدیہ صرف ۶ روپے ہے جو زیادہ نہیں ہے۔ کتاب میں صوفی محمد شفیقؒ کی سوانح حیات اختصار کے ساتھ تحریر کی گئی ہے اور منظوم نذرانہ عقیدت بھی پیش کیا گیا ہے۔ کتاب کی اہمیت ان کے نام سے ظاہر ہے۔ اثر صاحب ایک ایسے قلمکار ہیں جو بزرگانِ دین پر اکثر لکھتے رہتے ہیں۔ اور اپنی تحریروں کو کتابی صورت دے کر شائع کروا کر ثواب دارین حاصل کر رہے ہیں۔ عبدالجبار اثر پر اپنے بزرگوار والد محترم کا تصوفانہ رنگ نمایاں ہے۔ جو اُن کے قلم کے ذریعے ظاہر ہوتا ہے۔

آخر میں ایک اشتہار پڑھا۔ کہ یہی حالات بہت جلد منظوم صورت میں شائع کئے جائیں گے۔ میں اس آنے والی کاوش کا شدت سے انتظار کروں گا۔ کیونکہ اس ایٹمی دور میں بھی عارفانہ اور تصوفانہ رنگ کی ایسی کتابوں کی شدت کی ضرورت ہے۔

اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ

۲۳ راگست ۱۹۹۷ء

صاحبزادہ چوہدری غلام حسین نبیرہ آستانہ حضرت بابا صوفی محمد شفیقؒ بغداد کا
کے قلم سے خصوصی تحریر
بفرمائیش : سردار محمد عبداللہ

میں ابھی چھوٹا ہی تھا ۔ میرے والد اور والدہ بابا محمد شفیق صاحب کا ذکر کرتے تھے اور ہمارے گاؤں میں ایک آدمی محمد صدیق جھبیل تھا ۔ وہ کچھ پڑھا لکھا آدمی تھا ۔ اُس سے کبھی خط لکھواتے اور جب خط آتا تو وہ ہمیں پڑھ کر بھی سناتا ۔ جب میں چوتھی کلاس میں تھا ۔ تو میں نے پہلا خط بابا جی کو لکھا اُس خط کا جواب بہت جلد آیا اور اتنی خوشی میرے حقیقی ماں باپ کو بھی نہ ہوئی ہوگی ۔ حقیقی بابا جی کو ہوئی ۔ وہ خوشی سے پھولے نہ سمارہے تھے ۔ ہاں ! ایک بات میں بھول گیا ہوں ۔ میرا بڑا بھائی غلام رسول میری ماں کی کوشش کے باوجود نہ پڑھ سکا ۔

میری والدہ حمیدۃ المبارک ۱۲ر جون ۱۹۶۱ء کو میرے تایا جی کو ملنے (لینے) بغداد شریف گئیں تو بابا جی نے خود بچوں کے بارے پوچھا تو میری ماں نے بچیوں اور بچوں کے بارے بتایا اور کہا کہ دونوں بیٹے پڑھتے نہیں ہیں بلکہ اُن کا والد انہیں نہیں پڑھاتا ۔ بابا جی نے ارشاد فرمایا کہ اب جاکر بھائی احمد علی کو میری طرف سے کہنا کہ چھوٹے بچے کو سکول میں داخل کرا دیں ۔ اور انشاء اللہ میں خود خرچہ بھیجوں گا ۔ جب میری والدہ بغداد[1] شریف اور ایران سے زیارتیں کر کے واپس آئیں تو سارا ماجرا میرے والد کو بتایا ابھی مشورے ہی ہو رہے تھے ۔ کہ موضع سگیاں کلاں (جہاں اب ہماری رہائیش ہے ۔) ماسٹر غلام مرتضیٰ اور ماسٹر رحمت مسیح سگیاں گاؤں میں آ گئے

[1] عراق

اور بچوں کو سکول میں داخل کرنے کے لئے نام لکھ کر لے آئے۔ اب باباجی
وہاں دعا گو تھے۔ میرے اباجی نے مجھے گورنمنٹ پرائمری سکول سگیاں کلاں
میں داخل کروادیا۔ یہاں سے میں نے ۱۹۶۷ء میں پرائمری پاس کی
اور گورنمنٹ ایم بی ای ہائی سکول شاہدرہ میں داخلہ لیا۔ جہاں سے میں نے
میٹرک ۱۹۷۲ء میں کیا۔ باباجی نے اس دوران ہزاروں روپے مجھے
(مختلف اوقات میں) بھیجے۔ جو میرے گھر والے بھی خرچ کرتے رہے
میں نے کبھی سوچا بھی نہ تھا۔ کہ مجھے باباجی کی زیارت ہو جائے گی۔
۱۹۷۲ء میں ہم نے اپنے والد احمد علی کا پاسپورٹ بنوایا اور عراق یعنی
بغداد جانے کی تیاری شروع کر دی مگر ۱۹۷۳ء کے شروع میں (یعنی
۱۵ جنوری ۱۹۷۳ء) کو خط لکھا کہ آپ آنے کی زحمت نہ کریں۔ میں خود
ہی آرہا ہوں۔ اس دوران یا اس سے پہلے ہم نے باباجی کو کوئی خط
نہ لکھا تھا۔ مگر انہوں نے دیکھ کر خود ہی خط لکھ دیا۔ جس پہ ہم خاموش
رہ گئے۔ اور باباجی نے آنے کی تاریخ بھی بتائی کہ میں ۵ مارچ ۱۹۷۳ء
کو کراچی میں بحری جہاز پر ہمراہ پیر محمد اشرف شاہ المعروف کالے شاہ
پیر منگھو روڈ کراچی والے کے ہمراہ تشریف لا رہے ہیں۔ آپ فکر نہ کریں
میرے والد صاحب شروع مارچ میں کراچی چلے گئے اور جس دن جہاز
آنا تھا۔ بندرگاہ پر پہنچ کر وہاں باباجی سے ملے اور جب دونوں بھائیوں
کی ملاقات ہوئی تو وہ سماں ہی عجیب تھا۔ جو حاجی احمد علی صاحب میرے
پوچھنے پر لفظوں میں بیان نہ کر سکے۔

مارچ ۱۹۷۳ء میں ہم سگیاں خدا یار والیاں نزد ڈیرہ بندوق
سازی رہائش پذیر تھے۔ کچھ دن کراچی رہنے کے بعد باباجی ہمراہ

Marfat.com

بھائی لاہور تشریف لائے تو ہمارے گاؤں کے پاس دریائے راوی پر بیڑا بیڑا تھا۔ سگیاں پل سے تقریباً تین فرلانگ جانب جنوب چلتا تھا جب تانگے پر بیٹھ کر دریائے راوی کے مشرقی کنارے پر آئے تو آگے پتن پار کر کے آنا تھا۔ میرے والد نے پیغام بھیجا کہ ہم دونوں بھائی آگئے ہیں۔ پتن سے آ کر لے جائیں۔ میں اور ایک دوسرا آدمی پتن پر پہنچے تو میرے تایا جی محمد شفیق صاحب پتن پر بیٹھے تھے اور والد صاحب پاس کھڑے تھے۔ میں اُس وقت گورنمنٹ کالج لاہور میں ایف اے کا طالب علم تھا۔

جب بابا جی کو ایک نظر دیکھا تو دُنیا ہی بدل گئی بابا جی مجھ سے بغل گیر ہوئے۔ حال احوال پوچھا۔ بابا جی کے پاس ایک ٹرنک تھا وہ میرے ساتھ آدمی لیجا مسیح نے اٹھا لیا۔ میرے عزیز واقارب اور باقی برادری یہ سمجھتے تھے کہ بابا شفیق صاحب ایک بہت بڑا دنیاوی دولت کا خزانہ لے کر آئے ہیں۔ مگر بابا جی تو سارے خزانے لے کر آئے تھے۔ جس کی طرف نگاہ کی پُر کر دیا۔ مگر دنیا والے اسے سمجھ نہ سکے۔ خاص کر سگیاں خدا یار والے اور سگیاں کلاں والے بہرحال جب ارد گرد کے گاؤں میں پتہ چلا کہ بابا شفیق صاحب چالیس سال کے بعد تشریف لائے ہیں تو لوگ جوق در جوق ملنے کے لئے آئے کچھ لوگ دنیاوی جلال و جمال دیکھنے کے لئے آئے اور کچھ روحانی۔ کچھ لوگ دُور دُور سے بھی آنے لگا اور فیض یاب ہو کر گئے۔ جیسے عبدالعزیز مغل صاحب ریٹائرڈ ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب ریٹائرڈ میجر عمر الدین چوہدری غلام محمد آباد فیصل آباد۔ چوہدری محمد صدیق صاحب

Marfat.com

مرحوم سابقہ چیف سیکرٹری پنجاب وغیرہ - اسی طرح گاؤں اور اردگرد کے
گاؤں سے بھی لوگ فیض یاب ہوئے - کسی نے بیماری سے صحت پائی -
بذریعہ دعا اور کسی نے روحانی فیض حاصل کیا - جیسے عبدالحمید مہیٹا،
منظور احمد ملاں کا - حاجی حق نواز سیٹھ، ظہور دین سیٹھ، ملک محمد ادریس
ڈاکٹر محمد صادق شمس آباد والے، چوہدری معراج دین گھچہ، منشی محمد بشیر سانده
کلاں والے، ملک محمد اکرم سانده کلاں، بشیر بٹ صاحب سانده کلاں
مگر ان سب لوگوں سے زیادہ حاضری عبدالعزیز مغل دیتے رہے۔
کبھی میاں بیوی آتے کبھی بچوں کے ساتھ آتے اور دلی مرادیں پاتے
یہ سلسلہ جاری وساری تھا - کہ باباجی نے وصال فرمایا -
تاریخ وصال - ۱۱ ربیع الاول ہے - ۲۴ نومبر ۱۹۸۵ء بروز اتوار
مگر وہ اسی طرح آتے رہے - تو اب بھی مزار بابا صوفی محمد شفیق
صاحبؒ پہ اکثر وبیشتر حاضری دیتے رہتے ہیں -

ایک اور صاحب چوہدری محمد صدیق صاحب تھے - جو اُس وقت چیف
سیکرٹری پنجاب کے عہدہ پر فائز تھے اور اُن کو گھریلو مسائل نے زیادہ
گھیرے میں لیا ہوا تھا - ان کو ایک درویش نے بتایا کہ آپ دریائے راوی
کی مغرب کی جانب جائیں - وہاں ایک گاؤں سگیاں کلاں ہے - وہاں پر
ایک فقیر صوفی محمد شفیق صاحب المعروف بابا غلام حسین رہتے ہیں - جو
قائم اللیل اور صوم النہار ہیں - ان کے پاس جاکر دعا کروائیں - مسئلہ
حل ہو جائے گا -

چوہدری محمد صدیق صاحب نے عبدالعزیز مغل صاحب کو ساتھ لیا
اور وہاں پر یعنی اب موجودہ گاؤں میں پہنچے - باباجی سے التجا کی کہ

Marfat.com

نظرِ کرم فرمائی جائے ۔ ایسا کرم ہوا کہ دونوں کے مرتبے ہی بڑھ گئے چوہدری صاحب تہجد گزار بھی ہو گئے اور گھریلو مسائل بھی سلجھ گئے

اس دوران چوہدری محمد صدیق صاحب گاہے بگاہے سگیاں میں بابا جی کی خدمت میں حاضر ہوتے رہتے ۔ اسی دوران بیگم عطیہ عنایت اور بیگم عفیفہ ممدوٹ کے علاوہ کئی لوگوں نے چوہدری محمد صدیق صاحب کی وجہ سے حاضری دی ۔

صوفی محمد شفیق صاحب کو آخری دنوں میں منہ (چہرے پر) دائیں طرف ایک رسولی نکل آئی ۔ میں نے بھی علاج کے لئے کہا اور چوہدری محمد صدیق صاحب اور عبدالعزیز مغل صاحب نے بھی ہسپتال میں علاج معالجہ کروانے کی ضد کی ۔ تو اُن کو ای این ٹی وارڈ میو ہسپتال لاہور میں داخل کروا دیا ۔ میں وہاں پر بابا جی کی خدمت میں موجود رہتا تھا ۔ رات آٹھ نو بجے روزانہ چوہدری محمد صدیق صاحب ہمراہ جناب عبدالعزیز مغل بیمار پُرسی کے لئے تشریف لاتے ۔ آخر میں ڈاکٹروں نے رائے دی کہ یہ علاج شعاعوں ہی سے ممکن ہے ۔ اور دائیں آنکھ پہلے ہی ضائع ہو چکی تھی ۔

آخر بجلی کی شعاعوں کا سلسلہ جاری کیا ۔ ہسپتال میں پانچ دن شعاعیں لگاتے اور دو دن چھٹی ہوتی ۔ بابا جی کو ہفتہ کی صبح چوہدری محمد صدیق صاحب کی گاڑی ۹۹۹۹ LES نمبر بذریعہ ریاست علی بعہ ڈرائیور شہباز لینے آتی اور بابا جی کو بدھ کو صبح بجلی کی شعاعیں لگوا کر سیدھے گھر لے جاتے اور چار دن عبدالعزیز مغل کے گھر ٹھہرتے ۔

ریاست چیف سیکرٹری ہاؤس میں کلرک تھا ۔ شادباب

Marfat.com

تحصیلدار ہے - چوہدری محمد صدیق صاحب چار دن روزانہ ملنے آتے
ایک دن ایسا ہوا - کہ چوہدری محمد صدیق صاحب کی بیگم بھی ہمراہ تھی
آئے تو بیگم صاحبہ باباجی کے قدموں میں بیٹھ گئی اور چوہدری محمد صدیق
کے تبادلے کا ذکر کیا کہ چوہدری صاحب کا تبادلہ اسلام آباد میں ہو گیا ہے
اور ہمارے لئے بہت سے مسائل کھڑے ہو گئے ہیں - ہمارا کچھ کریں -
باباجی نے فرمایا کہ اچھا بھائی! "اللہ خیر کرے گا - دعا کروں گا"
چوہدری محمد صدیق اور ان کی اہلیہ کچھ دیر بعد چلے گئے - اور
باباجی سو گئے -

علی الصبح باباجی نے صاحب خانہ عبدالعزیز مغل کو آواز دی -
مغل صاحب! مغل صاحب! مغل صاحب آئے تو فرمایا کہ چوہدری صاحب
کو کہہ کر آؤ کہ آپ یہیں رہیں گے - انشاء اللہ - میری بات ہو گئی
ہے - جب مغل صاحب اپنی گاڑی پر چوہدری محمد صدیق صاحب کے
گھر پہنچے تو باباجی کا پیغام چوہدری صاحب کو سنایا - چوہدری صاحب
ہنس پڑے اور کہنے لگے - یہ کیسے ہو سکتا ہے - مغل صاحب! یہ ناممکن
بات ہے -

مغل صاحب نے کہا - کہ چوہدری صاحب! یہ ایک فقیر کے آرڈر ہیں
آپ پتہ کر کے تو دیکھیں - چوہدری صاحب نے فون کیا - تو صدر سیکرٹریٹ
سے پتہ چلا کہ رات ساڑھے تین بجے آپ کے تبادلے کے آرڈر
منسوخ کر دیئے گئے ہیں -

جب عبدالعزیز مغل نے یہ بات سنی تو چوہدری صاحب سے کہا کہ
دیکھا ہے آپ نے یہ حکم مرد مجاہد کا ہے - جو اللہ تعالیٰ کی ذات پاک

Marfat.com

نے مان لیا ہے۔ اس کے بعد چوہدری صاحب تقریباً اڑھائی سال چیف سیکرٹری کے عہدہ پر فائز رہے۔

عبدالعزیز مغل سب سے زیادہ باباجی کے پاس حاضری دیتے رہے اور سب سے زیادہ فیض پایا۔ ماشاءاللہ سب بچے لائق فائق ہیں۔ ان کی بڑی بیٹی کی شادی بروز اتوار ہوتا تھی۔ باباجی نے بلا کر کہا کہ آپ شادی جمعۃ المبارک کو کرلیں۔ باباجی کے کہنے پر وہ رضامند ہو گئے اور اتوار کی بجائے برات کا دن جمعۃ المبارک رکھ لیا۔ جمعہ کو شادی کے دن چوہدری محمد صدیق، احمد صادق نیز کئی اور لوگوں سے بھی میری ملاقات ہوئی۔ اتوار کا دن شادی کے لئے مقرر ہوا تھا۔ اصل میں وہ دن باباجی کے وصال کا دن تھا۔ باباجی کا وصال ۱۰ ربیع الاول بروز اتوار صبح نو بجے ہوا۔ ۲۴ نومبر ۱۹۸۵ء

ایک اور صاحب منشی بشیر صاحب ساندہ کلاں سے باباجی کے پاس حاضری دینے لگے۔ ان کے ہاں اس وقت تین بچیاں تھیں۔ اولاد نرینہ کے لئے دعا کرواتے۔ آخر ایک دن باباجی نے دو بچوں کی خوشخبری دی کہ اللہ تعالیٰ کی ذات پاک آپ کو دو بچے دے گی۔ اس کے بعد ایک اور بچی پیدا ہوئی اور منشی صاحب میاں بیوی پریشان ہو گئے۔ باباجی سے دوبارہ عرض کی۔ انہوں نے فرمایا کہ انشاءاللہ تعالیٰ مولا کریم بچے دیں گے۔ آپ فکر نہ کریں۔

اللہ تعالیٰ کا کرنا ایسا ہوا کہ اس کے بعد دو جڑواں بچیاں پیدا ہو گئیں تو وہ مزید پریشان ہو گئے۔ چلے کے بعد میاں بیوی حاضر خدمت ہوئے اور بہت پریشانی کا اظہار کیا۔ باباجی نے فرمایا کہ

Marfat.com

اب انشاء اللہ مولا پاک یکے بعد دیگرے دو بچے دے گا اور پھر اللہ پاک کی رحمت سے پہلے ایک بچہ پیدا ہوا جو شاید اب دسویں جماعت کا طالب علم ہے اور اسی روز ایک بچہ میرے بھائی غلام رسول کے ہاں پیدا ہوا۔ جس کا نام بابا جی نے عبدالباسط رکھا جو آج تک سید ھے نام سے نہ پکارا جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے اس میں وہ صلاحیتیں نہیں جو دیکھ کر بابا جی نے نام رکھا تھا۔

منشی بشیر کے گھر دوسرا بیٹا اس کے بعد پیدا ہوا وہ بھی سکول پڑھ رہا ہے۔ اب منشی بشیر اور اس کی بیگم نے سوچا کہ اب بچے ہی ہوں گے مگر ایسا نہ ہو سکا۔ جتنے بیٹے بابا جی نے کہے تھے اتنے ہی ہوئے۔ اس کے بعد بچی پیدا ہوئی۔ تو انہوں نے اللہ سے معافی مانگ کر توبہ کر لی اور آئندہ بچے پیدا کرنے کی کوشش نہ کی۔

اسی طرح چوہدری معراج دین گھمن کے ہاں بیٹیاں ہی تھیں کوئی بیٹا نہ تھا۔ بابا صوفی محمد شفیق صاحب جب مسجد سے نکلتے تو سیر و سیاحت کے لئے کبھی ان کے ٹیوب ویل پر بھی جاتے۔ اللہ داد (محمد نذیر عرف دادو) سے ملاقات ہوتی۔ جب معراج دین نے مرغی خانہ شروع کیا تو وہ بھی بابا جی سے با ادب طریقہ سے ملتا اور بابا جی سے بیٹے کے لئے دعا کے لئے کہا کرتا۔ اللہ تعالیٰ نے بابا جی کی دعاؤں سے خاور الیاس عطا فرمایا۔ جو اب ماشاء اللہ لکھ پڑھ رہا ہے۔ اور اس کے گھر والے اب بھی بہت عقیدت مند ہیں۔

میری شادی ۱۹۷۸ء میں حاجی حسن دین گھمن کے گھر ہوئی۔ میری بیوی کے تین بھائی ہیں۔ چوہدری محمد حنیف گھمن ایڈووکیٹ پر ایک دفعہ

Marfat.com

ایک فراڈ کیس بن گیا۔ اور وہ بابا صوفی محمد شفیق صاحب کی دعاؤں کا صدقہ ہی بری ہوا تھا۔ باقی سب کو سزا ہو گئی تھی۔ جن میں چوہدری معراج دین بھی شامل تھا۔ اور محمد دین پنکھوں والوں کے بیٹے وغیرہ بھی۔ نیز اس کے چھوٹے بھائی ناظم حسین نے بابا صوفی محمد شفیق کی دعاؤں سے ہیروئن جیسی موذی لعنت سے نجات پائی اور بابا جی نے چوہدری حسن دین اور اس کی بیوی کو کہا کہ آپ دنیا میں بیمار ہیں۔ فکر نہ کریں۔ یہ معمولی بیماریاں ہیں۔ جب آپ کو اس دنیا سے اٹھایا جائے گا تو آئندہ آپ کو کوئی تکلیف نہ ہو گی۔ یعنی اللہ تعالیٰ کی ذات بابرکات آپ کو سیدھا جنت میں بھیج دے گی۔

اسی طرح ایک دن کچھ مہمان دعا کی غرض سے شام کے بعد بابا جی کے پاس حاضر ہوئے اور اپنی بیماری کی باتوں کے بعد اِدھر اُدھر کی باتیں کرنے لگے۔ بابا جی چند منٹ خاموش رہنے کے بعد ارشاد فرمانے لگے۔ کہ بھائی آپ کے دادا جو کافی عرصہ ہوا۔ فوت ہو چکے ہیں۔ ان کو قبر میں عذاب ہو رہا ہے۔ ان کے لئے کچھ پڑھیں پڑھائیں اور کچھ پکا کر فی سبیل اللہ تقسیم کریں یہ نشانِ ولایت ہی ہے۔ جس کی برکت سے ایسا ہوا۔ بابا جی ماشاء اللہ بغیر رضاء الہٰی کے کوئی بات نہ کرتے۔

کچھ لوگوں نے بابا جی سے قرآن پاک کی تعلیم بھی حاصل کی۔ جن میں شوکت علی آبادگر، شوکت علی مائی جائی کا، غلام حسین، عبدالغفور اور محمد یونس وغیرہ شامل ہیں۔ صبح کے وقت اپنی منزل سے فارغ ہو کر درس دیتے اور ایسا حلیم لہجہ استعمال کرتے کہ سبق یاد نہ کرنے والے خود بخود شرمندہ ہوتے اور سبق یاد کر لیتے اور ایک پوتی خدیجہ بی بی کو بھی سات پارے پڑھائے تھے۔

Marfat.com

بابا صوفی محمد شفیق صاحب قائم اللیل اور صائم النہار تھے۔ ان کی ڈیوٹی بڑی زبردست تھی۔ رات کو تقریباً ساڑھے بارہ بجے ایک بجے اُٹھتے اور صبح ساڑھے آٹھ بجے ۹ بجے تک اپنی ڈیوٹی پہ رہتے۔ قرآن خوانی اور نوافل کی ادائیگی میں زیادہ وقت گزرتا۔ سحری کے وقت تھوڑی بہت دہی وغیرہ کھالیا کرتے تھے۔ صبح جب فارغ ہوتے تو تقریباً آدھ گھنٹہ بچوں کے ساتھ باتیں کرتے پھر اکثر ٹیوب ویل پر تشریف لے جاتے وہاں سے عصر کی نماز پڑھ کر چلتے تو روزہ کھولنے سے کچھ ہی دیر پہلے گھر پہنچتے۔ پھر روزہ کھولنے کے بعد نماز پڑھتے اور عشاء کی نماز تک گھر والوں کے ساتھ باتیں کرتے۔ سر میں تیل کی مالش کرواتے۔ جمعہ کے روز خصوصی غسل فرماتے جو میرے ذمہ تھا (یعنی اچھی طرح نہاتے) اور شام کا کھانا ہم اکثر اکٹھے کھاتے تھے۔

ایک شام کھانا کھانے کے بعد ہم بیٹھے تھے۔ اس دن بھی کھانا ہم میاں بیوی دونوں نے بابا جی کے ساتھ کھایا تو میری بیوی نے بچی بچے کے لئے دعا کرنے کو کہا اور ساتھ یہ بھی کہا کہ فلاں عورت[1] اپنے منہ پر ہاتھ پھیر کر کہتی ہے کہ میں دیکھوں گی کہ تو کیسے بچوں کو گود میں کھلاتی ہے اور پھر رونا شروع ہو گئی۔ بابا جی چند منٹ خاموش رہے اور پہلے میرے کندھے پر ہاتھ رکھ

---

[1] نیز جس عورت نے منہ پر ہاتھ پھیر کر کہا تھا کہ میں دیکھوں گی تم کیسے بچے گود میں کھلاتی ہو۔ اللہ تعالیٰ نے اس کی بہن اور ایک بھاوج کو اولاد سے محروم کر رکھا ہے۔ اور وہ ابھی تک بے اولاد ہیں۔ جو کسی کے لئے کنواں کھودتا ہے وہ خود ہی اُس کنوئیں میں گر جاتا ہے یہ بابا جی کی بددعا بھی تھی کہ اللہ تعالیٰ اس کو سزا دے۔

Marfat.com

کہ کہا۔ یار! آپ گھبرائیں نہیں۔ رب تعالیٰ آپ کو بڑے بچے بچیاں دے گا اور یہی بات میری بیوی کو کہی۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت ہوئی (شادی کو دو تین سال ہو چکے تھے۔ پہلے ایک بچی پیدا ہوئی پھر دوسری بچی پھر بچہ پھر بچی اور اس کے بعد دو بچے یکے بعد دیگرے پیدا ہوئے۔ ساتھ بابا جی نے فرمایا کہ یہ بچے لوگوں کے بچوں سے مختلف ہوں گے۔ آپ کو بہت کم تنگ کریں گے اور اب تک تو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ایسا ہی ہے۔ ہاں ایک بات میں بھول گیا ہوں۔ جب میری بیوی کے ہاں دوسری بیٹی پیدا ہوئی تو چونکہ میری اپنی چھ بہنیں ہیں۔ وہ بہت گھبرا گئیں کہ ہمارے بھائی کے ہاں دو بیٹیاں ہو گئی ہیں۔ تو بچی ابھی چھ سات دن کی تھی۔ (جس کا نام فخریہ شفیق ہے۔) بابا جی نے مجھے اور میری بیوی کو فرمایا کہ یہ بیٹی میں نے اللہ تعالیٰ سے مانگ کر لی ہے۔ آپ اس کا فکر نہ کریں۔ یہ میری بیٹی ہے اور ایسا ہی ہوا جو بھی عقیدت مند ملنے کے لئے آتا۔ بابا جی اس وقت تک اس سے بات نہ کرتے جب تک وہ فخریہ باجی سے پیار نہ کرتا۔ ایسا ہی کئی عورتوں کے ساتھ ہوا۔

بابا صوفی محمد شفیق صاحبؒ کبھی کبھی میری ذہانت کا امتحان بھی لیتے۔ ایک دن کہ ریلوے اسٹیشن ابھی موضع سگیاں خدا یار والی میں تھی۔ شام کو کھانا کھانے کے بعد ایک آدمی کا نام لے کر پوچھا کہ وہ آدمی کیسا ہے۔ میں نے عرض کی کہ وہ باتونی آدمی ہے۔ ظاہری طور پر بہت پیار محبت کرنے والا ہے اور اندرونی طور پر کچھ نہیں۔ مجھے فرمانے لگے کبھی کبھی میں ان کے کھوہ پر جاتا ہوں تو بڑی چادر وغیرہ بچھا کر دیتا ہے کہ بابا جی یہاں بیٹھیں۔ میں نے عرض کی کبھی آزمائیں۔ اُس سال ایسا ہوا کہ ہمارے گھر سے گندم ختم ہو گئی اور غالباً

Marfat.com

مارچ کا آخری ہفتہ تھا - باباجی نے اُس آدمی کو ( جو بڑی خوشامد کرتا تھا اور ہر وقت کہتا تھا کہ نئے پرانے دانے ہر وقت اللہ کے فضل سے گھر میں پڑے رہتے ہیں - ) کہا کہ ایک بوری گندم دے دیں اور ہم جوں ہی گندم گھر لائیں گے - میرا بیٹا غلام حسین آپ کو ایک بوری گندم واپس کر دے گا - باباجی کا یہ کہنا تھا کہ اُس نے کلمہ پڑھ کر کہہ دیا - باباجی ! ہمارے پاس تو دانے ختم ہو چکے ہیں ورنہ دے دیتے - اس شام ہم کھانا کھانے کے بعد بیٹھے تو باباجی نے ہنس کر کہا - آپ کی بات ٹھیک ہے - آپ اندازہ لگا لیتے ہیں -

جون ۱۹۷۶ء تک ہم سگیاں خدا یار والیاں میں ہی مقیم تھے - جون میں باباجی نے میرے والد احمد علی کو کہا - کہ یہ گاؤں دریا میں گرنے والا ہے - آپ کسی اور جگہ رہائش کا بندوبست کریں - میرے والد صاحب نے عبدالغنی بھتیجے کو اگلے دن ساتھ لیا اور محمد ابراہیم دودھی فیض پور خورد والے کو ملے - اُس سے ایک کنال زمین کا سودا مبلغ آٹھ ہزار روپے میں طے ہوا جو بعد میں سودے سے انحراف کر گیا تو مبلغ ایک ہزار روپے مزید لے کر رجسٹری کی تکمیل کروائی -

ہم نے جون میں اپنے مکان کی اینٹیں وغیرہ اور چھتیں اکھاڑ دیں نیز جو جگہ محمد ابراہیم سے خرید کی تھی - ( جہاں اب رہائش و مزار شریف ہے - ) سامان لا کر رکھنا شروع کر دیا - جب اکھاڑ پکھاڑ جاری تھی تو لوگ طرح طرح کی باتیں بنا رہے تھے - مگر باباجی نے کہا کہ آپ لوگ ان کی پرواہ نہ کریں اپنا کام جاری رکھیں - جب سب سامان وہاں سے لے کر آ گئے تو باباجی فرمانے لگے کہ میری ڈیوٹی ابھی یہاں ہی ہے - آپ لوگ چلے جائیں اور مجھے کھانا دے جایا کریں - اللہ تعالیٰ کی رحمت سے اُن دنوں باباجی روزے رکھ رہے تھے - عصر کی نماز کے بعد میں گھوڑی پر بیٹھ کر دودھ چاول

Marfat.com

اور روٹی سالن لے کر شام سے پہلے وہاں پہنچ جاتا اور ہمارے ہمسائے فخر دینؔ[1] کی بیوی[2] کے سپرد کر کے آجاتا۔ کچھ دودھ اور روٹی باباجی شام کو کھا لیتے، باقی دودھ کی دہی جما دی جاتی، چاول اور دہی باباجی سحری کے وقت کھا لیتے۔

کچھ دن ایسے گزرے تو دریائے راوی میں پانی زیادہ آگیا۔ گاؤں کے ارد گرد بھی پانی بہہ رہا تھا۔ میں روٹی لے کر پیدل گیا تو واپسی پر باباجی نے فرمایا کہ اب کل آپ نہ آئیں۔ راوی میں پانی زیادہ آنے والا ہے اور کل تم نہ آسکیں گے۔ ایسا ہی ہوا۔ اگلے دن راوی میں زبردست سیلاب آگیا۔ میں بحکم باباجی کھانا لے کر نہ گیا۔ دو دن ایسے ہی گزر گئے۔ تیسرے دن سیلاب تھوڑا سا ہلکا ہوا تو باباجی کشتی پر بیٹھ کر (جو چارپائی تھی وہ بھی ساتھ لے کر) یہاں تشریف لے آئے۔ یہاں چھوڑنے والوں میں محمود احمد مالی جانی والا، محمد عارف کرولیا اور محمد منیر شورنقی تھے۔ اُن کا ہم سب گھر والوں نے شکریہ ادا کیا اور باباجی کو لے کر عبدالغنی کے گھر چلے گئے۔

لوگوں کا کہنا ہے کہ جب تک باباجی وہاں تشریف فرما رہے دریائے راوی کا کٹاؤ بہت آہستہ رہا۔ اور جب باباجی یہاں سے تشریف لے گئے تو دن رات میں دریائے راوی ایک ڈیڑھ ایکڑ اراضی اپنی گزرگاہ (حجم) میں شامل کر لیتا تھا۔ اور آہستہ کٹاؤ ان کی دعاؤں کا صدقہ تھا۔ سارا گاؤں راوی کی نذر ہو گیا۔ کچھ لوگ جوہان پارک لاہور میں آباد ہو گئے۔ کچھ لوگ نین سکھ کے رقبہ میں آکر بیٹھ گئے۔ جس سگیاں کو نیو کراچی بھی کہتے ہیں۔ ہم یہاں آگئے کچھ لوگ اِدھر اُدھر بھی چلے گئے ہیں۔ جن کے متعلق میں کچھ نہ جانتا ہوں۔

[1] مہتم [2] سردار بی بی عرف داراں

Marfat.com

۱۹۷۳ء میں جون جولائی کی چھٹیاں تھیں کہ ۲۳ جولائی ۱۹۷۳ء کو سیلاب آیا۔ سیلاب بڑا زبردست تھا اور باباجی کو ان دنوں سخت بخار تھا ہمارے گاؤں کے اردگرد بھی پانی ہی پانی تھا۔ گاؤں کے بزرگ لوگ بمعہ امام مسجد کئی بار باباجی کے پاس حاضر ہوئے کہ باباجی دعا کریں۔ ہم سیلاب سے محفوظ رہیں۔ باباجی نے فرمایا کہ آپ فکر نہ کریں۔ انشاءاللہ آپ پانی سے محفوظ رہیں گے۔ مگر تھوڑی بہت کوشش کرتے رہیں اور بند باندھتے جائیں۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ایسا ہی ہوا۔ اس وقت راوی بنیو پل شاہدرہ زیر تعمیر تھا۔ بہت سے مقامات سے بھی بہت نقصان ہوا۔ نیز مختلف جگہوں سے مختلف نقصانات کی خبریں آئیں مگر اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ہمارا گاؤں ہر لحاظ سے محفوظ رہا۔ یہاں پر کوئی جانی نقصان نہ ہوا اور مالی بھی۔ کیونکہ سب مکان بھی بچ گئے تھے۔ اور یہ سب کام اللہ تعالیٰ کی رحمت سے اور بابا محمد شفیق رح صاحب کی دعاؤں ہی سے ہوا تھا۔ سیلاب اتر جانے کے بعد باباجی نے فرمایا کہ چار پانچ کلو گڑ والے چاول پکا کر بانٹیں۔

اس سال ۱۵ اگست ۱۹۷۳ء کو سیلاب اتر چکا تھا اور ندی نالوں میں پانی موجود تھا۔ اس وقت ہمارا کھوہ (کنواں) دریا کی نذر ہو چکا تھا اور ہماری کھیتی باڑی موجودہ موٹروے کے پاس فیض پورخورد والی زمین تھی زمین کے اور ڈیرہ فضل دین کے اردگرد دریائے راوی کی پرانی گزرگاہ ہے۔ جو ڈیرہ سیٹھاں کے پاس سے بھی گزری ہے۔ ہماری بھینسیں ٹیوب ویل پر تھیں اور میں اپنے بھائی غلام رسول کے لئے کھانا لے کر گھر سے نکلا تو ڈیرہ حوالداروں کے پاس سے میں نے دریا کی پرانی گزرگاہ پار کرنا تھی

Marfat.com

تقریباً جس میں ۱½ ایکڑ رقبہ پر پانی ہی پانی تھا اور کچھ پانی چھ سات فٹ گہرا بھی تھا۔ جب اُس پانی میں داخل ہوا تو بڑے زور سے شور کی آواز سنائی دی اتنی دیر تک میں نصف سے زیادہ پانی سے گزر چکا تھا اور اس پانی کی گہرائی تقریباً پانچ فٹ تھی۔ جہاں میں پہنچ چکا تھا۔ زیادہ گہرا پانی تو آگے تھا اور وہ شور میرے بالکل نزدیک آ گیا۔ میں نے دیکھا کہ وہ ایک بہت بڑا سانپ تھا۔ جو بہت زور شور سے میری طرف بڑھ رہا تھا۔ میری آدھی جان سانپ دیکھ کر نکل چکی تھی۔ خیر اللہ تعالیٰ نے بزرگوں کی دعا کا صدقہ مجھے ہمت دی اور میں واپس مڑ کر چلنے لگا۔ پیچھے پانی چھوٹا تھا اللہ تعالیٰ کی رحمت سے جب میں دریا کی گزرگاہ سے باہر نکلا تو پیچھے جھانک کر دیکھا کہ وہ شور مجھ سے بہت زیادہ دُور جا چکا تھا میں وہاں بیٹھ گیا۔ گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ گزرنے کے بعد مجھ میں ہمت آئی تو میں نے دوبارہ پانی پار کیا۔ بھائی کو کھانا دیا۔ وہاں سے دودھ لے کر واپس چل دیا پھر پانی سے گزر کر گھر پہنچا تو مجھے بخار ہو گیا تھا۔ کیونکہ میں نے بڑے بڑے سانپ دیکھے تھے مگر اتنا بڑا سانپ زندگی میں آج تک نہ دیکھا تھا۔ اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے۔ کہ وہ سانپ تھا کہ کوئی اور آفت تھی۔

بابا جی مسجد میں جا چکے تھے۔ نماز ظہر ادا کرنے۔ جب واپس آئے تو مجھے رضائی میں دیکھ کر خوب ہنسے اور فرمانے لگے۔ بچے میاں! کوئی بات نہیں تم تو ویسے ہی گھبرا گئے ہو وہ تو اُسی وقت آپ سے دُور چلا گیا تھا۔ یعنی وہ سانپ مجھ سے دُور اُنہی کی دعاؤں سے گیا تھا۔

وقت گزرتا گیا۔ ۱۹۷۵ء میں بابا سائیں بندوق صاحبؒ کی قبر مبارک

Marfat.com

دریائے راوی کے بالکل کنارے پر پہنچ گئی - اور دریا روز بروز کٹائی کر رہا تھا - بابا بندوق سائیں سرکار کو امانتاً یہاں دفن کیا گیا تھا - بابا ظفر سائیں صاحبزادہ بابا بندوق سائیں نے کچھ لوگوں کو کہا کہ باباجی کے صندوق کو قبر مبارک سے نکالیں - مگر وہ لوگ بضد تھے کہ جب تک بابا صوفی محمد شفیق صاحب اجازت نہ دیں - بلکہ قبر کی پہلی اینٹ نہ نکالیں ہم کچھ نہ کریں گے - ان میں مستری عبدالحنان، عبدالمجید، محمد صدیق وغیرہ شامل تھے - ان سب لوگوں نے بابا محمد شفیق صاحب سے یہ سب ماجرا کہہ سنایا - تو باباجی بعد نماز عشاء مجھے ساتھ لے کر قبر مبارک پر گئے اور مجھے حکم دیا کہ یہاں چھینی رکھ کر چوٹ لگا دیں اور اینٹ نکالو - میں نے ایسا ہی کیا - باباجی میرے ساتھ کھڑے رہے نشاندہی کرنے کے بعد سب لوگوں نے مل کر وہ قبر کھولی اور صندوق نکالا اور گاؤں میں لے گئے - اس کے بعد باباجی کو شاہدرہ ٹاؤن کے شمال کی طرف اور ڈھیر گاؤں کی جنوب کی جانب مجید پارک کے ساتھ دفن کیا گیا اور ماشاءاللہ اُن کا مزار مبارک موجود ہے -

بابا سائیں بندوق صاحب ایک درویش منش فقیر تھے اور سادی زندگی اخوت وعقیدت کا پیغام لوگوں کو دیتے رہے - نیز بابا صوفی محمد شفیق رح نے سب لوگوں کا خوف وہراس دُور کر دیا اور فرمایا کہ نیک لوگوں کی قبر میں بھی اللہ کی رحمت ہوتی ہے یہ ویسے بھی امانتاً دفن ہیں -

جولائی ۱۹۷۶ء میں ہم سب گھر والے یہاں آ گئے - آتے ہی بھینسیں وغیرہ باباجان محمد شیرے کا کے گھر باندھیں اور خود عبدالغنی کے گھر رہے - سیلاب کے بعد یہ مکان شروع کیا - اس میں مٹی ڈالی اور دو کمرے پہلے تعمیر کیے - جو جانب شمال ہیں - اس کے بعد بھینسوں کے لیے ایک ڈھارا بنایا -

Marfat.com

اُس سال ایسا ہی ہوا - اگلے سال جو کمرہ اب بابا جی کا ہے - یہ بھینسوں کے لئے تعمیر کیا اور ۱۹۷۷ء میں میری شادی کے لئے حسن دین گھچہ فیض پور خورد کے گھر بات چلنے لگی - بذریعہ عبدالرحیم حجام آخر رشتہ طے ہو گیا - جب رشتہ طے ہو گیا تو کافی لوگوں نے میرے والد اور بابا جی کو کہا کہ آپ نے یہ کیا کیا ہے کہ اتنے بڑے خاندان میں بچے کی منگنی کر دی ہے تو بابا جی کہتے ہم نے جو کچھ کیا ہے وہ ٹھیک کیا ہے - اب شادی کی تیاریاں شروع تھیں اور ایک کمرے کی مزید ضرورت بھی تھی - میری شادی سے پہلے ہمارے گھر میں ایک طرف کانوں (نرسلوں) کا کمانہ تھا - رب تعالیٰ نے پیسے دیئے تو شمال والا کمرہ تعمیر کیا - اور گرد کی دیوار بنائی - اور ۲۹ نومبر ۱۹۷۸ء کو میری شادی ہو گئی -

ہمارے عزیز و اقارب بھی اس تاڑ میں تھے کہ ان کے گھر کب تماشہ لگتا ہے کیونکہ گھچہ فیملی لڑائی جھگڑے میں مشہور ہے - مگر اللہ تعالیٰ کی رحمت اور بابا جی کی دعا سے ایسا نہ ہوا - بلکہ میری بیوی آج تک کسی سے لڑی تک نہیں اور میرے والد اور بابا جی کی اتنی خدمت کی ہے کہ سگی اولاد نے بھی نہ کی ہے - یہ بابا جی کی دعاؤں کا صدقہ ہے -

اور اب دونوں طرف کمروں کی چھت اُونچی تھی اور بابا جی نے جو کمرہ لیا تھا - وہ پہلے مویشیوں کے لئے تھا - اس کی چھت نیچی تھی اور کچی تھی - اُس میں چوہے بھی بہت تھے - بابا جی فرمانے لگے کہ اب تو چوہے بہت ہو گئے ہیں حسین میاں اس کمرے کو بھی ٹھیک کرواؤ - وہ کمرہ دوبارہ تعمیر کیا گیا اور اس پر چھت گارڈر اور آئرن کی ڈالی گئی - بابا جی بہت خوش ہوئے اور جب کبھی مکان گرا کر بنانے کا نام لیا جاتا تو بابا جی فرماتے کہ میرے کمرے کی چھت ویسے ہی اُونچی کر دینا - یہ چھت نہ بدلیں - باقی کمروں میں جو

Marfat.com

مرضی کریں۔ اور اب تک اُن کا جواب یہی تھا اور اُن کا کمرہ اب بھی اُنہی کے استعمال میں ہے۔ بابا جی کا کوئی خاص الخاص مہمان آجاتے تو وہ شاید کبھی کبھار اس کمرے میں سو جائے یا کبھی میں سو جاؤں۔ ورنہ کوئی نہیں سوتا۔

ایک دفعہ بابا جی حسبِ معمول ٹیوب ویل سے عصر کی نماز کے بعد واپس آرہے تھے کہ بڑی زبردست آندھی آ گئی۔ اور ساتھ بارش بھی ہوئی اور بابا جی اپنے راستے سے بھٹک گئے۔ رات ہو گئی مگر بابا جی گھر نہ پہنچے۔ ہم تین چار آدمی تلاش میں نکلے۔ ادھر ادھر تلاش کیا مگر کوئی پتہ نہ چلا۔ رات ۹ بجے کے قریب چاندنی رات تھی۔ بادل چھٹ چکے تھے۔ دُور سے کوئی آدمی آتا دکھائی دیا میں اُسی طرف چل دیا تو وہ بابا جی ہی تھے۔ ہم گھر آئے۔ کپڑے بدلے انہوں نے اور ہم نے کھانا کھایا تو پھر اُن سے پوچھا کہ آپ کہاں چلے گئے تھے۔ فرمانے لگے بھائی! تجھے بھی کوئی علم نہیں ہے۔ جب رات ہو گئی تو میں نے دو رکعت نماز نفل پڑھے اور اللہ تعالےٰ سے راستہ دکھانے کی التجا کی۔ بس نماز کا پڑھنا تھا کہ ایک فرشتہ مجھے راستہ دکھانے کے لئے آگیا اور وہ مجھے راستے پر ڈال کر چلا گیا ہے۔ آگے آپ آ گئے تھے۔ اللہ تعالےٰ کے بندوں کے ساتھ ایسا بھی ہوتا ہے اور اللہ تعالےٰ خود ہی اپنے فرشتوں کے ذریعہ مدد فرماتا ہے۔

بابا جی پہلے کافی زیادہ بیمار تھے اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے اب کافی ٹھیک ہو گئے تھے۔ آٹھ دس دن وصال سے پہلے میں آپ کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ بابا جی فرمانے لگے کہ بھائی میں نے تو سوچا تھا کہ میں اب ٹھیک ہو گیا ہوں۔ مگر اب پھر میں بہت زیادہ بیمار ہونے والا ہوں۔ پتہ نہیں تم میری خدمت کرو یا نہ کرو۔ کہیں گھبرا نہ جانا۔

میں نے عرض کی۔ بابا جی انشاء اللہ میں اپنی بساط کے مطابق آپ کی خدمت

Marfat.com

کرتا رہوں گا اور انشاء اللہ گھبراؤں گا بھی نہیں ۔ اُس وقت میں یہ اشارہ سمجھ نہ پایا
چند دن بعد میں میں یہ اشارہ سمجھا تو باباجی سے عرض کی کہ آپ یہ کیا فرما رہے
ہیں تو ہنس کر فرمانے لگے ۔ ہاں اب رحلت کا وقت آ چکا ہے ۔ ۱۰ ربیع الاول
۲۲ نومبر ۱۹۸۵ء کو باباجی نے صبح تقریباً ۹ بجے رحلت فرمائی اور اللہ تعالیٰ کی
رحمت سے اپنی ڈیوٹی جو باباجی نے لگائی ہے ۔ سنبھالنے کی کوشش میں مصروف
ہوں ۔ اللہ تعالیٰ مجھے استقامت دے اور ساری زندگی یہ ڈیوٹی سرانجام
دیتا رہوں ۔

جب وصال ہوا تو مختلف لوگوں نے مختلف جگہوں پر باباجی کو دفن کرنے
کے لئے کہا مگر آخر میں فیصلہ یہاں پر ہوا ۔ جہاں اب اُن کا مزار ہے ۔ مزار
پہلے صرف قبر بنائی گئی اور ۱۹۸۶ء میں باباجی نے صوفی محمد شریف ملنگ کو خواب
میں کہا ۔ کہ میرے گھر والوں کو کہو کہ اب مجھے دھوپ بہت لگتی ہے ۔ یہاں کچھ بندوبست
کریں ۔ اُس سے پہلے میں بھی سوچ رہا تھا کہ مزار کی تعمیر کا سلسلہ شروع کیا جاوے
باباجی کے حکم کے مطابق اینٹیں وغیرہ منگوائی گئیں اور کسی اچھے مستری کی
تلاش ہونے لگی ۔ ایک مستری محمد شفیع جو پہلے نین سکھ میں رہتا تھا اور اب
شمع کالونی میں سکونت رکھتا ہے ۔ اس کو کہا کہ مزار کی تعمیر شروع کرے اس نے
کام شروع کیا ۔ جب اُسے کام کے متعلق کہا جاتا تو اُسے بہت غصہ آتا ۔ مزار
پہ لینٹر ڈالا جا چکا تھا اور مسجد کی چھت بھی ڈالی جا چکی تھی کہ مستری محمد شفیع
کام چھوڑ کر چلا گیا اس لئے کہ میرے والد احمد علی نے کام میں سستی کی شکایت
کی ۔ میں ہر روز شام کو اس کے گھر جاتا کہ مستری صاحب آکر کام کرو ۔ کیونکہ سیمنٹ
یہاں ابھی پڑا ہوا ہے وہ ختم کردو اور کام مکمل کردیں ۔ مستری مجھ سے ہر روز
وعدہ کرکے نہ آتا ۔ ایک دن باباجی کے مزار کے باہر کھڑے ہو کر میں نے مستری شفیع

Marfat.com

کی شکایت غصے میں باباجی سے کی۔ شکایت کرتا تھا کہ صبح دو مستری کام پر آگئے
میں نے پوچھا کیسے آئے ہو۔ انہوں نے کہا۔ کام کرنے کے لئے آئے ہیں اور مستری
شفیع نے کہا ہے کہ اگر آپ کو جوتے بھی ماریں تو پھر بھی آپ نے کام کرنا ہے
میرا دو دن کا کام کہیں اور ہے۔ میں وہ کر کے آؤں گا۔ تیسرے چوتھے دن مستری
شفیع کام پر آیا۔ گنبد اندر سے پلستر کر رہا تھا۔ میں نے کہا۔ اب دیکھ دکھا کر
ہی آیا ہے نا۔

وہ اوپر سے رونے لگا اور کہنے لگا تمہیں کیسے پتہ ہے۔ میں نے کہا۔ مجھے
کہنے والے نے بتایا ہے تو اس نے پھر واقعہ سنایا کہ اس رات میں سویا ہوا تھا
رات کا تقریباً ۱½، ۱½ کا وقت تھا کہ باباجی آگئے۔ باباجی نے مجھے جگایا اور
جگا کر کہا کہ تیرے دونوں ہاتھ اور ٹانگیں سوکھ جائیں گی۔ میں دیکھوں گا
تو کیسے کام کرتا ہے تو میرے بیٹے کو ستاتا ہے۔ حالت میں کہا اور چلے گئے
میں اٹھا اور اپنا تہہ بند ٹھیک کرنے لگا تو میرے دونوں ہاتھ کام نہ کر رہے تھے
گھنٹہ ڈیڑھ معافیاں مانگنے کے بعد میں کچھ ٹھیک ہوا۔ مسجد میں جا کر نہایا۔
قرآن پاک پڑھا اور نوافل ادا کئے اور خدا تعالیٰ سے معافی مانگی۔ صبح ہوتے ہی ان
دونوں مستریوں کے پاؤں پکڑے کہ بابا احمد علی جو کچھ کہے۔ وہ کام ختم کرنا ہے
مگر اس کے باوجود مسجد کا فرش مستری شفیع نے محراب کی طرف سے نیچا رہنے
دیا۔ جب بارش وغیرہ ہوتی تو پانی سیدھا محراب میں چلا جاتا۔ ایک دو کام اور بھی
خراب کیے۔ اس میں ایک بڑی خرابی یہ ہے کہ وہ والدین اور بزرگان دونوں کا
گستاخ ہے۔ جو آدمی ایسا ہوتا ہے اس کا خانہ خراب ہو جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی ذات اسے نیکی کرنے کی ہدایت دے اور بزرگوں
کی خدمت کرنے کی توفیق بھی عطا فرمائے۔ آمین

Marfat.com

کام ابھی باقی تھا کہ رقم ختم ہو گئی بلکہ مستری محمد شفیع کی مزدوری کے پیسے دینے تھے اس نے کافی تنگ کیا تو میں نے ایک دن حافظ فقیر محمد فرنیچر والا اڈہ جیا موسے والا کے پاس اپنی موٹر سائیکل نمبری ۶۲۹ ے ایل ایچ جی مبلغ دس ہزار آٹھ سو روپے میں بیچ دی۔ اور وہاں پر موٹر سائیکل کھڑی کر کے چلا گیا۔ اس نے کہا کہ کل رقم دے دیں گے۔ کچھ دیر کے بعد اُس کے پاس ایک آدمی آیا۔ اُس نے کہا کہ یہ موٹر سائیکل تو چوہدری غلام حسین سنگھاں کلاں والے کی ہے آپ کے پاس کیسے کھڑی ہے۔؟

حافظ فقیر محمد نے کہا کہ ہم نے موٹر سائیکل خرید لی ہے کل اُسے پیسے دینا ہیں۔ اُس آدمی نے کہا کہ غلام حسین نے مجھے بھیجا ہے کہ حافظ صاحب سے موٹر سائیکل لے آؤ۔ وہ شاہدرہ موڑ پر کسی کے پاس بیٹھا ہوا ہے۔ اُس آدمی نے موٹر سائیکل لی اور میرے پاس آ گیا۔ اُس نے موٹر سائیکل کی چابی مجھے دی اور کہا یہ موٹر سائیکل لو۔ انشاء اللہ کل آپ سے ملوں گا۔

وہ آدمی اگلے دن دس ہزار روپے اور اپنی بیوی کا زیور لے کر میرے دفتر میں آیا اور کہا۔ کہ یہ رقم اور زیور لے لو۔ اپنا کام چلاؤ۔ جب پیسے ہوں گے تو مجھے واپس کر دینا۔ میں نے دس ہزار روپے لے لئے اور زیور واپس کر دیا۔ یہ اس کی مہربانی سے میرا کام سنور گیا اور دس ہزار روپے ملے۔ وہ شخص موضع دینا ناتھ ٹھوکر کا رہنے والا ہے۔ اور عبدالرشید نام ہے۔ اس کو میں نے رقم کافی عرصہ بعد واپس کی اور یہ سارا کمال بابا صوفی محمد شفیق صاحب ہی کا تھا اس میں میری کوئی کارکردگی نہیں ہے۔

اِن دنوں ایک اور صاحب سے کچھ رقم لے کر مزار شریف پر خرچ کی اور اللہ تعالیٰ کی قدرت کہ اُس سال فصل بہت کم ہوئی۔ خرچہ بھی پورا نہ ہوا مگر جس آدمی نے رقم لینی تھی وہ دن رات چکر لگا رہا تھا۔ ایک دن میری بیوی

Marfat.com

نے مجھ سے پوچھا کہ یہ آدمی صبح و شام کیا لینے آتا ہے تو میں نے بتایا کہ یہ آدمی پیسے لینے آتا ہے ۔ اس سے ادھار لئے تھے اگلے دن صبح میری بیوی نے مجھے اپنا زیور اتار کر دیا وہ میں نے ایک سنار کے پاس بیچا اور شام کو اُس کو رقم واپس کر دی عورتوں کو زیور سے خاوند سے زیادہ پیار ہوتا ہے ۔ مگر میری بیوی پر باباجی کی نگاہ خاص تھی ۔ اُس نے خود مجھے زیور لا کر دیا کہ میرے خاوند کی قرض سے خلاصی ہو۔

جب مزار شریف شروع کیا تو میری برادری اور سارے گاؤں میں چہ میگوئیاں شروع ہو گئیں کہ یہ شخص باباصوفی محمد شفیقؒ کے مزار کو آمدن کا ذریعہ بنانا چاہتا ہے مزار بنا کر نوکری چھوڑ دے گا اور یہاں کی آمدن کو آرام سے بیٹھ کر کھائے گا مگر یہ خدائے تعالیٰ کی ذات پاک جانتی ہے یا خود صاحب مزار باباصوفی محمد شفیقؒ صاحب جانتے ہیں ۔ کہ حقیقت کیا ہے ۔ جو رقم خرچ ہوئی ہے کہاں سے آئی تھی اور اُدھار کہاں سے پورا ہوا ۔ میرے عزیز و اقارب اب تک یہی سمجھ رہے ہیں کہ یہ سب کچھ آمدن کا ذریعہ ہے ۔ یہی وجہ ہے محلے والے اگر حصہ لیتے ہیں ۔ جو ہال بن رہا ہے اور عزیزوں میں سے کوئی قریب تک نہ پھٹکتا ہے ۔ اللہ ان کو ہدایت فرمائے ۔

اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مزار پاک اور مسجد کا باقی ماندہ کام دو سال کے بعد مستری محمد یونس نے مکمل کر دیا ۔ فرش اور چھت وغیرہ اس نے پلستر کی اور نیک نیتی سے کام کیا تو اللہ تعالیٰ نے نیک بزرگ کا صدقہ اُسے اچھا صلہ دیا ۔ اب وہ خود یوسف پارک میں چھوٹے چھوٹے پلاٹ لے کر مکان تعمیر کر کے فروخت کرتا ہے اور بچوں کے لئے اچھی روزی کما رہا ہے بہرحال جو شخص بزرگوں کے پاس جتنی محبت سے آتا ہے اُن سے اتنا ہی زیادہ فیض لے کر جاتا ہے اور ماشاءاللہ یہ فیض باباصوفی محمد شفیق صاحبؒ بھی بانٹ رہے ہیں اور انشاءاللہ بانٹتے رہیں گے ۔

Marfat.com

۱۹۸۸ء میں میں نے اپنے ہمسائے محمد ابراہیم حسن بی بی وغیرہ سے کچھ رقبہ خریدا ابھی بیعانہ ہی کیا تھا - کہ فیض پور خورد کے ایک آدمی محمد جمیل کو پتہ چلا کہ اس زمین کا بیعانہ غلام حسین نے کر لیا ہے - کہ اس نے ۳۵۰/- روپے دے کر ۴۰۰۰ روپے کا زر بیعانہ نقد لکھوا لیا اور مالکان زمین کو ایسا ورغلایا کہ وہ مجھے زمین دینے سے منحرف ہو گئے - حالانکہ میرے پاس کھوہ مہراں والا پیراں کی ۱/۲ ۱ ایکڑ زمین تھی اور اس کو کاشت کر رہا تھا - خیر میں نے باباجی کے مزار پر دعا کی اور عرض کی کہ میری مدد کریں - باباجی کی دعاؤں سے میرا کام سیدھا ہو گیا - میں نے ان سے رجسٹریاں کروالیں تو دوسرا بیعانہ والا شخص میری زیر کاشت زمین پر قبضہ کرنے کے لئے تیار ہو گیا - خیر شروع ۱۹۹۰ء میں میرا اس زمین پر قبضہ رہا - اس کے بعد میں نے گاؤں کے ساتھ والی زمین پر قبضہ کر لیا اور وہ زمین مالکان کو چھوڑ دی - کیونکہ وہ شرارتوں سے باز نہ آ رہے تھے - اور کچھ زمین گھر کی حویلی میں سے بھی آئی جہاں اب ہال بن رہا ہے - اور ایک کمرہ ہے -

۱۹۹۱ء میں مجھے ایک کمرہ بنانے کی ضرورت پیش آئی - میں نے اینٹیں منگوا کر کمرہ کی تعمیر شروع کروا دی - دو دن بعد جمعہ تھا - مستری نے دو دن کام کیا - تیسرے دن جمعۃ المبارک کی چھٹی کی تو وہی آدمی جو جھگڑا چلا رہا تھا - کئی آدمیوں کو ساتھ لایا اور آ کر تعمیر ہونے والے کمرہ کی دیواریں گرا دیں - اس شرارت میں میرے گاؤں کے بڑے لوگوں کا بھی زیادہ ہاتھ تھا - یہاں تک کہ ایک حاجی نے مبلغ ۱۲۰۰/- روپے کمرہ گرانے والوں کو نقد خرچ کے لئے ادا کیا - کہ جیسا بھی ہو یہ غلام حسین کے پاس زمین اور حویلی نہ رہے -

فائرنگ کی گئی - میری بیوی اور میں گھر پر نہ تھے - میرے بچے سہم گئے میں ٹیوب ویل پر ایلچی کا باغ لگا رہا تھا - کچھ دیر بعد دیواریں گرانے کا علم ہوا -

Marfat.com

مگر میں نے سوچا کہ اب باغ لگا کر ہی جاؤں گا۔ اب میں کیا کر سکتا ہوں۔ خیر شام کو واپس آیا۔ آکر دیکھا۔ اُس پارٹی پر پرچہ کروادیا مگر وہ اسلحہ کی نمائش کرنے سے باز نہ آئے۔ آخر تفتیش ہوئی (باباجی کی دعا سے) رکاوٹ اور میں نے گرا ہوا کمرہ بنانے کی تیاری کر دی۔ باباجی کے مزار پر متواتر سات دن عرض کی۔ اس کے بعد اگلے دن حویلی بنانا شروع کی۔ ہمیں ہر پانچ منٹ بعد پتہ چلتا کہ بیس تیس مسلح آدمی کام روکنے کے لئے آرہے ہیں۔ مگر اللہ تعالیٰ کی رحمت اور باباجی کی مدد سے کوئی بھی ہماری تعمیر میں رکاوٹ نہ ڈال سکا۔ اور اُس وقت تقریباً سارا گاؤں میرے خلاف تھا۔ کیونکہ گاؤں کے تمام چوہدری اس زمین کے خواہاں تھے۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت اور باباجی کی دعا سے اب اُس جگہ میں ایک کمرہ تعمیر ہے۔ اور ایک برآمدہ تعمیر ہو رہا ہے اور ایک ہال ملحقہ دربار باباجی بھی زیر تعمیر ہے۔ اور زمین بھی میرے زیر کاشت ہے۔
نیز بوقت عرس وہ مہمانوں کے استعمال میں بھی آتی ہے یہ خاص اللہ تعالیٰ کی عنایت ہے۔ اس واقعہ میں میرے ایک بہت ہی قریبی عزیز کا زیادہ ہاتھ تھا جب مخالفین وہ کمرہ گرانے آئے تو اُس نے مخالفین کی ہمت بڑھائی اور کہا میں تمہارے ساتھ ہوں۔ غلام حسین اور اس کی بیوی گھر میں نہیں ہیں۔ صرف بچے گھر پہ ہیں۔ وہ تمہارا کیا کر سکتے ہیں۔ جلدی کرو اور کمرہ گرادو۔ بلکہ زمین پر بھی قبضہ کرلو۔ مگر وہ ایسا نہ کر سکے۔ باقی برادری بھی اندر سے بہت خوش تھی کہ اب اس کو اپنی پڑ گئی ہے مگر اُن کو میرے محسن حقیقت کے بارے میں علم نہ تھا۔ کہ وہ کیا کر رہے ہیں۔ وہ بھی بوقت قبضہ پریشان وحیران تھے کہ ایسی کونسی غیبی طاقت ہے۔ جو یہ کام کروا رہی ہے۔ اور غلام حسین نے ہم میں سے کسی کے ساتھ مشورہ تک نہ کیا ہے۔

Marfat.com

بروز بدھ ۷ رجون ۱۹۹۴ء میں میرے والد صاحب (احمد علی صاحب) انتقال فرما گئے۔ اُن دنوں میں کافی بیمار بھی تھا۔ خیر چہلم کے بعد اگست میں میرا تبادلہ سانگلہ ہل ضلع شیخوپورہ میں ہو گیا۔ ۹۵-۱۹۹۴ء کا سال میں وہاں پر ڈیوٹی دیتا رہا۔ ۱۹۹۵ء میں میری بیوی چھت سے گر گئی اور اس کا ایک موہرہ زخمی ہو گیا۔ اُن دنوں میں سانگلہ ہل میں ہی تعینات تھا۔ اُس دن چھٹی تھی۔ میں ٹیوب ویل پر گیا ہوا تھا۔ پتہ چلا کہ تیری بیوی گر گئی ہے اور حالت غیر ہے جب میں ٹیوب ویل سے گھر پہنچا تو چوہدری محمد حنیف ایڈووکیٹ کی بیوی میری بیوی (یعنی اپنی نند کو) کو ایک ہڈیاں جوڑنے والے آدمی کے پاس دھوکہ منڈی (منڈی فیض آباد) لے جا چکی تھی۔ میں بھی گاڑی لے کر وہاں پہنچ گیا۔ بیوی کو اُن کو دکھایا۔ تو انہوں نے کہا کہ اس کی دو پسلیاں ٹوٹ گئی ہیں۔ ٹھیک ہو جائے گی دو دن گھر پڑی رہنے کے باوجود یہ ذرا بھر بھی ٹھیک نہ ہوئی۔

میں نے اپنی بیوی کو گاڑی میں ڈالا۔ اس کا ایکسرے کروایا تو پتہ چلا کہ اس کا ایک موہرہ ٹوٹ چکا ہے۔ کوئی پسلی نہ ٹوٹی ہے۔ اس کا علاج کر رہے تھے۔ عرس کی تیاری کے لئے رنگ روغن دربار و مسجد پر شروع کروا دیا۔ میری بچیاں ابھی چھوٹی تھیں۔ میں نے اپنی ایک بھابی کو بلایا اور کہا کہ بھابی صاحبہ! ان دو آدمیوں کو دوپہر کا کھانا کھلانا ہے۔ کہ تو کھلا دے گی۔ وہ بڑی خوشی سے بولی کہ ہاں میں کھانا کھلا دوں گی اور خوشی سے کھلا دوں گی۔ کیونکہ یہ مزدور تو باباجی کے مہمان ہیں۔ رنگ کرنے والوں نے ایک بجے کھانا مانگنا شروع کر دیا۔ میرے بچے ½۲ بجے پھر ۳ بجے چچی کے گھر سے کھانا لینے گئے تو اُس نے بچوں کو کہا کہ ابھی کھانا تیار نہ ہے۔ آپ کے آدمیوں کو کیا جلدی پڑ گئی ہے۔ جب ہم خود کھانا کھائیں گے تو تمہارے آدمیوں کو بھی

Marfat.com

کھانا کھلادیں گے۔ اگر زیادہ جلدی ہے تو خود ہی پکالو۔ اس کے بعد میری بڑی بچی نے کھانا تیار کیا اور زنگ کرنے والوں کو کھلا دیا اور وہ فارغ ہو گئے ابھی شام ہی ہوئی تھی تو اُس کا بلڈ پریشر اتنا بڑھا کہ شریانیں پھٹنے کو آگئیں۔ ایک دو آدمی میرے پاس بھی آئے کہ فلاں خاتون بہت تنگ ہے اُس کے لئے دعا کریں۔ میں نے کہا۔ دعا کرنے والا جانے اور وعدہ کرنے والی جانے اب میں کیا کہہ سکتا ہوں۔

میں نے مزید کہا کہ اگر وہ کھانا لا کر کھلا دیتی تو ایسا کیوں ہوتا تو پھر وہ گلہ کر سکتی تھی۔ وہ خود وعدہ سے انحراف کر کے تنگی کو دعوت دے رہی ہے۔ کیونکہ بزرگان دین سے وعدہ کر کے اگر نہ نبھا سکے تو معافی مانگے۔ کہ اللہ تعالیٰ معاف فرمائے اور بزرگوں کی خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔ اصل میں جو وعدہ تھا۔ وہ مجھ سے نہ تھا۔ بلکہ صاحب مزار سے تھا۔

۹۵-۱۹۹۴ء میں میں سانگلہ ہل میں بطور ایکسائز انسپکٹر تعینات تھا۔ ایک دفعہ رات کو سانگلہ ہل سے تقریباً نو اور ساڑھے نو بجے اپنی گاڑی مارک I پر وہاں سے چل دیا۔ میرے ساتھ محمد لطیف مٹھا اور میرا سپاہی محمد اشرف تھے۔ جب سانگلہ ہل اور منڈی ڈھاباں سنگھ کے درمیان آئے تو کار کا پچھلا ٹائر معہ ڈرم اتر گیا۔ مگر گاڑی اور ہم کو کچھ نہ ہوا۔ حالانکہ اس وقت ہم بڑی تیزی سے آرہے تھے۔ وہ راستہ ہی اس قسم کا تھا کہ شام کے بعد لوگ سانگلہ ہل سے لے کر سچا سودا تک آتے خوف کھاتے ہیں۔ شام کے بعد کوئی آدمی سڑک پر آنا پسند نہ کرتا ہے۔ بلکہ کئی دفعہ لوگ دن کو ڈکیتی کا شکار ہو جاتے ہیں۔ مگر اللہ تعالےٰ کے فضل سے پورا سال رات کو اکثر لیٹ آنے کے باوجود راستے میں کسی نے ہماری طرف دیکھا تک نہیں۔ یہ

Marfat.com

یا بابا جی کی دعاؤں ہی کا کرم تھا - خیر میں دُور نکل گیا ہوں - جب گاڑی کا ٹائر اُترا تو سڑک پر کوئی آنے جانے والا نہ تھا - ٹائر کی بہت تلاش کی مگر ٹائر نہ مل سکا - اور نہ ہی ڈرم ملا - کیونکہ سڑک کے ساتھ جنگل تھا ٹائر وہاں ہی گم ہو گیا - ہم وہاں پہ تقریباً ۱½ گھنٹہ ٹائر تلاش کرتے رہے مگر نہ ملا - اس دوران دو تین گاڑیاں گزریں اور میرے ساتھی بہت گھبرائے کہ آج ہم سب لُٹ جائیں گے - لیکن میں نے انہیں حوصلہ دیا کہ بابا صوفی محمد شفیق صاحب ہمارے ساتھ ہیں - ہمارا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا - اور ایسا ہی ہوا - ایک آدھ گاڑی والے وہاں کھڑے بھی ہوئے مگر بخیر ہمیں بلائے اور کچھ کہے ہی چلے گئے - اللہ تعالیٰ کے فضل سے اور بابا جی کی دعاؤں سے ہمیں کچھ نہ کہا - آخر ٹائر اور ڈرم مل گیا - اُس دن ہم تقریباً ۲½ بجے گھر پہنچے -

ایک دن سانگلہ ہل میں ایک گوئیے اکرم راہی کا شو تھا - اور میری وہاں پر ڈیوٹی تھی - اُس شو کی بکنگ تقریباً ۱۲½ بجے رات بند ہوئی میں نے حساب کتاب کیا - تقریباً ٹیکس کے پیسے لئے - تقریباً ایک ڈیڑھ بجے کا ٹائم تھا - تو محمد لطیف مٹھا اور میں کار میں بیٹھ کر چل دیئے ابھی بازار سے نکل کر ہم نہر پہ آئے تھے کہ دیکھا - ڈاکو ٹرک اور گاڑیاں لُوٹ رہے ہیں - میں بھی پیچھے سے وہاں سے نکل رہا تھا - اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ہمیں کسی نے نہیں روکا کہ تم لوگ کون ہو - اِدھر آؤ یا نہ آؤ یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے اور بزرگوں کی نسبت ہی سے ہوا - ورنہ میں ناچیز کون ہوتا ہوں صاف بچ جانے والا - اللہ تعالیٰ کی رحمت سے اور بابا جی صوفی محمد شفیق رح صاحب کی دعاؤں سے مجھے اتنے فیوض اور

Marfat.com

اور برکات ملی ہیں اور مل رہی ہیں کہ میں بیان نہیں کر سکتا۔ اور کوئی نہ کوئی ایسا واقعہ اکثر و بیشتر پیش آتا ہی رہتا ہے۔

ایک دن ایسا ہوا کہ ہم سب گھر والے بیمار ہو گئے۔ ڈاکٹر سے تین چار دن دوائی کرتے رہے کہ اچانک کسی نے کہا کہ تم موراں والا گاؤں میں جاؤ اور میاں غلام رسول سے بتیاں لے کر آؤ۔ رات کو جلاؤ تو تم ٹھیک ہو جاؤ گے۔ میں موراں والا گاؤں میں گیا۔ میاں غلام رسول صاحب سے پہلا اُن سے اور اُن کے والد صاحب مرحوم میاں جان محمد سے بوجہ بابا جی پہلے ہی سے میل جول ہے۔ اور میاں صاحب اکثر عرس مبارک میں بھی تشریف لاتے ہیں۔ اُن سے میں نے آنے کا مقصد بیان کیا تو انہوں نے چار بتیاں بنا کر دیں اور ہر روز رات کو ایک بتی جلانے کے لئے کہا۔ اسی روز رات کو جب ہم سب گھر والے اکٹھے ہو کر بیٹھ گئے اور بتی جلائی جو کہ سب کے لئے تھی۔ اب بتی جلائی تھی کہ بابا صوفی محمد شفیق صاحبؒ خود تشریف لائے۔ حال احوال پوچھا اور ملنے کا طریقہ بتایا۔ اگلے دن جیسے بابا جی نے فرمایا تھا۔ عمل کیا تو بابا جی تشریف لے آئے۔ باتیں کیں۔ نصیحتیں بھی کیں۔ دَم کیا اور ہم سب گھر والے ٹھیک ہو گئے۔ انہوں نے حکم دیا۔ کہ غلام رسول یہاں آ جائے اور اس کو فلاں کمرہ دے دو۔ میں نے عرض کیا کہ حضورؒ! خود اس کو کہہ دیں تو زیادہ اچھا ہے۔ آپؒ نے فرمایا۔ ٹھیک ہے۔ کل اُس کو یہاں بلالیں۔ میں کہہ دوں گا۔ غلام رسول کو بلایا بابا جی تشریف لائے۔ اُس کو سمجھایا۔ یہاں سے وہ رضامند ہو کر چلا گیا۔ کہ میں بمعہ اہل و عیال یہاں پر آ جاؤں گا۔ نیز زیر تعمیر ہال کی بھی دیکھ بھال کروں گا۔ مگر اس کے بعد اس نے اس بات کو غلط رنگ

Marfat.com

دے دیا اور اب لوگوں کو کہتا ہے کہ غلام حسین کی بچی اپنی طرف سے باتیں بنا کر بتاتی ہے۔ اور جھوٹ بولتی ہے۔ ہمیں اس کی باتوں پر کوئی اعتبار نہ ہے۔ کیونکہ میری وہ بیٹی فخر یہ شفیق جس کا میں شروع میں ذکر کر چکا ہوں اس کے بارے میں بابا جی نے فرمایا ہے۔ کہ یہ میری بیٹی ہے میں نے اللہ تعالیٰ سے یہ مانگ کر لی ہے۔ اُس بیٹی کے ذریعے بات چیت کرتے ہیں۔

بابا جی نے پھر غلام رسول کو فرمایا کہ تم چھوٹے بچے لے کر آنا۔ میں اُن کے ذریعے آپ سے بات چیت کروں گا۔ مگر وہ جان بوجھ کر چھوٹے بچوں کو ساتھ نہ لائے اور اب تو وہ ناراض ہو کر کئی دن ہوئے چلے گئے ہیں اُس کے بعد نہیں آئے ہیں۔ بلکہ میرے اور بابا جی صوفی محمد شفیق صاحبؒ کے خلاف باتیں بناتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اُن کو ہدایت فرمائیں اور بزرگانِ دین سے محبت عطا فرمائیں۔

قصّہ مختصر یہ کہ اگر بابا جی صوفی محمد شفیقؒ صاحب کی کرامات و واقعات بیان کرنے جائیں تو یہ نہ ختم ہونے والا سلسلہ ہے۔ بہر حال بابا جی صوفی محمد شفیق صاحبؒ اپنے خاندان میں ایک نقش لاثانی ہیں۔ بچپن سے لے کر آخری زندگی تک کبھی جھوٹ نہ بولا۔ کسی سے فراڈ نہ کیا۔ اور دوسروں کو بھی جھوٹ فراڈ اور غیبت سے پرہیز کرنے کی تلقین فرمائی۔

آپ کو بچوں سے بہت زیادہ محبت تھی اور اب بھی ہے۔ بابا جی کا والدین کی طرف سے نام محمد شفیق ہے اور اُن میں شفقت کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی۔ آپ نماز روزہ کے بالکل پابند تھے اور دوسروں کو بھی تلقین فرماتے تھے۔ یہی درس اب ان کے مزار سے بھی عرس پر

Marfat.com

خصوصی طور پر دیا جاتا ہے اور بابا جی کی گفتگو بزبانی عبدالعزیز مغل خصوصی پروگرام رکھا جاتا ہے۔ جو انشاءاللہ جاری رہے گا۔

بابا جی صوفی محمد شفیق رح صاحب ایک صوفی باصفا اور صوفی باعمل تھے آپ کوئی نماز قضاء کر کے نہ پڑھتے بلکہ بیماری کی حالت میں اشاروں سے نماز ادا فرماتے۔ آپ ایک صحیح صاحب طریقت، صاحب حقیقت صاحب معرفت اور صاحب علم و فضل تھے۔ آپ بہت دھیمی آواز میں گفتگو فرماتے۔ آپ کو قرآن مجید فرقان حمید پر اتنا عبور حاصل تھا۔ کہ اگر کوئی کسی آیت کا ترجمہ پوچھتا تو فوراً ترجمہ سلیس اردو میں بتا دیتے تو پوچھنے والا بھی سمجھ جاتا۔ قرآن مجید پر عبور کیوں نہ ہوتا۔ چالیس سال میں قرآن مجید کا درس لیتے رہے اور چالیس سال کے بعد تعلیم مکمل ہونے پر یہاں ڈیوٹی پر تعیناتی ہوئے۔

بابا جی نے جس گنہ گار سیاہ کار پر ایک دفعہ نظر ڈالی اُسے کُندن بنا دیا۔ لکھنے کو تو اور بھی بہت کچھ ہے۔ مگر جو مناظر میرے سامنے ہیں میں وہ قلم کی نوک پر نہیں لا سکتا ہوں کیونکہ میں ایک ناتواں سا آدمی ہوں۔ اللہ تعالٰے مجھے بھی استقامت عطا فرمائے۔ آخر میں بابا جی کی پرہیزگاری کے متعلق چھوٹا سا واقعہ بیان کر کے اپنا بیان روکتا ہوں۔

"میں ایک روز بابا جیؒ کے ہمراہ ٹیوب ویل پر جا رہے تھے کہ راستہ میں کسی ایک کاشتکار کے رقبہ میں شیشم کا درخت آیا۔ میں نے شیشم کی ٹہنی توڑ کر مسواک بنالی اور ایک مسواک بابا جی کے واسطے۔ جب میں نے بابا جی کو مسواک پیش کی تو انہوں نے فرمایا کہ آپ نے اچھا نہیں کیا۔ بغیر اجازت کے کسی کے درخت سے مسواک کے لئے ٹہنی کیوں توڑی۔ لہٰذا یہ مسواک اُسی درخت کے نیچے رکھ آؤ۔"

Marfat.com

انتقال سے کچھ دن پہلے میری اہلیہ نے مجھے کہا۔ کہ باباجی کی طبیعت دن بدن کمزور ہوتی جا رہی ہے۔ اگر اس ڈاکٹر کی دوائی سے کچھ آفاقہ نہیں ہو رہا۔ تو باباجی کو کسی اور ڈاکٹر کے پاس لے چلیں۔ باباجی نے ہماری یہ سرگوشی سن لی۔ اور مسکرا کر فرمایا۔ کہ ۱۰ ربیع الاول کو ایک ایسے سپیشلسٹ ڈاکٹر کے پاس چلیں گے۔ جو بڑا ہی حاذق اور دانا ہے۔ لہٰذا ہمیں اشارتاً باباجی کے عارفانہ جملے میں حقیقت نظر آ رہی تھی۔ مگر ہم ان کے اس جواب پر خاموش رہے۔ اور آپ ۱۰ ربیع الاول کو رحلت کر گئے

انا للہ و انا الیہ راجعون

Marfat.com

عوام کا ترجمان ۔ باقاعدہ تصدیق شدہ ایک مکمل اخبار ABC

ہفت روزہ

# صدائے امن

ڈسکہ

رجسٹرڈ ایل نمبر: ۸۵۷۵

فون: ۵۴۴۴

چیف ایڈیٹر:۔ مرزا محمد یوسف ڈسکوی

شمارہ نمبر 27 | 16 تا 23 جولائی 1997ء قیمت 3 روپے | جلد نمبر 8

## بارھواں سالانہ عرس

سگھاں کلاں (نمائندہ صدائے امن) حضرت حاجی صوفی محمد شفیق المعروف بابا غلام حسین کا بارھواں سالانہ عرس مورخہ 9، 10 ربیع الاول بمطابق پندرہ اور سولہ جولائی بروز منگل بدھ بمقام سگیاں کلاں میں منایا جا رہا ہے۔ جس میں علماء کرام اپنی تقاریر میں صوفیائی کرام کی زندگی پر روشنی ڈالیں گے۔ اس کے محفل شبینہ ہوگی

Marfat.com

# بابا جی کا حلقہ احباب



فلمسٹار گلوکار عنایت حسین بھٹی لاہور



مرحوم چوہدری محمد صدیق سابقہ چیف سیکرٹری پنجاب



میاں محمد ادریس ایڈمن آفیسر یونیورسٹی
آف پنجاب لاہور



مرزا عبد العزیز مُغل ریٹائرڈ ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب



احبزادہ چوہدری غلام حسین انسپکٹر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن
یب آستانہ عالیہ حضرت بابا صوفی محمد شفیق بغدادی رح



فقیر اثر انصاری فیض پوری

Marfat.com

# باباجی کا حلقہ احباب



فلمسٹار گلوکار عنایت حسین بھٹی لاہور



مرحوم چوہدری محمد صدیق سابقہ چیف سیکرٹری پنجاب



میاں محمد ادریس ایڈمن آفیسر یونیورسٹی
آف پنجاب لاہور



مرزا عبدالعزیز مغل ریٹائرڈ ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب



احبزادہ چوہدری غلام حسین انسپکٹر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن
یب آستانہ عالیہ حضرت بابا صوفی محمد شفیق بغدادی رحؒ



فقیر اثر انصاری فیض پوری

Marfat.com